حاضر ہوا کرتین اور اسی مین ترجمہ باب کی مطابقت ہے **حدثنا** عبد اللہ بن یوسف قال اخبرنا
مالک عن یحیی بن سعید عن عمرۃ عن عائشۃ قالت لو ادرک رسول اللہ صلی اللہ علیہ و
سلم ما احدثت النساء لمنعھن المسجد کما منعت نساء بنی اسرائیل فقلت لعمرۃ او منعن
قالت نعم یحیی بن سعید انصاری عمرہ بنت عبد الرحمن سے روایت کرتی ہین وہ ام المومنین عائشہ صدیقہ رضہ
سے کہ عائشہ رضہ نے فرمایا اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پاتے (یعنے دیکھتے) جو عورتون نے شروع
کیا (عمدہ لباس پہننا اور زیور لگانا اور خوشبو لگانا جو شہوت کی طرف بلانے والی چیزین ہین) تو ضرور عورتون
کو (مسجدون مین آنے سے) روکتے جیسے بنی اسرائیل کی عورتین روکی گئین یحیی بن سعید نے کہا مینے
عمرہ عبد الرحمن کی بیٹی سے پوچھا آیا بنی اسرائیل کی عورتون کو مسجدون مین آنے سے روکا گیا تو عمرہ عبد
الرحمن کی بیٹی نے کہا ہان بنی اسرائیل کی عورتین مسجدون مین آنے سے روکی گئین **ف** ظاہر تو یہ ہے کہ بنی اسرائیل
کی عورتون کے مسجدون سے روکے جانے کی خبر عمرہ عبد الرحمن کی بیٹی نے ام المومنین عائشہ صدیقہ رضہ سے اخذ
کی ہے یا کسی اور سے سنا ہوگا اور بنی اسرائیل کی عورتون کا مسجدون مین آنے سے روکا جانا عروہ کی حدیث سے
ثابت ہوا ہے جسکو وہ ام المومنین عائشہ صدیقہ رضہ سے موقوفا روایت کرتی ہین کہ ام المومنین رضہ نے فرمایا

بنی اسرائیل کی عورتون نے لکڑی کے پاؤن بنا کے [illegible]
تعالی نے انپر مسجدون کو حرام کر دیا اور انپر حیض کو مسلط کر دیا اس کو عبدالرزاق نے [illegible]
اور یہ اثر اگرچہ ام المومنین عائشہ صدیقہ رضہ پر موقوف ہے لیکن مرفوع کے حکم مین ہے کیونکہ اسکی مثل رای سے نہین کہا جاتا
(قسطلانی) حافظ نے کہا اور عبدالرزاق نے بھی صحیح اسناد کے ساتھ عبداللہ بن مسعود رضہ سے اسکی مثل روایت کی
اسحدیث کیطرف کتاب الحیض کے ابتدا مین اشارہ کیا (ف) **باب** صلوٰۃ النساء خلف الرجال عورتون کا
مردون کی صفون کے پیچھے نماز پڑھنا **ف** حافظ نے کہا مولف رح نے اسباب مین ام سلمہ رضہ کی حدیث کو بیان کیا
مین سلام کے بعد مردون کے ٹھیرنیکا ذکر ہے اور اسحدیث پر کلام گذر چکی ابواب الصفوف کے آخر مین فائدہ ۱۲
انس رضہ کے قول فقمت ویتیم خلفہ مین کو فیون کے مذہب کا شاہد ہے انکا یہ مذہب ہے کہ ضمیر مرفوع متصل پر تاکید کے
سوا عطف جائز ہے **حدثنا** یحیی بن قزعۃ قال حدثنا ابراھیم بن سعد عن الزھری عن
ھند بنت الحارث عن ام سلمۃ قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا سلم قام النساء
حین یقضی تسلیمہ ویمکث ھو فی مقامہ یسیرا قبل ان یقوم قال نری واللہ اعلم ان ذلک
کان لکی تنصرف النساء قبل ان یدرکھن من الرجال ام المومنین ام سلمہ رضہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جب نماز کا سلام پھیرتے تو عورتین اٹھ جاتین جب آپ سلام پورا کرتے اور آپ اپنی جگہ
مین تھوڑا سا ٹھیرے رہتے اس سے پہلے کہ آپ اٹھین زہری نے کہا ہم خیال کرتے ہین اور اللہ خوب جانتا ہے
کہ یہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تھوڑا سا ٹھیرنا اسواسطے تھا کہ عورتین پہلے چلی جاوین اس سے پہلے کہ انکو مرد پائین
ف اور حدیث کی مطابقت ترجمہ باب کے ساتھ اسطرح ہے کہ اگر عورتون کی صفین مردون کی صفون کے آگے
ہوتین یا کسی صف کے آگے اور کسی کے پیچھے ہوتین تو ضرور انکے پھرنے کے وقت مردون کی نظر انپر پڑتی (قسطلانی)
حدثنا ابونعیم قال حدثنا ابن عیینۃ عن اسحق عن انس قال صلی النبی صلی اللہ علیہ
وسلم فی بیت ام سلیم فقمت ویتیم خلفہ وام سلیم خلفنا انس بن مالک رضہ سے روایت ہے کہ رسول
اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ام سلیم کے گھر مین نماز پڑھی تو مین اور یتیم (جسکا نام ضمیرہ تھا) آپکے پیچھے کھڑے
ہوئے اور ام سلیم رضہ ہمارے پیچھے کھڑی ہوئین **ف** اسی پہلی جملہ مین ترجمہ باب کی مناسبت و مطابقت ہے
اسلیے کہ ام سلیم نے مردون کی صف کے پیچھے نماز پڑھی اور وہ مرد انس اور انکے یہ ہی ضمیرہ تھے رضوان اللہ علیہم اجمعین
باب مرعاۃ انصراف النساء من الصبح وقلۃ مقامھن فی المسجد صبح کی نماز پڑھکر عورتون کا

موصول کیا ہے
حدثنا ہے (ابن عساکر و فارسی کا)
فکبر بالتکبیر حین رفع رأسه من
رأیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یفعل مثل ما
(ابن) مالک الانصاری رضی خدری) نے (مدینہ میں)
سجدہ کیا اور جب (دوسرے) سجدہ سے سر اٹھایا اور جب
جملہ میں حدیث کی باب سے مطابقت ہے **ف** اور
ہوئی **ف** کہا قسطلانی نے ارشاد الساری میں کہ
والوں سے متفرد ہے یعنی اس حدیث کو صحاح ستہ والوں میں سے
حجر نے فتح الباری میں کہ اسمعیلی نے اپنی روایت میں یونس بن محمد کے
لفظ یہ ہیں کہ ابو ہریرہ رضی بیمار ہوئی یا وہاں سے
کیا آخر حدیث تک اور اسمعیلی نے حدیث کی آخر میں یہ بھی زیادہ کیا
نماز میں لوگ آپ کے مخالف ہیں تو ابو سعید منبر کے پاس کھڑے ہوئے
اسبات کی کہ تمہاری نماز (میری نماز کے) مخالف ہے
پڑھتے ہوئے دیکھا اور مجھے معلوم ہوتا ہے کہ
وغیرہ بنو امیہ میں سے تکبیر
عنہ مروان کی حکومت میں مدینہ کے
کہتے جیسا موطا سے گذر چکا اور جو بات بالعموم
اکبر کہتے وہ اسپر محمول ہوگا کہ
قال حدثنا غیلان
ابیہ رضی اللہ عنہ
عمران
قال

Marfat.com

...ہروں میں چلا جانا اور مسجد میں بہت کم ٹھیرنا **ف** حافظ نے کہا مؤلف رح نے صبح کے ساتھ اسلیے ...صبح کے بعد تاخیر کرنے میں اسفار ہونیکا خوف ہے تو اس نماز میں جلدی واپس جانا مناسب ہے بخلاف عشا کی ...کہ بعد زیادہ اندھیرا ہی ہوگا تو عشا کے بعد ٹھیرنا مضر نہیں ہے **حدثنا** یحیی بن موسی ...ثنا سعید بن منصور قال حدثنا فلیح عن عبد الرحمن بن القاسم عن ابیہ عن عائشۃ ...رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یصلی الصبح بغلس فینصرف نساء المومنین لا یعرفن ...بغلس او لا یعرف بعضھن بعضا ام المومنین عائشہ رضہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ...کی نماز اندھیرے منہ پڑھتے تھے پھر مسلمانوں کی بی بیان (نماز پڑھکر اپنے گھروں میں) چلی جاتیں بسبب ...اندھیرے منہ ہونیکے پہچانی نہ جاتیں یا ان میں سے بعض بعض کو نہ پہچانتی (راوی کو شک ہے) حافظ نے کہا ...اس حدیث پر ابواب المواقیت میں کلام گذر چکی **باب** استیذان المرءۃ زوجھا بالخروج الی المسجد ...عورت کا اپنے خاوند سے مسجد کیطرف جانے کے لیے اجازت مانگنا **ف** حافظ نے کہا بخاری رح نے اسباب میں ...عمر رضی اللہ تعالے عنہما کی حدیث کو بیان کیا اور اس پر عنقریب ہی کلام گذر چکی لیکن یہاں بخاری رح نے اسکی ...حدیث کو یزید بن رفیع کے طریق سے بیان کیا معمر سے اور اس حدیث میں مسجد کی قید کا بیان نہیں ہے ہاں ...ابو اسماعیلی نے اس وجہ سے نکالا جس میں مسجد کا ذکر ہے اور ایسا ہی اسکو امام احمد نے نکالا عبد الاعلے سے اور سنی معمر سے ...اس میں ایک زیادت بیان کی جو انشاء اللہ تعالے آویگی اور ترجمہ کا مقتضا یہ ہے کہ عورتوں کے لیے نکلنے کا جو ...خاوند کی اجازت کا محتاج ہے اور اسکی بحث بھی گذر چکی واللہ المستعان **حدثنا** مسدد قال حدثنا یزید ...بن زریع عن معمر عن الزھری عن سالم بن عبد اللہ عن ابیہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ...اذا استاذنت امراۃ احدکم فلا یمنعھا عبد اللہ بن عمر رضہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ ...وسلم نے فرمایا جب ایک تمہاری عورت (مسجد میں جانے کی) اجازت مانگے تو اسکو جانے سے نہ روکے

تمہ صفت صلوۃ کے ابواب میں یہانتک ایکسو اسی مرفوع حدیثیں بیان ہوئیں جن میں سے اڑتیس حدیثیں ...معلق ہیں اور باقی موصول ہیں اور مکرر حدیثیں ایکسو پانچ ہیں اور وہ سب معلق ہیں مگر بہتر موصول ہیں اور خالص ...مکرر بہتر ہیں اور ان میں سے تین معلق ہیں اور ان سب حدیثوں کو امام مسلم نے نکالا سوا تیرہ حدیثوں کے ...جن میں ابن عمر رضی اللہ تعالے عنہما کی حدیث دو رکعتوں سے اٹھتے وقت فصل دینے کی بیان ہیں اور انس رضہ ...کی نماز میں نظر اٹھانیکے منع ہونے میں اور عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا کی حدیث التفات کے شیطان کے

اچک ہونیمیں زید بن ثابت کی حدیث مرفوع ہیں حدیث اعرابی بدو
احد پڑھنے میں اور یہ حدیث معلق ہے اور ابوبکرہ کی حدیث رکوع کرنے میں منفرد
امام کی تسمیع اور تحمید کے جمع کرنے میں اور رفاعہ کی حدیث اعتدال میں اور ابو سعید
آواز سے کہنے میں اور ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی حدیث تشہد کے بیٹھنے میں اور ام سلمہ رضی
عورتوں کے جلدی جانے میں اور ابوہریرہ کی حدیث کہ امام جہاں فرض نماز پڑھے وہاں نفل نماز
بھی معلق ہے اور عقبہ بن حارث کی حدیث سونے کی ڈلی بانٹنے میں اور ان ابواب میں صحابہ اور تابعین کے
ان میں سے تین موصول ہیں اور وہ ابو یزید عمرو بن سلمہ کی حدیث ہے موافیت میں اور ابن عمر رضی
نماز پڑھنے میں اسکو مؤلف رح نے ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی دو حدیثوں کے درمیان بیان کیا پہلی حدیث
تشہد میں بیٹھنے کے طریق کا بیان ہے اور دوسری حدیث میں فرض نماز کی جگہ نفل نماز پڑھنے کا بیان
باقی تین معلق ہیں واللہ اعلم بالصواب الیہ المرجع والمآب سبحان ربک رب العزۃ عما یصفون
وسلام علی المرسلین والحمد للہ رب العلمین **ان ابواب کے متعلق وہ حدیثیں**
امام بخاری علیہ الرحمۃ نے نہیں نکالا ایسی بہت حدیثیں اور اپنے اپنے باب میں مذکور ہیں
باقی جہاں تک بہکو سرسری نظر سے مل سکیں وہ یہ ہیں (۱) امام مسلم نے عائشہ رضہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ
نماز کو تکبیر (تحریمہ) سے شروع کرتے تھے اور قرأت کو الحمد للہ رب العالمین سے اور جب رکوع فرماتے تو نہ اپنا سر
کرتے اور نہ نیچا اور اسکے درمیان رکھتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے نہ سجدہ کرتے جب تک سیدھے ہو کر کھڑے
اور جب سجدہ سے سر اٹھاتے تو (دوسرا) سجدہ نہ کرتے جب تک برابر ہو کر بیٹھ نہ لیتے اور بائیں پاؤں
بچھاتے اور دہنا پاؤں کھڑا کرتے اور شیطان کی طرح بیٹھنے سے منع فرماتے **ف** شیطان
اسطرح ہے کہ اپنے چوتڑوں کو زمین پر رکھے اور اپنے گھٹنوں کو کھڑا کرے اسکو عربی میں اقعاء کہتے ہیں
فرماتے ہیں سے کہ مرد بچھاوے اپنے دونو بازو درندے کی طرح اور نماز کو تسلیم کے ساتھ ختم کرتے
بن حجر رضہ سے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا آپ نے اپنے دونو ہاتھ
(تحریمہ) کہی پھر اپنے کپڑے کی بکل ماری پھر اپنا داہنا ہاتھ (اپنے) بائیں
سے نکالی پھر انکو اٹھایا اور تکبیر کہی پھر رکوع کیا پھر جب سمع اللہ لمن حمدہ کہا ہاتھ اٹھائے
ہاتھوں کے درمیان سجدہ کیا (۲) امام مسلم نے جابر رضہ سے

ساعدی (۲) ابوداؤد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے ابو حمید ساعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہ انہوں نے فرمایا اور رسول اللہ
علیہ وسلم کے دس صحابہ موجود تھے میں تم سب سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نماز کو زیادہ جانتا ہوں وہ بولے
سے بلا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب نماز کے لیے کھڑے ہوتے دونوں ہاتھ اٹھاتے یہاں تک کہ ان دونوں کو اپنے
دونوں کے برابر کرتے پھر تکبیر (تحریمہ) کہتے پھر پڑھتے پھر تکبیر کہتے اور دونوں ہاتھ اٹھاتے یہاں تک کہ دونوں ہاتھ مونڈھوں
کرتے پھر رکوع کرتے اور (دونوں ہاتھوں کے) دونوں ہتھیلے اپنے دونوں گھٹنوں پر رکھتے پھر برابری کرتے نہ سر اونچا
نیچا کرتے پھر سر اٹھاتے پھر فرماتے سمع اللہ لمن حمدہ پھر دونوں ہاتھ اٹھاتے یہاں تک کہ دونوں ہاتھ دونوں مونڈھوں کے برابر
سیدھے اور برابر کھڑے ہو جاتے پھر فرماتے اللہ اکبر پھر زمین کی طرف سجدہ کے لیے جھکتے اور اپنے دونوں بازوؤں کو دونوں
پہلوؤں سے جدا رکھتے اور دونوں پاؤں کی انگلیاں کھولتے پھر سر اٹھاتے اور اپنا بایاں پاؤں دوہرا کرتے اور پھر بیٹھتے
یہاں تک پھر برابر ہو کر بیٹھتے یہاں تک کہ ہر ہڈی اپنی اپنی جگہ میں آجائے اعتدال کی حالت میں پھر سجدہ کرتے پھر فرماتے اللہ
اکبر (سجدہ سے) سر اٹھاتے اور اپنا بایاں پاؤں بچھاتے اور پھر بیٹھتے پھر برابر ہو کر بیٹھتے تاکہ ہر ہڈی اپنی اپنی جگہ
میں اعتدال کی حالت میں پھر سجدہ کرتے پھر اوٹھتے پھر دوسری رکعت میں بھی ایسا ہی کرتے پھر جب دو رکعتوں سے
اللہ اکبر کہتے اور دونوں ہاتھ اٹھاتے یہاں تک کہ ان دونوں کو مونڈھوں کے برابر کرتے جیسے تکبیر تحریمہ کے وقت
کرتے پھر اپنی ساری نمازمیں ایسا ہی کرتے یہاں تک کہ جب قعدہ ہوتا جس میں تسلیم ہوتا ہے تو بایاں پاؤں باہر نکالتے
اپنے جانب) اور اپنے بائیں ران پر بیٹھتے پھر سلام پھیرتے وہ سب کے سب بولے تو نے سچ کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم ایسا ہی نماز پڑھا کرتے ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابوداؤد کی ایک روایت میں ہے اسی ابو
ساعدی رضی اللہ عنہ سے پھر رکوع کرتے پھر اپنے دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھتے گویا آپ نے ان دونوں کو پکڑا ہے اور اپنے
دونوں ہاتھ کمان کی طرح بناتے اور انکو اپنے دونوں پہلوؤں سے جدا رکھتے اور کہا پھر سجدہ کرتے پھر اپنی ناک
(کو) اور اپنی (مبارک) پیشانی کو زمین پر جگہ دیتے اور (سجدہ کی حالت میں بھی) دونوں ہاتھ اپنے دونوں پہلوؤں
سے جدا رکھتے اور اپنے دونوں ہاتھ اپنے دونوں کندھوں کے برابر رکھتے اور اپنی دونوں رانوں میں فراخی کرتے اور اپنی
ران پر اپنے پیٹ کو نہ رکھتے یہاں تک کہ فارغ ہوتے پھر بیٹھتے اور اپنا بایاں پاؤں بچھاتے اور اپنے داہنے
پاؤں کی پشت کی طرف کرتے اور اپنا داہنا ہاتھ اپنے داہنے گھٹنے پر رکھتے اور اپنا بایاں ہاتھ بائیں
گھٹنے پر رکھتے اور اپنی سیاہ کے سامنے اشارہ کرتے اور ابوداؤد کی دوسری روایت میں ہے اور جب دو رکعتوں
بائیں پاؤں کے پشت پر بیٹھتے اور داہنا پاؤں کھڑا کرتے اور جب چوتھی رکعت میں

ہوتے تو اپنی بائیں ران زمین کے ساتھ ملا دیتے اور اپنے [illegible] ایک طرف
بن حجر رضہ سے کہتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا جب آپ نماز [illegible]
کے برابر کرتے اور اپنے دونوں انگوٹھے اپنے دونوں کانوں کے برابر کرتے پھر [illegible]
میں ہی اپنے دونوں انگوٹھے دونوں کانوں کی نوک تک اٹھاتے (۶) ترمذی اور ابن [illegible]
اپنے باپ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہماری امامت کرتے اور اپنا ایمان [illegible]
پکڑتے (۷) ترمذی نے فضل بن عباس رضہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نماز دو
ہر دو رکعتوں میں تشہد ہے اور خشوع کرنا اور عاجزی کرنا اور مسکینی ظاہر کرنا (پھر فارغ ہو کر) تو اپنے دونوں ہاتھ
اپنے رب کی طرف اور اپنے دونوں ہاتھوں کے پیٹوں کو اپنے منہ کے سامنے کرے اور کہے اے میرے رب اے میرے
اور جو ایسا نہ کرے تو اسکی نماز ناقص ہے (۸) امام مالک نے علی بن حسین سے مرسلاً کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز کے
ہر خفض اور رفع میں تکبیر کہتے اسی طرح آپکی نماز رہی تا کہ آپ اللہ تعالیٰ کو مل گئے (۹) ترمذی اور
نسائی نے علقمہ رضہ سے کہا ہمارے واسطے عبداللہ بن مسعود رضہ نے فرمایا کیا میں تمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز کے
نماز نہ پڑھاؤں پھر انہوں نے نماز پڑھائی اور نہ اٹھائے اپنے دونوں ہاتھ مگر ایک بار تکبیر تحریمہ کے
پر پوری کلام اور حدیث کی تضعیف اپنے باب میں گذر چکی (۱۰) ابن ماجہ نے ابو حمید ساعدی رضہ سے
اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب نماز کے واسطے اٹھتے تو قبلہ کی طرف منہ کرتے اور دونوں ہاتھ اٹھاتے اور
(۱۱) امام احمد نے ابو ہریرہ رضہ سے کہا ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ظہر کی نماز پڑھائی اس میں
ایک مرد تھا اسنے بری طرح نماز پڑھی جب وہ سلام پھیر چکا تو ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
اے فلان کیا تو اللہ سے نہیں ڈرتا تو نہیں دیکھتا تو کسطرح نماز پڑھتا ہے تحقیق کہ
کو مجھ پر پوشیدہ رہتا ہے جو تم کرتے ہو اللہ کی قسم میں
ہوں جیسے اپنے آگے سے (۱۲) منتقی الاخبار میں افتتاح بالتکبیر
انہوں نے نسائی کے سوا علی بن ابیطالب رضہ سے انہوں نے
فرمایا نماز کی کلید اور کنجی وضو ہے اور نماز میں نماز کے مخالف باتوں
حلال کر دینے والی تسلیم ہے ترمذی نے کہا یہ حدیث
حدیث کو امام شافعی اور بزار اور حاکم نے بھی نکالا اور

سے انہون نے علی علیہ السلام سے بزار نے کہا نہین جانتے ہم اسکو علی علیہ السلام سے
فاتحہ ابن عقیل متفرد ہوا ہے اور عقیلی نے کہا اسکی اسناد مین نرمی ہے اور کہا جابر
ابن عقیل نے اسکی اُلٹ کہا اسنے کہا کہ جابر رضہ کیحدیث اس مسئلہ مین بہت صحیح ہے اور عقیلی
یادہ ماہر ہے ابن حبان نے کہا یہ حدیث صحیح نہین ہے کیونکہ اسکے دو طریق ہین ایک تو علی
مین ابن عقیل ضعیف ہے اور دوسرا ابو نضرہ سے مروی ہے انہون نے ابو سعید سے جسکے ساتھہ ابو
متفرد ہوا اور اس باب مین جابر رضی اللہ تعالے عنہ سے روایت ہے احمد اور بزار اور ترمذی اور طبرانی کے پاس اور
ابو یحیے قتات ضعیف ہے ابن عدی نے کہا ابو یحیے قتات کی حدیثین میرے نزدیک حسن ہین اور
سے روایت ہے ترمذی اور ابن ماجہ کے پاس اور اسکی اسناد مین ابو سفیان طریف بن شہاب ضعیف ہے اور اسکو
بن مسروق ثوری ہے انہون نے ابو سعید سے روایت کیا اور وہ معلول ہے حافظ نے کہا اور اس باب مین عبد اللہ
سے طبرانی کے پاس اور اسکی اسناد مین واقدی ہے اور ابن عباس رضہ سے طبرانی کے پاس ہے اور اسکی
ابن ارزہ ہے اور عبد اللہ بن مسعود رضہ سے ابو نعیم کے پاس حافظ نے کہا اسکا اسناد صحیح ہے لیکن یہ
موقوف ہے اور عائشہ رضہ سے مسلم وغیرہ کے پاس اس لفظ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کیحدیث کے ساتھہ شروع فرماتے اور قراءت الحمد للہ رب العالمین کے ساتھہ آخر حدیث تک اور اسکی آخر مین ہے کہ نماز
کے ساتھہ ختم کرتے اور اس حدیث کو دار قطنی نے ابی اسحق کی روایت سے نکالا اور بیہقی نے شعبہ کیحدیث سے اور یہ
بعض کے معنوی ہین اور اس باب مین بہت حدیثین ہین جو لفظ تکبیر کی تعیین پر دلالت کرتے ہین اور
مین اختلاف ہے حافظ نے کہا جمہور کے نزدیک رکن ہے اور حنفیہ کے نزدیک شرط ہے اور شافعی کے نزدیک
زہری کے نزدیک سنت ہے ابن المنذر نے کہا اور اسکی سنیت ہونیکا زہری کے سوا کوئی قائل نہین ہوا
تا سعید بن المسیب اور اوزاعی اور امام مالک سے مروی تو ہے لیکن کسی سے تصریحًا ثابت نہین ہوا
کوع کی حالت مین پاوے اسکو رکوع کی تکبیر کافی ہو جاتی ہے حافظ نے کہا
کیا ہے انہون نے ابن علیہ اور ابو بکر اصم سے اور ان دونو کی جمہور سے بہت مخالفت
کے وجوب کی طرف گئی ہے بعض نے کہا کہ یہ فرض ہے مگر اذکار کی نفی کرنیوالون
سے وجوب پر مسیئ الصلوۃ کیحدیث دلالت کرتی ہے مسلم وغیرہ کے پاس
کے لیے اُٹھے تو اچھی طرح وضو کر پھر قبلہ کیطرف متوجہ

ہو اور تکبیر کہہ اور جماعت کی پاس ابوہریرہؓ کی حدیث سے یہ لفظ ہین کہ جب تو نماز کے لیے
چکا کہ مسیٔ الصلوۃ کی حدیث وہی واجبات صلوۃ کی معرفت مین مرجع ہے اور جو ہمین
نہین ہین لیکن انکے وجوب پر دلائل قائم ہین تو ہمین اختلاف ہے جسکو ہم حدیث کی شرح مین
بیان کرینگے اس محل مین جہان مصنف اسحدیث کو بیان کریگا اور شرطیت کی دلیل رفاعہ بن رافع کی
مسیٔ الصلوۃ کے قصہ مین ابوداؤد کے پاس اس لفظ سے لوگون سے کسی کی نماز پوری نہین ہوتی یہانتک کہ
کرے اور وضو کی پانی کو اپنے مواضع مین استعمال کرے پھر تکبیر کہے اور طبرانی نے اسکو اس لفظ سے روایت کیا ہے
اللہ اکبر اور اسحدیث سے استدلال شرطیت پر صحیح ہے اگر نفی تمام مستلزم نفی صحت ہو اور وہ ظاہر ہے کیونکہ ہم اس نماز
ادا کرنے کی ساتھ مامور ہین جسمین نقصان نہ ہو تو نماز ناقصہ صحیح نہین ہے اور جو نماز ناقصہ کی صحت کا مدعی ہے اسپر
دلیل لانا واجب ہے اور صاحب ضوء النہار نے نفی تمام کو اسحدیث مین نفی کمال یعنیہ قرار دیا ہے اور اسپر اس دلیل کی رو
اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قول سے مسیٔ الصلوۃ کی حدیث مین کہ تو نے ان مین سے کسی امر کا نقصان کیا تو تیری نماز ناقص
ہوئی" اور تجھے معلوم ہے کہ یہی محل نزاع سے ہے کیونکہ ہم قائل ہین کہ نقصان عدم صحت کا مستلزم ہے اسکے
کے ساتھ جسکو بیان کر چکے اور ہم اسبات کو تسلیم نہین کرتے کہ مندوبات نماز اور مسنونات نماز کے ترک سے نماز مین نقصان لازم
ہے کیونکہ مندوبات نماز اور مسنونات نماز ماہیت نماز سے خارج ہین تو انکے ساتھ التزام وارد نہین ہوتا
ساتھ ثواب کے زیادہ ہونے سے یہ لازم نہین آتا کہ یہ مندوبات اور مسنونات بھی نماز مین داخل ہین جیسے
کپڑے ذات جمال مین زیادہ کرتے ہین لیکن وہ ذات جمال مین داخل نہین ان حدیث کی بعض روایات مین جو
ہے اس لفظ سے کہ جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسکو فرمایا (جا نماز پڑھ) اسلیے کہ تو نے نماز نہین
تو لوگونپر یہ امر دشوار گذرا کہ جو شخص نماز ہلکی پڑھے اسکی نماز ہی نہین ہوتی یہانتک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے فرمایا اگر تو نے ان مین سے کسی چیز کو کم کیا تو تیری نماز ناقص ہی پھر اپنے کہہ دشواری ہلکی ہوئی تو قول
کرتا ہے کہ نفی تمام جو حدیث مین مذکور ہے نفی کمال پر محمول ہے کیونکہ اگر نفی صحت مراد ہوتی تو
فرق نہ رہتا اور تجھپر پوشیدہ نہین ہے کہ حجت اس مین ہے جو ہمارے پاس شارع علیہ السلام کا قول
یا آپکا فعل یا آپ کا ثابت رکھنا اور بعض صحابہ کا فہم ہمارے لیے کچھ حجت نہین ہے ہم تسلیم کرتے
ہے اسلیے کہ وہ مقاصد شارع کے (ہمسے) زیادہ عارف تھے لیکن ہم کہتے ہین کہ جب
تسلیم کرتے ہین کہ دو حالتون مین تفاوت ہے لیکن یہ تفاوت اس حیثیت سے

ہے اور ذکر سے اور تلاوت سے اور وہ اعادہ کا امر کیا جاتا ہے اس عذاب کے دفع کے لیے جسکا وہ بعض واجبات
کے ترک سے مستحق ہوا ہے اور واجب کا ترک عقاب کا موجب ہے تو جب بعض واجبات کے ترک پر معذب ہوتا ہے تو اسکو لازم
ہے کہ اسکو بجالاوے اگر وہ اس کیلیے کو بجا لاسکتا ہے ورنہ اسکے غیر کے ساتھہ اور نماز سے فعل متروک کا ادا کرنا ممکن نہیں ہے
اسی صورت مین کہ اسکا اعادہ کیا جاوے اور اسی جواب کے معنے کے ساتھہ جواب دیا ہے حافظ ابن تیمیہ مصنف کے پیرو نے
اور یہ عمدہ جواب ہے پھر ہم کہتے ہین جو نفی تمام کی نفی کمال کے معنے مین ہونیکا قائل ہے اسکے دعوی کے تمام
ہونیکی غایت عدم شرطیت ہے نہ عدم وجوب کیونکہ نماز کا پورا ادا کرنا واجب ہے اور ابن تیمیہ کا قول اس مقام مین کیسیہ
ہے اور اسکے لفظ یہ ہین کہ جو شخص فقہا رمین سے اسبات کا قائل ہے کہ حدیث مین نفی تمام سے مراد نفی کمال ہے
اسکو کہا جاوے اگر تو نے کمال مستحب کا ارادہ کیا ہے تو یہ دو طرح سے باطل ہے ایک تو یہ کہ کمال مستحب کی نفی شارع
علیہ السلام نے بھی نہین جانی اسطرح کہ شارع علیہ السلام اس عمل کی نفی کرین جسکو نجازی نے اس وجہ پر ادا کیا جو اسپر واجب
ہے پھر شارع اسکے مستحبات کے ترک کیواسطے نفی کرے بلکہ شارع علیہ السلام عمل کی نفی نہین کرتا مگر جب نجازی اسکو اس وجہ
پر ادا کرے جسطرح اسپر واجب ہوا ہے اور بطلان کی دوسری وجہ یہ ہے کہ اگر مستحب کی ترک کے لیے نماز کی نفی کیجاوے
تو اکثر لوگون کی نماز نہ ہوگی نہ روزے کیونکہ کمال مستحب متفاوت ہے کسی کی نماز مین وہ کمال نہین ہے جو رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نماز مین کمال تھا اور جسکی نماز مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کمال کیطرح کمال ہو جو نہ ہو
اسکو کہا جاوے کہ تیری نماز ہی نہین ہے انتہی قال العلامۃ الشوکانی فی نیل الاوطار علی منتقی الاخبار (۱۳) رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب نماز شروع کرتے تھے فرماتے تھے اللہ اکبر حافظ نے تلخیص مین کہا اسی طرح اسکو عائشہ رض
نے روایت کیا صاحب ہدایہ نے انہین لفظون سے کہا اور یہ لفظ عائشہ رض کی حدیث مین نہین ہین بلکہ وہ لفظ
جو مسلم مین عائشہ رض کی حدیث مین ہین وہ یہ ہین کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز تکبیر (تحریمہ) کے ساتھہ شروع
کرتے اور یہ حدیث مسلم کے پاس ابو عوانہ کی روایت سے ہے اسنے عائشہ رض سے ابن عبد البر نے کہا یہ حدیث مرسل
ہے اور ابو الجوزا نے عائشہ رض سے نہین سنا اور اسحدیث کو ابو نعیم نے ابو الجوزا کے ترجمہ مین روایت کیا
اور اسکے لفظ یہ ہین کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز مین داخل ہوتے فرماتے اللہ اکبر لیکن اسکی اسناد
مین ابن ابی عیاش متروک ہے ہان بخاری نے ابن عمر رض کی حدیث سے مرفوعاً روایت کیا کہ جب رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز مین داخل ہوتے تو تکبیر (تحریمہ) کہتے اور اسی کی مثل ترمذی مین علی رضی اللہ تعالی عنہ
اور مسند امام احمد اور نسائی مین واسع بن حبان سے کہ اسنے ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہما سے رسول اللہ

صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نماز کی بابت پوچھا تو ابن عمر رضہ نے کہا کہ آپ ہر جھکنے اور اٹھنے میں اللہ اکبر
باب کے لفظ تو انکو ابن ماجہ نے ابو حمید ساعدی رضہ کی حدیث سے نکالا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جب نماز شر
قبلہ کیطرف متوجہ ہوتے اور دونو ہاتھون کو اٹھاتے اور فرماتے اللہ اکبر اور اسی طریق سے انکو ابن حبان نے
مین نکالا اور ابن حبان اور ابن خزیمہ نے اسحدیث کو اپنی اپنی صحیحون مین بھی نکالا اور ابو نعیم کی کتاب الصلوۃ مین
حدیث بیان کی ہے اور نے علاء بن المسیب سے انہون نے طلحہ بن یزید سے انہون نے حذیفہ سے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآ
رات کو نماز پڑھتے پھر تکبیر (تحریمہ) کہنے کا ارادہ کرتے تو فرماتے اللہ اکبر اسکے رجال ثقہ ہین لیکن اس مین ارسال
اور اسکو بزار نے علی علیہ السلام سے ایسی سند کے ساتھہ نکالا جسکو ابن القطان نے صحیح کہا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ
وسلم جب نماز کے واسطے اٹھتے فرماتے اللہ اکبر وجہت وجہی آخر تک ابن القطان نے کہا اللہ اکبر کے لفظ کی تعیین
عزیز الوجود ہے اور حدیث مین غریب ہے اسکا پایا جانا محال ہے یہانتک کہ اسکا ابن حزم نے انکار کیا اور کہا اللہ اکبر
لفظ ہرگز معروف نہین ہے اور یہ مسند بزار مین ہے جسکا اسناد صحیح ہے مین کہتا ہون یہ مسلم کی شرط پر ہے الی آخر ما قا
الحافظ فی التلخیص (۱۴) مسلم نے علی علیہ السلام سے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جب نماز کی طرف اٹھتے اور
روایت مین ہے جب نماز شروع کرتے تو اللہ اکبر کہتے پھر فرماتے وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْ
حَنِيْفًا وَمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰ
اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ رَبِّيْ وَاَنَا عَبْدُكَ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَاعْتَرَ
بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ جَمِيْعًا اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ وَاهْدِنِيْ لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ لَا يَهْدِ
لِاَحْسَنِهَا اِلَّا اَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّيْ سَيِّئَهَا لَا يَصْرِفُ عَنِّيْ سَيِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَ
كُلُّهٗ فِيْ يَدَيْكَ وَالشَّرُّ لَيْسَ اِلَيْكَ اَنَا بِكَ وَاِلَيْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْ
یعنے متوجہ کیا مینے اپنا منہ اس پاک ذات کے لیے جسنے آسمانون اور زمین کو پیدا کیا حال یہ ہے کہ مین جھوٹے والا
ادیان باطلہ کو اور ماننے والا ہون ایک حق دین کو اور مین مشرک نہین ہون میری نماز میری قربانی میرا
موت سب اللہ تعالے جہانون کے پالنے والے کے واسطے ہے جسکا کوئی شریک نہین اور مجھے اسی توحید کا حکم ہوا
فرمانبردارون مین سے ہون اے اللہ تو اصل بادشاہ ہے تیرے سوا کوئی الٰہ عبادت کے نہین
اور مین تیرا بندہ ہون مینے اپنے نفس پر ظلم کیا اور مینے اپنے گناہون کا اقرار کیا میرے سارے گنا
کوئی گناہ معاف نہین کرتا اور مجھے عمدہ خصلتون کی ہدایت کر تیرے سوا اچھے

خلاق دور کر بری اخلاق کو مجھسے تیرے سوا کوئی دور نہین کر سکتا مین تیری خدمت مین حاضر ہون پھر تیری خدمت مین حاضر
ور سب بھلائیان تیرے ہاتھہ مین ہین اور سب برائیان مجھہ مین نہین میرا تجھہ پر بھروسا ہی اور تیری طرف رجوع ہی
برکت ہے اور بزرگ ہے مین تجھسے معافی چاہتا ہون اور تیری طرف رجوع کرتا ہون اور جب رکوع کرتے تو فرماتے اَللّٰھُمَّ
رکعت وبک امنت ولک اسلمت خشع لک سمعی وبصری ومخی وعظمی وعصبی یعنے اے
مینے تیرے لیے رکوع کیا اور مین تیری ساتھہ ایمان لایا اور مینے تیرے واسطے گردن رکھی عاجز ہوگئی تیرے لیے
رے کان اور میری آنکھین اور میرا بھیجا اور میری ہڈیان اور پٹھے اور جب (رکوع سے) سر اٹھاتے تو فرماتے
ھُمَّ رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ مِلْأَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَیْنَھُمَا وَمِلْأَ مَا شِئْتَ مِنْ شَیْءٍ بَعْدُ یعنے اے
ہمارے مالک تیرے ہی لیے سب تعریف ہے آسمانون کی پرائی کے برابر اور زمین کی پرائی کے برابر اور ان دونو کے
درمیان کی پرائی کے برابر اور انکے بعد جسکے پرائی کے برابر تو چاہے اور جب سجدہ کرتے تو فرماتے اَللّٰھُمَّ
لک سجدت وبک امنت ولک اسلمت سجد وجھی للذی خلقہ وصورہ وشق سمعہ وبصرہ
تبارک اللہ احسن الخالقین یعنے یا اللہ مینے تیری واسطے سجدہ کیا اور مین تیرے ساتھہ ایمان لایا اور مین تیرے واسطے
فرمانبردار ہوا میرے منہ نے اُس ذات (پاک) کے واسطے سجدہ کیا جسنے اسکو پیدا کیا اور اسکا نقشہ کھینچا اور اسکے کان
اور اسکی آنکھین پھاڑین پھر برکت والا ہے اللہ بنانے والون سے اچھا بنانیوالا پھر سب سے پیچھے جو فرماتے تشہد اور تسلیم
کے درمیان اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِی مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ وَمَا أَسْرَفْتُ وَمَا أَنْتَ
أَعْلَمُ بِہٖ مِنِّی أَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا إِلٰہَ إِلَّا أَنْتَ یعنے یا اللہ میرے وہ گناہ معاف کر جو مینے پہلے
کیے اور پیچھے کیے اور جو مینے پوشیدہ کیے اور جو مینے ظاہر کیے اور معاف کر جو مینے زیادتی کی اور میرے وہ
گناہ معاف کر جنکو تو مجھسے زیادہ جانتا ہے تو سب سے پہلے ہے اور تو سب سے پیچھے رہنے والا تیرے سوا کوئی
لائق عبادت کے نہین (۱۵) ترمذی اور ابوداؤد نے عائشہ رض سے اور ابن ماجہ نے ابوسعید رض سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم جب نماز شروع کرتے تو فرماتے سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَتَعَالٰی جَدُّکَ وَلَا
إِلٰہَ غَیْرُکَ یعنے تو پاک ہے یا اللہ اور مین تیری تعریف کرتا ہون اور تیرا نام مبارک ہے اور تیری ذات بزرگ ہے
اور تیرے سوا کوئی معبود نہین ہے ترمذی نے کہا ہم اس حدیث کو نہین پہچانتے مگر حارثہ سے اور اس مین حافظہ
کے سبب سے کلام کی گئی ہے اور اس حدیث پر پوری کلام مع ملا و ما علیہ نجاری کے باب یقول بعد التکبیر مین شوکانی
نے کی (۱۶) ابوداؤد نے جبیر بن مطعم رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا ایک نماز

پڑھتے جسمین آپنے فرمایا اللہ اکبر کبیرا اللہ اکبر کبیرا اللہ اکبر کبیرا والحمد للہ کثیرا والحمد للہ کثیرا
وسبحان اللہ بکرۃ واصیلا وسبحان اللہ بکرۃ واصیلا اعوذ باللہ من الشیطان
ونفثہ وھمزہ یعنے اللہ بڑا ہے حالانکہ وہ بڑا ہے تین بار اور اسکی بہت تعریف ہے تین بار اور صبح
پاکی بولتا ہون تین بار اور اللہ کے ساتھہ پناہ لیتا ہون شیطان سے اسکے تکبر سے اور اسکے جادو سے
چھیڑ چھاڑ سے (۱۷) ابوداؤد اور ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے سمرہ بن جندب سے کہ حفظ رسول اللہ صلی اللہ
آلہ وسلم سے دو سکتے یاد رکھے ایک سکتہ جب آپ تکبیر کہتے اور دوسرا سکتہ جب غیر المغضوب علیہم ولا الضا
کی قرارت سے فارغ ہوتے تو اسکی ابی بن کعب نے تصدیق کی (۱۸) ابوہریرہ رضہ سے کہ رسول اللہ صلی علیہ وآلہ
دوسری رکعت کے لیے اٹھتے تو قرارت الحمد للہ رب العالمین سے شروع فرماتے اور سکوت نہ فرماتے اسی طرح ہے
مین اور اسکو حمیدی نے مسلم کے افراد مین ذکر کیا اور ایسا ہی صاحب جامع الاصول نے کہا مسلم سے روایت کیا اور
نسائی نے جابر رضہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب نماز شروع فرماتے تکبیر تحریمہ کہتے پھر فرماتے ان
صلوتی ونسکی ومحیای ومماتی للہ رب العالمین لا شریک لہ وبذلک امرت وانا من المسلمین
اللھم اھدنی لاحسن الاعمال واحسن الاخلاق لا یھدی لاحسنھا الا انت وقنی سیئ الاعمال
سیئ الاخلاق لا یقی سیئھا الا انت یعنے میری نماز اور میری قربانی میرا جینا میرا مرنا اللہ جہانون کے
لیے ہے جسکا کوئی شریک نہین اور مین اسی توحید کا حکم کیا گیا ہون اور مین اول فرمانبردار ہون اے اللہ
کامون اور اچھے خلقون کی راہ دے تیرے سوا کوئی اچھے کامون کی راہ نہین دیتا اور مجھے برے کامون اور
خلقون سے بچا تیرے سوا کوئی برے کامون سے بچا نہین سکتا (۱۹) امام نسائی نے محمد بن مسلمہ رضہ سے
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جب نفل نماز کے لیے اٹھتے تو فرماتے اللہ اکبر وجھت وجھی للذی فطر السمٰوٰت
والارض حنیفا وما انا من المشرکین ان صلاتی ونسکی ومحیای ومماتی للہ رب العالمین
لا شریک لہ وبذلک امرت وانا من المسلمین اللھم انت الملک لا الہ الا انت
وبحمدک یعنے اللہ بڑا ہے میں نے متوجہ کیا اپنا منہ اس ذات کے لیے جسنے آسمان زمین کو پیدا کیا
سے نہین ہون میری نماز میری قربانی میرا جینا میرا مرنا سب اللہ جہانون کے پالنے والے کے
کوئی شریک نہین ہے اور مین اسی بات کا حکم کیا گیا ہون اور مین فرمانبردارون سے
ہے تیرے سوا کوئی لائق عبادت کے نہین تو پاک ہے اور مین تیری

[illegible] (یعنی) ایک نماز پڑھی جب وہ سجدہ کرتے اللہ اکبر کہتے اور جب
[illegible] اللہ اکبر کہتے دو رکعتیں پڑھکر (تیسری رکعت کے لیے) کھڑے ہوتے تو اللہ اکبر کہتے **ف**
[illegible] حدیث کی ترجمہ باب سے مناسبت ہے **ف** جب علی بن ابیطالب رضی اللہ
[illegible] حسین نے میرا ہاتھ پکڑا اور کہا اسنے تمکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نماز کی طرح
[illegible] رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نماز یاد دلائی **ف** کہا حافظ ابن حجر نے فتح الباری
[illegible] حدیث پر باب اتمام التکبیر فی الرکوع لیکن کلام گذر چکی **باب** سُنَّةِ الْجُلُوسِ فِي
[illegible] التحیات میں بیٹھنے کا کیا طریق ہے **ف** کہا حافظ ابن حجر نے فتح الباری میں اس ترجمہ
[illegible] بیان کرنا مقصود ہے اور یہ غرض نہیں ہے کہ نفس بیٹھنا سنت ہے (کیونکہ تشہد کبھی واجب
[illegible] ہوسکتا ہے کہ اس سے صرف بیٹھنا ہی مراد لیا جاوے اس تقدیر پر کہ سنت سے مراد طریق شرعی ہو کہ
[illegible] واجب اور مندوب کو کہا کرتا ہے کو اکثر باب کی حدیث دونو معنوں کو شامل ہے
[illegible] جَلَسَتْ فِي صَلٰوتِهَا جِلْسَةَ الرَّجُلِ وَكَانَتْ فَقِيهَةً اور ام الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہا اپنی
[illegible] بیٹھتی تھی اور ام الدرداء رض سمجھ والی تھی **ف** حافظ ابن حجر نے فتح الباری میں کہا ام الدرداء
[illegible] تشہد میں بیٹھنے کو طریق ہے اور ابن التین نے کہا ابن بطال نے کہا ہے کہ اس اثر سے یہ طریق نکلا لیکن اسکے نزدیک اثر کے آخر میں مکحول
[illegible] واقع نہیں ہوا قسطلانی نے ارشاد الساری میں کہا اسی واسطے مغلطائی اور ابن الملقن
[illegible] صحیح بخاری کا قول ہے گویا انکو مؤلف رح کی تاریخ پر اطلاع نہیں ہوئی اور حافظ ابن حجر نے
[illegible] مکحول کے قول ہونے پر یقین کیا اور کہا بات یوں نہیں ہے جیسا انہوں نے زعم کیا کیونکہ یہی پورا
[illegible] ابو الدرداء سے مکحول تک نہیں پہنچا ہے اور بخاری رح کا یہ طریق ہے کہ دلیل جب عام
[illegible] اسکے عموم پر عمل ہوتا ہے تو اسکے سبب سے اسکو ترجیح دیدیا کرتے ہیں اگرچہ اسکے مخرج دوسرے
[illegible] ام الدرداء تابعیات میں سے ہے صحابیات میں سے نہیں ہے کیونکہ مکحول نے اس
[illegible] صحابیات میں سے ہے ترجم عنہا اللہ عنہ کہتا ہے اس سے رد ہوا عینی کا وہ قول
[illegible] کہ یہ مرفوع نہیں ہے کہا علی نے عمدۃ القاری میں اس اثر میں دلیل ہے
[illegible] نماز میں بیٹھنے اسطرح کہ داہنا پاؤں کھڑا کرے اور بایاں پاؤں بچھا دے اور
[illegible] اور یہ مذہب ہے کوفہ والوں کا اور یہ حدیث حنفیہ والوں کے برخلاف ہے حق تعالیٰ

Marfat.com

...برزہ سے عبداللہ بن ابی اوفی رضہ سے جب بلال رضہ قد قامت الصلوۃ کہتے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
...کے لیے اُٹھتے ہیثمی نے کہا اس حدیث کی اسناد مین حجاج بن فروخ ضعیف ہے (۲۲) بزار نے ابو ہریرہ رضہ
...ہر چیز کے وسط برگزیدہ چیز ہے اور نماز کی برگزیدہ تکبیر اولی (یعنے تکبیر تحریمہ) ہے ہیثمی نے کہا اسحدیث
...اسناد مین حسن بن سکن ہے جسکو امام احمد نے ضعیف کہا اور ابن حبان نے اسکو ثقات مین ذکر کیا (۲۳) بزار نے ابو
...رضہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہر چیز کا ناک ہے اور نماز کا ناک تکبیر تحریمہ ہے تو تم اسکی محافظت
...اسحدیث کا ایک راوی ہے کہا مینے یہ حدیث رجاء بن حیوۃ سے بیان کی تو وہ بولا مجھسے ام الدرداء نے
...درداء سے یہ حدیث بیان کی انہون نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہیثمی نے کہا اسکو طبرانی نے کبیر
...اسی کی مثل موقوفاً روایت کیا اور اسکی اسناد مین ایک مرد ہے جسکا نام نہین لیا گیا (۲۴) امام احمد نے سعید بن
...رضہ سے کہا ابو ہریرہ رضہ بیمار رہتے یا وہان موجود نہ تھے تو ہمکو ابو سعید رضی اللہ تعالے عنہ نے نماز پڑہائی
...انہون نے تکبیر بلند آواز سے کہی جب نماز شروع کی اور جب رکوع کیا اور جب سمع اللہ لمن حمدہ کہا (یعنے سمع اللہ
...لمن حمدہ بھی بلند آواز سے کہا) اور جب سجدہ سے سر اُٹھایا اور جب سجدہ کیا اور جب دو رکعتون سے سر اُٹھایا یا
...تک کہ اُسنے اسی طرح نماز پوری کی جب نماز پڑہا چکا تو اُسے کہا گیا آپ کی نماز پر لوگون کا اختلاف ہے تو وہ
...اور منبر کے پاس کھڑا ہوا اور بولا اے لوگو اللہ کی قسم مین تمہاری نماز کے مختلف ہونے یا مختلف نہ ہونیکی کچھ
...انہین کرتا مینے اسیطرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نماز پڑہتے دیکھا ہیثمی نے کہا یہ حدیث صحیح بخاری
...اختصار کے ساتھہ (موجود ہے) اور اسکے رجال صحیح کے رجال ہین (۲۵) طبرانی نے اوسط مین براء بن
...رضہ) سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر جھکتے اور اُٹھتے وقت تکبیر کہتے ہیثمی نے کہا اسکے رجال
...ہین (۲۶) طبرانی نے کبیر اور اوسط مین ابن عباس رضہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نماز
...وضو ہے اور اسکی تحریم تکبیر ہے اور اسکی تحلیل تسلیم ہے ہیثمی نے کہا اسحدیث کی اسناد مین نافع ہے یوسف
...کا مولی اسکی کنیت ابو ہرمز ہے اور یہ ضعیف ہے اور ذاہب الحدیث ہے (۲۷) طبرانی نے اوسط مین اسی سے
...عبداللہ بن زید سے بھی روایت کیا ہیثمی نے کہا اس مین واقدی ضعیف ہے (۲۸) طبرانی نے کبیر مین عبداللہ
...مسعود رضہ سے کہا نماز مین (نماز کی مخالف باتون کو) حرام کردینے والی تکبیر ہے اور حلال کرنیوالی تسلیم
...تسلیم پہرے اور تیرے ساتھہ کوئی حاجت جلدی کرے تو تو جا اس سے پہلے کہ تو (خدا کی طرف)
...ہیثمی نے کہا اسکے رجال صحیح کے رجال ہین (۲۹) ابن رفاعہ بن رافع سے کہ ایک مرد

مسجد مین داخل ہوا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے اور اس نے نماز
وسلم نے (دوبارہ پڑھنے کا) ارشاد فرمایا تو اسنے (دوبارہ یا تین بار نماز کو رسول اللہ صلی اللہ
سے) لوٹایا پھر بولا دوسری بار کے بعد یا تیسری بار کے بعد یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے
(آپ مجھے سکھا دیجیے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا لوگون سے کسی کی نماز پوری نہین ہوتی
کرے اور وضو کے پانی کو اپنی جگہ مین استعمال مین لاوے پھر کہے اللہ اکبر ہیثمی نے کہا پھر راوی نے حدیث
اور یہ حدیث سنن اربعہ مین ہی مگر اسکا قول اللہ اکبر اور اسکو طبرانی نے کبیر مین روایت کیا اور اسکے رجال
ہین (۳۰) امام احمد نے اور طبرانی نے کبیر مین حارث بن عطیف سے یا عطیف بن حارث سے مین کسی سے
بھولا اور مین اسبات کو بھی نہین بھولا ہون میںنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا داہنے ہاتھ کو بائین ہاتھ پر
رکھنے والی ہیثمی نے کہا اسکے رجال ثقے ہین (۳۱) امام احمد نے اور طبرانی نے اوسط مین جابر رضہ سے رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک مرد کے پاس سے گذرے کہ نماز پڑھ رہا تھا اور اسنے بائین ہاتھ داہنے ہاتھ پر رکھا ہوا
تھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسکے ہاتھ کو کھینچ لیا اور اسکا داہنا ہاتھ اسکے بائین ہاتھ پر رکھا ہیثمی نے کہا
اسکے رجال صحیح کے رجال ہین (۳۲) بزار نے اور طبرانی نے کبیر مین شداد بن شرجیل رضہ سے کہا مین نے رسول اللہ
کو نہین بھولا) اور مین اسبات کو بھی نہین بھولا کہ مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو (نماز مین) قیام کیا
دیکھا آپنے داہنے ہاتھ سے بائین پکڑا ہوا تھا ہیثمی نے کہا اسحدیث کی اسناد مین عباس بن یونس ہے اور
شخص کو نہین پہچانتا جسکا ترجمہ لکھا ہو اور بزار نے کہا کہ شداد بن شرجیل سے نے اس حدیث کے سوا اور کوئی حدیث
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت نہین کی (۳۳) طبرانی نے کبیر مین ابن عباس رضہ سے کہا
علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہم انبیاء کی جماعت ہین تعجیل (روزون) کی جلدی افطار کرنیکا حکم ہوا ہے اور سحور مین تاخیر
اور اسبات کا کہ ہم اپنے داہنے ہاتھ (نماز) مین بائین ہاتھون پر رکھین ہیثمی نے کہا اسکے رجال
(۳۴) طبرانی نے کبیر مین یعلے بن مرہ رضہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مین
دوست رکھتا ہے افطار مین جلدی کرنیکو اور سحور مین تاخیر کرنے کو اور نماز مین اپنا ہاتھ
کو ہیثمی نے کہا اس حدیث کی اسناد مین عمر بن عبداللہ بن یعلے ضعیف
چیزین نبوت کے اخلاق مین سے ہین افطار مین جلدی کرنا اور سحور مین تاخیر کرنا اور
پر رکھنا ہیثمی نے کہا اسکو طبرانی نے کبیر مین ابو الدرداء سے

سے اور مرفوعاً کی اسناد میں وہ راوی ہے جسکا ترجمہ کسی والا مجھے کوئی معلوم نہیں ہوا اور اس قسم کی حدیثیں صیام
ان انشاء اللہ تعالیٰ آوینگی (۳۶) طبرانی نے کبیر میں عقبہ بن ابی عائشہ رضہ سے میں عبداللہ بن جابر یا صنی رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صاحب کو دیکھا کہ وہ ایک ہاتھ کو دوسرے (ہاتھ) کے بازو پر نماز میں رکھتا تھا ہیثمی
کہا اسکا اسناد حسن ہے (۳۷) عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہ ایک آدمی ایک دن نماز میں داخل ہوا اور اسنے
الحمد للہ ملأ السماء یعنے اللہ کے لیے تعریف ہے آسمان کی پرائی کے برابر اور اسنے سبحان اللہ کہا اور دعا کی تو رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ان کلمات کا کہنے والا کون تھا وہ بولا میں نے یہ کلمات کہے (یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تو
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے فرشتوں کو دیکھا کہ انکے بعض بعض سے ان کلمات کو لیتے تھے ہیثمی نے
کہا اسکی اسناد میں عطاء بن سائب ثقہ ہے جسکے حافظہ میں اختلاط ہوگیا تھا لیکن یہ حدیث سلمہ بن حماد کی روایت سے
ہے عطاء سے اور حماد نے عطاء بن سائب سے اختلاط سے پہلے سنا ہے اسکو ابو داؤد نے کہا اسکے موافق جسکو ابو
سعید اعرابی نے ابو داؤد سے روایت کیا اور اسکو طبرانی نے کبیر میں حماد بن سلمہ کی حدیث سے روایت کیا انہوں نے
علی بن عطاء سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے عبداللہ بن عمر سے اور اسکا اسناد جید ہے اور علی بن عطاء عامری
اور اسکا باپ دونوں ثقے ہیں (۳۸) امام احمد نے اور طبرانی نے کبیر میں عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے
کہ میں آیا اور ہم صف میں تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے تو وہ صف میں داخل ہوا اور کہنے لگا اللہ اکبر کبیرا
سبحان اللہ بکرۃ وأصیلا یعنے اللہ بہت بڑا ہے حالانکہ بڑا ہی ہے اور میں اسکی صبح شام پاکی بولتا ہوں کہا پھر مسلمانوں
نے سرزنش کی اور انہوں نے اس مرد کو اور اسمجھا اور بولے کسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مبارک آواز پر اپنا آواز بلند کیا
جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا یہ بلند آواز والا کون تھا وہ بولا وہ میں ہے یا رسول اللہ
(یعنے میں ہوں) تو آپنے فرمایا اللہ کی قسم میں تیری کلام آسمان میں چڑھتے دیکھی یہانتک کہ اسکے لیے دروازہ کھلا
اور میں داخل ہوگئی ہیثمی نے کہا اسحدیث کی اسناد کے رجال ثقے ہیں (۳۹) بزار نے اور طبرانی نے کبیر میں سمرہ بن جندب
رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے لیے فرمایا کرتے کہ جب ایک تمہارا نماز پڑھے تو کہے اللھم باعد
بینی وبین خطایای کما باعدت بین المشرق والمغرب اللھم انی اعوذ بک ان تصد عنی
یوم القیمۃ اللھم نقنی من خطایای کما ینقی الثوب الابیض من الدنس اللھم
اغسلنا وامتنی مسلما یعنے اے اللہ میرے اور میرے گناہوں کے درمیان اسقدر دوری کر جسقدر تو نے مشرق
اور مغرب میں دوری کی یا اللہ میں تیرے ساتھ پناہ لیتا ہوں کہ تو قیامت کے دن اپنے منہ (مبارک) کو مجھ سے

مجھکو ہٹادے یا اللہ مجھکو میرے گناہوں سے اسطرح پاک کر جسطرح سفید کپڑا میل سے پاک صاف کیا جاتا ہے یا الہی
مسلمان کہہ ہیثمی نے کہا اسحدیث کا اسناد ضعیف ہے (۴۰) طبرانی نے کبیر میں ہمرہ جن جندب رضی اللہ تعالی عنہ سے
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمایا کرتے اَللّٰھُمَّ بَاعِدْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ ذُنُوْبِیْ کَمَا بَاعَدْتَ بَیْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ
مِنْ خَطِیْئَتِیْ کَمَا نَقَّیْتَ الثَّوْبَ الْاَبْیَضَ مِنَ الدَّنَسِ یعنے یا اللہ میرے اور میرے گناہوں کے درمیان دو
جسقدر تونے مشرق اور مغرب کے درمیان دوری کی اور مجھے میرے گناہوں سے ایسا پاک صاف کر جیسے تو سفید کپڑا
میل سے پاک صاف کرتا ہے ہیثمی نے کہا اسکا اسناد حسن ہے (۴۱) طبرانی نے اوسط میں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ
سے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمکو تعلیم دیا کرتے کہ جب ہم نماز شروع کیا کریں تو کہا کریں سُبْحَانَکَ
وَبِحَمْدِکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَتَعَالٰی جَدُّکَ وَلَا اِلٰہَ غَیْرُکَ یعنے یا اللہ میں پاکی بولتا ہوں اور تیری تعریف
اور تیرا نام بابرکت ہے اور تیری ذات عالی ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بھی ہمیں اسکی تعلیم دیا کرتے
فرمایا کرتے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (ان کلمات کو) فرمایا کرتے ہیثمی نے کہا ابو عبیدہ جو اسحدیث کا راوی ہے اپنے
(اپنے باپ) ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے نہیں سنا اور طبرانی نے کبیر میں اسکو اختصار کے ساتھ روایت کیا جسمیں مسعود بن سلیمان
ابو حاتم نے کہا وہ مجہول ہے (۴۲) طبرانی نے کبیر میں ابن جریج سے اسنے کہا مجھے حدیث سنائی اسنے جو سنا ہے ابوبکر اور عمر اور
رضی اللہ تعالی عنہم سے اور عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ سے کہ یہ سب کے سب جب (نماز) شروع کرتے کہتے تھے قرأت
سے پہلے سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَتَعَالٰی جَدُّکَ وَلَا اِلٰہَ غَیْرُکَ یعنے یا اللہ تو پاک
اور میں تیری تعریف کرتا ہوں تیرا نام مبارک ہے اور تیری ذات بزرگ ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے ہیثمی نے
حدیث کی اسناد میں وہ راوی ہے جسکا نام نہیں لیا گیا (۴۳) طبرانی نے کبیر اور اوسط میں واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ سے کہ رسول اللہ
علیہ وآلہ وسلم جب نماز شروع کرتے فرماتے سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَتَعَالٰی جَدُّکَ وَلَا اِلٰہَ
غَیْرُکَ ہیثمی نے کہا اسحدیث کی اسناد میں عمر بن الحصین ضعیف ہے (۴۴) طبرانی نے کبیر میں عبداللہ بن
کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب نماز شروع کرتے فرماتے وَجَّھْتُ وَجْھِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
مُسْلِمًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَتَعَالٰی جَدُّکَ وَلَا اِلٰہَ
اِنَّ صَلٰوتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَبِذٰلِکَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ
الْمُسْلِمِیْنَ یعنے میں متوجہ کیا اپنا مونہہ اس ذات کے لیے جسنے آسمان اور زمین بنائے اسی کا ہو کر اور میں
یا اللہ اور تیری تعریف بیان کرتے ہیں ہم اور تیرا اسم مبارک ہے اور تیری ذات بزرگ ہے

[illegible] نماز اور میری قربانی اور میرا جینا اور میرا مرنا اللہ جہانوں کے پالنے والے کے واسطے ہے جسکا کوئی شریک نہیں اور مجھے اسی بات کا حکم ہوا ہے
[illegible] فرمانبرداروں میں ہوں ہیثمی نے کہا اس حدیث کی اسناد میں عبداللہ بن عامر اسلمی ضعیف ہے (۴۵) طبرانی نے کبیر میں ابو رافع
[illegible] کہا میرے پاس ایک خطا یا حسین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا استفتاح تھا کہ جب آپ تکبیر تحریمہ کہتے اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ
[illegible] السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ
[illegible] الْعٰلَمِیْنَ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ
[illegible] اَنْتَ رَبِّیْ وَاَنَا عَبْدُكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ
[illegible] جَمِیْعًا فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ لَبَّیْكَ وَسَعْدَیْكَ وَالْخَیْرُ كُلُّهٗ فِیْ یَدَیْكَ لَا مَنْجَا وَلَا مَلْجَاَ
[illegible] مِنْكَ اِلَّا اِلَیْكَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَیْكَ یعنی متوجہ کیا اپنا منہ اس ذات پاک کے لیے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اسکا
[illegible] طرف اور میں مشرکین میں سے نہیں ہوں میری نماز اور میری قربانی اور میرا جینا اور میرا مرنا اللہ کے واسطے ہے جو جہانوں کا پالنے
[illegible] اللہ ہے اسکا کوئی شریک نہیں ہے اسی پر میں نے اپنی جان پر ظلم کیا اور اپنے گناہوں کا اقرار کیا تو میرے ساری گناہ معاف کر کیونکہ
[illegible] تیرے سوا گناہوں کو کوئی معاف نہیں کرتا میں تیری خدمت میں حاضر ہوں بہتر تیری خدمت میں حاضر ہوں اور بھلائی
[illegible] سب تیرے ہاتھ میں ہے تیری عذاب سے کوئی نجات دینے والا تیرے سوا نہیں ہے اور تیری عذاب سے بچنے کی جگہ تیرے سوا اور کوئی
[illegible] نہیں ہے میں تجھ سے معافی مانگتا ہوں اور تیری طرف رجوع کرتا ہوں ہیثمی نے کہا اس حدیث کی اسناد میں محمد بن اسحق ہے اور وہ ثقہ
[illegible] ہے لیکن مدلس ہے اور اسنے اس حدیث کی اسناد میں حدیث کی تحمل کے طریق عَنْ عَنْ کو اختیار کیا اور اسکے باقی رجال ثقے ہیں
(۴۶) طبرانی نے اوسط میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تکبیر (تحریمہ) کہتے اپنے دونوں ہاتھ
[illegible] یہاں تک کہ ان دونوں کو کانوں کے برابر کرتے فرماتے سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَ
[illegible] تَعَالٰی جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَیْرُكَ ہیثمی نے کہا اس حدیث کے رجال ثقہ ہیں (۴۷) طبرانی نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالےٰ
[illegible] سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب نماز شروع کرتے فرماتے الحمد للہ رب العالمین پھر تھوڑا سا سکوت فرماتے
[illegible] ہیثمی نے کہا اس حدیث کی اسناد کے رجال ثقے ہیں (۴۸) طبرانی نے اوسط میں حذیفہ بن یمان رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے
[illegible] میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس رات کو آیا تو آپ نے وضو کیا اور اٹھکر نماز پڑھنے لگے اور میں آپکے
[illegible] آیا اور آپکے بائیں طرف کھڑا ہوا تو آپنے مجھے اپنے داہنی طرف کھڑا کیا اور فرمایا سُبْحٰنَ اللّٰهِ ذِی الْمَلَكُوْتِ وَ
[illegible] الْجَبَرُوْتِ وَالْكِبْرِیَاءِ وَالْعَظَمَةِ اللہ بادشاہت والا اور زور والا اور تکبر والا اور بڑائی والا پاک ہے ہیثمی نے
[illegible] کے رجال ثقے ہیں (۴۹) طبرانی نے اوسط میں ابو ثعلبہ خشنی رضی سے کہا ایک وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نماز پڑھ رہے تھے ایک آدمی نے آپکو سنا کہ وہ ان کلمات کے ساتھ دعا کر رہے تھے [illegible]
کَمَا یَنْبَغِیْ لِکَرَمِ وَجْہِ رَبِّنَا عَزَّ وَجَلَّ یعنے سب تعریف اللہ کے لیے ہے بہت تعریف پاک حسین برکت والی
مالک کی ذات کی کرم کے لائق ہے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے فرمایا کسنے یہ کلمہ کہا
بارہ فرشتے دیکھے کہ (وہ اسکے لینے میں) جلدی کرتے تھے پھر رسول اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اور نظر انتہائی یہانتک کہ
اوٹ میں ہو گئے فرمایا یہ کلمات تیرے واسطے پورے ہیں اور انکی مثل ہیثمی نے کہا اسحدیث کی اسناد میں محمد بن یزید بن سنا
راوی ہے اسکی ابن معین اور بخاری اور نسائی نے تضعیف کی ہے اور ابن حبان نے توثیق کی ہے (۵۰) بزار نے ابن عباس
سے کہ وہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کے جہر سے پوچھے گئے تو انہوں نے فرمایا ہم کہا کرتے تھے یہ اعراب کی قرارت ہے ہیثمی
نے کہا اسکی اسناد میں ابو سعد بقال ہے اور وہ ثقہ ہے لیکن مدلس ہے اور اسنے تحمل کے طریق عنعن کو اسحدیث کی اسناد میں
استعمال کیا اور اسحدیث کی باقی رجال صحیح کے رجال ہیں حافظ ابن حجر نے تقریب التہذیب میں کہا سعید بن مرزبان
عیسے بنی عبس کا غلام آزاد ہے اور اسکی کنیت ابو سعد بقال ہے اور وہ کوفی اعور ہے ضعیف ہے مدلس ہے وہ ایک سو چالیس
ہجری کے بعد مرا اور یہ شخص پانچویں طبقہ کا ہے (۵۱) امام احمد نے سعید بن یزید سے وہ بولا میں نے انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھتے تھے کہ دعا استفتاح کے بعد) یا الحمد للہ رب العالمین تو انہوں نے
تو نے وہ مسئلہ پوچھا جو مجھسے پہلے مجھسے یہ مسئلہ کسی نے نہیں پوچھا ہیثمی نے کہا اسکے رجال ثقے ہیں منترجم کہتا ہے اسحدیث پر مع
ما علیہ کلام گذر چکی (۵۲) امام احمد نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعض ازواج سے نافع سے کہا میں گمان کرتا ہوں
کہ وہ حفصہ رضی اللہ عنہا کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قرارت سے پوچھی گئیں تو انہوں نے فرمایا تم ویسی طاقت
رکھتے نافع نے کہا تو ام المومنین حفصہ رضی اللہ عنہا سے کہا گیا آپ ہمکو خبر تو دیں نافع نے کہا پھر آپنے قرارت پڑھی
آپنے توڑ توڑ کر پڑھا نافع نے کہا ابن ابی ملیکہ نے ہمارے لیے حکایت کی (اور فرمایا کہ حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے
پڑھا) اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ پھر ٹھیر گئے پھر الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھا پھر ٹھیر گئے پھر مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ
ہیثمی نے کہا اسکے رجال صحیح کے رجال ہیں (۵۳) طبرانی نے کبیر میں ابراہیم بن سلمہ سے کہا میں نے [illegible]
پوچھا اور کہا کیا آپ ہر رکعت میں بسم اللہ الرحمن الرحیم اور اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھتے ہیں اور
جسکو آپ شروع کرتے ہیں تو انہوں نے کہا مجھے قتادہ نے محمد بن سیرین سے انہوں نے [illegible]
بن جندب سے انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خبر دی [illegible]
جب نماز شروع کرے اور جب دو رکعتوں میں بیٹھ کر تشہد کرتے [illegible]

Marfat.com

...ان ابو غسان ہے اور مین اسکو نہین پہچانتا اور اسحدیث کے باقی رجال ثقے ہین (۵۴) طبرانی نے کبیر اور
...ین ابن عباس رضے اللہ تعالی عنہما سے کہ رسول اللہ صلعم جب بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑہتے تو مشرک ہنسٹے
...ے اور کہتے محمد (صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم) یمامہ کے معبود کا ذکر کرتا ہے اور مسیلمہ نے اپنا نام رحمن اور رحیم رکہا
...ہا جب آیت ولا تجہر بصلوتک ولا تخافت بہا الآیۃ نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اگر
...ے کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کو بلند آواز سے نہ پڑہین ہیثمی نے کہا اسحدیث کے رجال ثقے ہین (۵۵) طبرانی نے کبیر
...وسط مین انس رضے اللہ تعالی عنہ سے کہ رسول اللہ صلعم بسم اللہ الرحمن الرحیم آہستہ پڑہتے تہے اور (ایسا ہی) ابو بکر اور عمر
...ی اللہ تعالی عنہما ہیثمی نے کہا اسحدیث کے رجال ثقے ہین (۵۶) طبرانی نے کبیر مین ابو وائل رضی اللہ عنہ سے کہا علی اور
...باللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم اور اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم اور تامین کے ساتہ جہر نہین کرتے تہے ہیثمی نے کہا اسکی
...اد مین ابو سعد بقال ہے جو ثقہ ہے لیکن مدلس ہے مترجم کہتا ہے تامین کے مسئلہ پر پوری بحث بخاریکے باب التامین
...ن گذر چکی (۵۷) بزار نے ابن عباس رضہ سے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بسم اللہ الرحمن الرحیم نماز مین بلند آواز
...سے پڑہتے تہے ہیثمی نے کہا اسحدیث کو ابو داؤد وغیرہ نے بھی روایت کیا لیکن جہر کے ذکر کے سوا اور اسکی اسناد کے
...جال ثقے ہین مترجم کہتا ہے جہر اور سر کی احادیث کی درمیان جمع حافظ اور شوکانی کی تقریرون مین گذر چکی
...(۵۸) ابن عباس رضے اللہ تعالی عنہما سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب تک بسم اللہ الرحمن الرحیم نہ اترتی سورۃ
...ختم نہ پہچانتے جب بسم اللہ الرحمن الرحیم اترتی آپ پہچان لیتے کہ سورت ختم ہوگئی اور دوسری سورت شروع ہوئی
...ہیثمی نے کہا اسحدیث کو ابو داؤد نے مختصر روایت کیا یعنے پہلا فصل بیان کیا دوسری فصل کے سوا اور اسحدیث
...بزار نے دو اسنادون کے ساتہ روایت کیا جسمین ایک اسناد کی راوی صحیح کے راوی ہین (۵۹) طبرانی نے اوسط
...ابو ہریرہ رضے اللہ تعالی عنہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے الحمد للہ رب العالمین سات آیتین ہین ایک
...ن کی بسم اللہ الرحمن الرحیم ہے اور یہ سبع مثانی اور بڑی دیے کا قرآن ہے اور یہ قرآن کی جان ہے اور اسی سے
...ن شروع ہوتا ہے ہیثمی نے کہا اسکے رجال ثقے ہین (۶۰) علی اور عمار رضی اللہ تعالی عنہما سے کہ رسول اللہ
...لے اللہ علیہ وآلہ وسلم بسم اللہ الرحمن الرحیم بلند آواز سے پڑہتے تہے ہیثمی نے کہا اسکو طبرانی نے کبیر مین روایت
...کی اسناد مین جابر جعفی ہے جسکی شعبہ اور ثوری اور زہیر بن معاویہ نے توثیق کی ہے اور وہ مدلس ہے
...کون نے اسکو ضعیف کہا ہے (۶۱) طبرانی نے اوسط مین نافع سے کہ ابن عمر رضہ جب نماز شروع فرماتے
...الرحمن الرحیم سے شروع کرتے اور اس سنت کو بھی بسم اللہ الرحمن الرحیم سے شروع کرتے جسکو فاتحہ

کے ساتھ جوڑتے اور فرماتے کہ مینے یہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہی [illegible]
بن عمر عمری سخت ضعیف ہے (۶۲) طبرانی فی اوسط مین بریدہ رضے اللہ تعالی عنہ سے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ
نے فرمایا (اے بریدہ) تو مسجد سے نہ نکل تا کہ مین تجھے سورت کی ایک آیت نہ سکھا دون جو مجھ سے پہلے کسی نبی
بن داؤد کے نہین نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باہر آئے یہانتک کہ وہ دہلیز تک پہونچے
کس چیز کے ساتھ اپنی نماز اور اپنی قرات کو شروع کرتا ہے مینے کہا بسم اللہ الرحمن الرحیم کے ساتھ فرمایا وہ آیت
ہی پھر (دہلیز سے) اپنا دوسرا پاؤن باہر نکالا ہیثمی نے کہا اسکی اسناد مین عبدالکریم بن ابی المخارق اپنے
حافظہ کی وجہ سے ضعیف ہے اور اسکی اسناد مین وہ راوی ہین جنکو مین نہین پہچانتا (۶۳) مسلم نے انس رضی اللہ
عنہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ابوبکر اور عمر رضی اللہ تعالی عنہما نماز الحمد للہ رب العالمین سے شروع کرتے
ف یعنے دعاء استفتاح کے بعد نماز کی قرات کو فاتحہ سے شروع کرتے تھے (۶۴) مسلم نے جابر رضے سے کہ رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ظہر کی نماز مین (فاتحہ کے بعد) واللیل اذا یغشی پڑھتے اور ایک روایت مین ہے کہ سبح اسم ربک
الاعلی پڑھتے اور عصر مین اسکی مثل اور صبح مین اس سے طویل سورت (۶۵) مسلم نے عمر بن حریث رضے سے کہ
اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا کہ آپ صبح کی نماز مین واللیل اذا عسعس پڑھتے تھے (۶۶) مسلم نے عبید
بن ابی رافع رضے اللہ تعالی عنہ سے کہا مروان نے ابوہریرہ رضے اللہ تعالی عنہ کو مدینہ کا حاکم بنایا اور خود گیا
ہریرہ نے ہماری لیے نماز پڑھائی جمعہ کی تو پہلی رکعت مین سورہ جمعہ پڑھی اور دوسری رکعت مین اذا جاءک
پڑھی اور فرمایا مینے سنا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان دونو سورتو کو جمعہ کی نماز مین پڑھتے
نے نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالی عنہ سے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عیدین مین اور جمعہ مین کیا
اور ہل اتاک حدیث الغاشیہ پڑھتے اور جب عید اور جمعہ ایک دن مین جمع ہو جاتے تو بھی ان
دونو نمازون مین پڑھتے (۶۸) مسلم نے عبید اللہ سے کہ عمر بن خطاب رضے نے ابو واقد
اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اضحی اور فطر مین کونسی سورتین پڑھا کرتے تو انہون نے کہا اضحی اور فطر مین
المجید اور اقتربت الساعۃ پڑھتے مترجم کہتا ہے شاید امیر المومنین جناب عمر بن الخطاب
حاضرین کے ذہنون مین تقریر اور تمکین کے لیے ہوگا ورنہ آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ
اقوال اور افعال سے اعلم تھے (۶۹) ابوداؤد نے ابوزبیر مکی رضے سے کہا ہم
ساتھ ایک رات بکلے تو ہم ایک مرد پر آئے جو اللہ تعالے کی [illegible] مین مبالغہ کرتا تھا

لے یہ جنت) واجب ہوگئی (زیادہ کی قبولیت) اگر اُسنے (سوال) کو ختم کیا ایک مرد لوگون سے بولا کس چیز کے
ہ ختم کرے فرمایا آمین کے ساتھہ (۷۰) امام احمد اور ابو داؤد اور نسائی نے عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالی عنہ سے کہا مین
مین رسول اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سواری کھینچتا تہا تو آپ نے مجھے فرمایا اے عقبہ مین تجھے دو بہتر سورتین نہ سکہا دون
پہی جاوین تو آپ نے مجھی قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس سکہائین عقبہ نے کہا تو آپ نے مجھکو ان دونو
ورتون کے ساتھہ بہت خوش ہوتی نہ دیکھا جب آپ صبح کی نماز کے واسطے سواری سے اتری تو آپ نے صبح کی نماز لوگون
(ظہر کیطرح) ٹھنڈا کرے **حَدَّثَنَا** مُحَمَّدُ بْنُ بَکْرٍ الْمُقَدَّمِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا حَرَمِیُّ بْنُ عُمَارَةَ قَالَ حَدَّثَ
اَبُوْ خَلْدَةَ هُوَ خَالِدُ بْنُ دِیْنَارٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ یَقُوْلُ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اشْتَدَّ
الْبَرْدُ بَکَّرَ بِالصَّلٰوةِ وَاِذَا اشْتَدَّ الْحَرُّ اَبْرَدَ بِالصَّلٰوةِ یَعْنِی الْجُمُعَةَ انس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ
وآلہ وسلم جب سردی کی شدت ہوتی تو نماز سویرے پڑھتے اور جب گرمی کی شدت ہوتی تو نماز کو ٹھنڈی کرکے راوی نے کہا مراد نماز سے اس حدیث میں جمعہ ہے **ف**
نے کہا مصنف علیہ الرحمۃ نے ترجمہ باب کے حکم کے ساتھ جزم نہیں کیا اسلیے کہ احتمال ہے کہ یعنی الجمعۃ تابعی کا قول
تبع تابعی کا اور یہ جسنے کہا ہے اسکا خیال ہے اور انس سے حمید کی گذشتہ روایت میں صراحت ہے اس امر کی کہ سخت سردی
نماز سویرے پڑھتے اور اسمیں تفصیل نہیں ہے اور دوسری معلق روایت جو انشاء اللہ آتی ہے اسکی تائید کرتی
کہ اسمیں اس امر کا بیان ہے کہ یعنی الجمعۃ کو اسکے قائل نے جمعہ اور ظہر کے مساوات سے سمجھا ہے اسلیے کہ انس رضہ سے
جمعہ کا حکم پوچھا گیا تو انہوں نے دلیل لی اپنے اس قول سے کہ ظہر کی نماز پڑھتے تھے آخر حدیث تک اور اس سے
واضح اسماعیلی کی روایت ہے دوسرے طریق سے حرمی سے اور اسکے لفظ یہ ہیں میں نے انس سے سنا کہ انکو زید
جمعہ کے دن بلایا اسے ابو حمزہ آپ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نماز میں حاضر ہوئے آپ جمعہ کو وقت
تھے پھر انہوں نے حدیث کو بیان کیا لیکن قول یعنی الجمعۃ کو بیان نہیں کیا وقال یونس بن بکیر اخبرنا ابو
وقال بالصلوٰة ولم یذکر الجمعة اور یونس بن بکیر ابو خلدہ خالد بن دینار کے شاگرد نے اپنی روایت
کا ذکر نہیں کیا انہوں نے مطلق نماز کا ذکر کیا **ف** اسکو مؤلف نے ادب مفرد میں موصول کیا اور اسکے الفا
میں نے انس بن مالک رضہ سے سنا اور وہ حکم کے ساتھ تخت پر بیٹھے تھے جو بصرہ کا حاکم تھا کہتے

Marfat.com

نماز ٹھنڈی کرتے اور سردی مین سویرے پڑہتے اور اسکو اسمعیلی نے دوسری طریق سے نکالا یونس سے اور زیادہ
ظہر کی نماز اور حکم مذکور وہ ابو عقیل ثقفی کا بیٹا ہے اپنے چچازاد بہائی حجاج کا نائب تہا اور وہ بھی چچازاد بہائی کی
جمعہ کے دن خطبہ کو لمبا کرتا یہانتک کہ جمعہ کا وقت نکلنے کو ہو جاتا اور ابو یعلے نے یزید ضبعی مذکور کا قصہ بیان کیا
ہے اور اسکا انکار حکم کے اس صنیع شنیع پر اور اسپر اسنے انس سے شہادت طلب کی لیکن انس نے حکم کو معذور رکہا اسطرح کہ اسنے
مین تاخیر ٹھنڈا کرنیکے لیے کی ہے پہر اسحدیث کو ایک ورق مین بیان کیا اور اس سے معلوم ہوا کہ ابراد انس رضہ کے
یہ جمعہ کی نماز مین قیاساً تہا ظہر پر نہ نص کے ساتہہ لیکن اکثر حدیثون سے صریحاً ثابت ہوتا ہے کہ جمعہ کی نماز
ظہر مین فرق ہے وقال یزید بن ثابت حدثنا ابو خلدۃ صلی بنا امیر الجمعۃ ثم قال لانس کیف
کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یصلی الظہر اور بشر بن ثابت نے ابو خلدہ خالد بن دینار سے روایت کیا کہ ایک امیر نے
جمعہ کی نماز پڑہائی پہر انس سے پوچہا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ظہر کی نماز کسوقت پڑہتے تہے فا تو سکے جواب
مین انس نے یہ حدیث بیان کی جو مذکور ہوئی حافظ نے کہا اسکو موصول کیا اسمعیلی اور بیہقی نے اس لفظ کے ساتہہ کہ
سردی کے موسم مین ظہر کی نماز سویرے پڑہتے اور گرمی کی بہار مین ظہر کی نماز کو ٹھنڈا کرتے اور ادب مفرد کے طریق سے
معلوم ہوگیا نام اس امیر مبہم کا اس روایت معلقہ مین اور اسمعیلی وغیرہ کی روایت سے انس بن مالک کیحدیث بیان کرنیکا
سبب تاکہ اسکو ابو خلدہ نے سنا اور زید بن ثابت نے کہا بخاری رح کا میلان جمعہ کی نماز ٹھنڈے کرنیکی طرف ہے اور حکم
اسلیے ثابت نہین کیا کہ یعنے الجمعۃ کے قول مین احتمال ہے کہ تابعی کا قول ہو اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ تبع تابعی کا
قول ہو اور انسنے اسکو ملا دیا ہو ظہر کے ساتہہ کیونکہ تین حال سے خالی نہین ہے یا تو ظہر ہے اور یا ظہر پر زیادت ہے یا ظہر
سے قلیل ہے اور اسکا موید ہے ہمیر بصری کا قول انس کے لیے جمعہ کے دن کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ظہر کی نماز کو
اول وقت پڑہتے تہے اور انس کا جواب اسکے انکار کے سوا اور یہ بھی کہا کہ جب ثابت ہوا کہ جمعہ کی نماز مین بھی ابراد مشروع
ہے تو اس سے معلوم ہوا کہ جمعہ جائز نہین ہے زوال سے پہلے اسلیے کہ اگر جمعہ زوال سے پہلے جائز ہوتا تو گرمی کی شدت
کی تاخیر کا سبب نہ ہوتی بلکہ اسکا زوال سے پہلے ادا کر لینا کافی ہوتا اور اس سے ابن بطال نے دلیل لی کہ جمعہ اور ظہر
کا وقت ایک ہے کیونکہ انس نے دونو کو مساوی بنایا حکم جواب مین بخلاف اس شخص کے کہ جمعہ کی نماز کو زوال سے
پہلی سمجہتا ہے اور اس سے پہلے باب مین اسپر کلام گذر چکی اور اس مین دلیل ہے کہ جہانتک ممکن ہو نمازی تشویش کو دور
کرنے کی محافظت کرے لیے کیونکہ یہی سبب ہے ابراد کی رعایت کرنے مین گرمی کی وجہ سے سردی کے سوا **باب** المشی
الی صلوٰۃ اللہ عزوجل فاسعوا الی ذکر اللہ ومن قال السعی العمل والذہاب لقولہ تعالے

وسعی لہا سعیہا جمعہ کی نماز کی طرف چلنے کا بیان اور اللہ عزوجل کے قول فاسعوا الی ذکر اللہ کی تفسیر کا بیان اور اس
کی دلیل کا بیان جو کہتا ہے کہ سعی مطلق کام کرنے اور چلنے کو بھی کہتے ہیں اور اسپر یہ آیت دلیل لاتا ہے وسعی لہا سعیہا یعنے
عمل کیا آخرت کے جو آخرت کا عمل ہے ف حافظ نے کہا کہا ابن منیر نے جب اللہ تعالی نے سعی کو امر اور بیع کی
مقابل کے طور پر بیان کیا تو معلوم ہوا کہ مراد سعی سے آیت کریمہ میں عمل ہے جو وہ اسکی فرمانبرداری ہے کیونکہ طاعت
دنیا کی سعی جیسے بیع اور صناعت کی مقابل ہے اور حاصل یہ ہے کہ آخرت کی سعی کا امر ہوا ہے اور دنیا کی سعی سے منع
ہے اور موطا میں ہے امام مالک سے کہ اسنے ابن شہاب سے اس آیت کی تفسیر پوچھی تو انہوں نے فرمایا حضرت عمر رضہ
آیت کو اسطرح پڑھتے تھے اذا نودی للصلوۃ من یوم الجمعۃ فامضوا یعنے ای ایمان والو جب اذان
کی جمعہ کے دن تو چلو اللہ کی یاد کیطرف اور گویا آپنے سعی کی مطلق چلنیکے ساتھہ تفسیر کی امام مالک نے کہا اور
تو عمل ہے اسلیے کہ اللہ تعالی نے فرمایا واذا تولی سعی فی الارض یعنے جب پہنچے پیٹھ زمین میں فساد کرے اور
فرمایا واما من جاءک یسعی یعنے اور وہ جو آیا تیرے پاس چلتا امام مالک نے کہا اور سعی سے آیت میں دوڑنا
مراد نہیں ہے اہتے اور حضرت عمر رضہ کی قرات مذکورہ پر کتاب التفسیر میں انشاء اللہ تعالی کلام آویگی اور مصنف
الرحمۃ نے باب میں بیان کی یہ حدیث لاتاتوہا وانتم تسعون یعنے نہ آؤ تم نماز کو دوڑکر اور آؤ چلکر اور اسمیں
کیا اسطرف کہ جس سعی کا آیت میں حکم ہوا ہے اس سے وہ سعی مراد نہیں ہے جس سے حدیث میں منع کیا گیا
دلیل یہ ہے کہ سعی آیت میں تفسیر کی گئی ہے مضی کے ساتھہ اور حدیث میں تفسیر کی گئی ہے دوڑنیکے سا
کہ حدیث میں سعی مقابل ہے مشی کے جسکے معنے چلنے کے ہیں جہاں فرمایا ہے نہ آؤ نماز کو دوڑکر اور آؤ
وقال ابن عباس یحرم البیع حینئذ اور ابن عباس رضہ نے کہا جمعہ کی اذان کے وقت خرید و فروخت حرام ہو
(اور جمعہ کیطرف چلنا واجب ہو جاتا ہے اسلیے کہ اللہ تعالی نے فرمایا اور خرید و فروخت چھوڑ دو) ف حافظ
اس اثر کو ابن جریج کے ذکر کیا عکرمہ کے طریق سے اسنے ابن عباس رضہ سے اس لفظ کے ساتھہ کہ جمعہ کے دن جب جمعہ کی
اذان ہو تو خرید و فروخت جائز نہیں ہے پھر جب پوری ہو چکے نماز تو خرید و بیع اور روایت کیا اسکو ابن
دوسرے طریق سے ابن عباس سے مرفوعا اور علما کا اس مسئلہ میں اختلاف ہے جمہور علماء کا یہ مذہب ہے کہ جمعہ کی
کے وقت خرید و فروخت حرام ہو جاتی ہے اگر حاجت کے وقت مثلا پانی نہ ہو یا کپڑا نہ ہو یا طاقت نہ ہو
حرمت کی اسوقت سے ہوتی ہے جب امام کے منبر پر بیٹھنے کے وقت مؤذن اذان کہے اسلیے کہ حضرت صلعم
اکرم صلعم کے عہد سعادت مہد میں یہی اذان ہوا کرتی تھی جیسے عنقریب آتا ہے اور عمر بن شیبہ نے

بعد جب صحابہ نے سبحان اللہ [illegible]
اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ناصر الدین ابن منیر
اللہ کہتے اور ترک تشہد کی وہ فقہ پر تخریج کرتے
سبحان اللہ کہنے کی تصریح ہے ابن بطال کہتے ہیں
کہ اگر کوئی شخص تکبیر تحریمہ بھول جاوے تو وہ شخص [illegible]
تشہد واجب ہوتا تو سجود سہو اسکے قائم مقام نہ ہوتے اور
پڑھا جاتا تو واجب ہوا جیسے دعا افتتاح اور ابن بطال کہتے
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کو اپنی [illegible]
قصد کیا اور اس میں نظر ہے اور قائل ہوئے ہیں اسکے وجوب
یہی ایک قول ہے امام شافعی رح کا اور ایک روایت ہے حنفیہ سے
لی کہ نماز اول دو ہی رکعتیں فرض ہوئی اور ان میں تشہد واجب تھا
واجب کو زائل نہیں کیا اور اسکا جواب [illegible] گیا ہے کہ
دو رکعتیں ہیں ہو سکتا ہے کہ وہ دو رکعتیں زیادہ [illegible]
تائید کرتا ہے سلام کا استمرار تشہد اخیر کے بعد [illegible]
شخص نے عمداً جلوس کو ترک کیا اسکی نماز باطل ہو جاتی
تشہد واجب نہیں ہے انکے نزدیک تشہد کے ترک

حدثنا ابو الیمان قال اخبرنا [illegible]
عبد المطلب قال مرة مولی ربیعة بن الحارث
وهو حليف لبني عبد مناف [illegible]
علیه وسلم صلی بهم الظهر [illegible]
فقد الصلوة وانتظر الناس [illegible]
بن مالک بن بحینہ [illegible]
[illegible]

Marfat.com

ے طریق سے روایت کیا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عہد سعادت مہد مین جمعہ کے دن ایک مؤذن اذان
جب امام (خطبہ کے لیے) نکلتا اور اسی اذان کے وقت خرید و فروخت حرام ہوتی ہے اور یہ روایت اگرچہ مرسل
ل اور حدیثون کی ساتھہ قوت دی گئی ہے جو عنقریب آتی ہین اور پہلی اذان کے وقت انکی نزدیک خرید و
ے جایز ہے کراہت کے ساتھہ اور حنفیہ کے نزدیک مطلقاً بیع مکروہ ہے حرام نہین ہے نہ اول اذان کے وقت اور
ری اذان کے اور اگر اس ممنوع وقت مین بیع کرے تو تحریم کے قول کے ساتھہ اسمین دو قول ہین بعضون کے
یہ بیع صحیح ہو جاتی ہے اور بعضون کے نزدیک صحیح نہین ہوتی لیکن شبہ سے خالی نہین ہے وقال عطاء تحرم
تاعات کلها اور عطا بن ابی رباح تابعی نے کہا جمعہ کی اذان کے وقت کل پیشے حرام ہو جاتے ہین ف
نے کہا اسکو عبد بن حمید نے اپنی تفسیر مین موصول کیا اس لفظ کے ساتھہ کہ جب اذان کی ندا کیجاوے تو کھیل کود
ید و فروخت اور سب دنیاوی پیشے حرام ہو جاتے ہین اور حرام ہو جاتا ہے سونا اور مرد کا اپنی بی بی پاس آنا
حرام ہو جاتا ہے خط لکھنا اور جمہور کا یہی مذہب ہے وقال ابراهيم بن سعد عن الزهري اذا اذن المؤذن
الجمعة وهو مسافر فعليه ان يشهد اور ابراہیم بن سعد نے زہری سے روایت کیا کہ مؤذن جب اذان دیوے
کے دن اور سامع مسافر ہو تو اسپر آنا واجب ہو جاتا ہے ف حافظ نے کہا مینے اسکو ابراہیم کی روایت سے
ن دیکھا اور اسکو ابن منذر نے زہری سے ذکر کیا اور کہا کہ زہری سے اس مسئلہ مین مختلف روایتین ہین ایک مین
ے کہ مسافر پر جمعہ واجب ہے اور ایک روایت مین ہے کہ مسافر پر جمعہ واجب نہین ہے جمہور کے قول کیطرح ابن منذر
ے کہا اسپر اجماع ہو چکا ہے کہ جمعہ مسافر پر واجب نہین ہے اور ممکن ہے کہ زہری کی کلام کو دو حالتون پر حمل کیا جاوے
عہ علی مسافر کو دو حمل کیا جاوے اور فعلیہ ان یشہد کو استحباب پر اور ممکن ہے کہ ابراہیم بن سعد کی اس روایت کو ایک خاص صورت
ل کیا جاوے اور وہ یہ کہ مسافر اتفاقاً ایسے شہر مین آیا جسمین جمعہ کی نماز ادا کیجاتی ہے اور اسنے جمعہ کی اذان سنی اور یہ نہین
کہ مسافر پر جمعہ مطلقاً واجب ہے تا کہ اسپر سفر کرنا حرام ہو جاوے زوال سے پہلے اس شہر سے جسمین وہ سرسری طور
یلتا چلتا داخل ہو گیا مثلاً اور بخاری کی نزدیک اسی کو ترجیح ہے اور اسکی تایید کرتا ہے اللہ کے قول یا ایہا الذین
نوا اذا نودی الآیۃ کا عموم تو اس آیت مین اللہ تعالی نے مقیم کو مسافر سے خاص نہین کیا اور وہ حدیث جس سے
ابن منذر نے مسافر سے جمعہ کے ساقط ہونے پر دلیل لی ہے اسطرح کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عرفہ مین ظہر
عصر دونو نمازون کو جمع کیا اور وہ جمعہ کا دن تھا تو اس سے صرف اتنا ثابت ہوتا ہے کہ مسافر پر جمعہ واجب نہین
ہے یہ عمل صحیح ہے مگر اس سے وہ صورت جو مینے ذکر کی ہے منتفع نہین ہو سکتی اور زین بن منیر نے کہا بخاری

نے اس ترجمہ مین جمعہ کیطرف چلکر جانا ثابت کیا ہے باوجود اسکے کہ بخاری علیہ الرحمۃ کو اسی شخص کا
سعی کی تفسیر ذہاب کے ساتھہ کی ہے جو شامل ہے چلکر جانے اور سوار ہوکر جانے کو گویا سکینہ اور وقار کا
پر کہا ساری نمازون مین تو اس جمعہ بھی داخل ہے جیسے اسکو ابوہریرہ کی حدیث چاہتی ہے اور یہی ابوقتادہ کی
اسمین یہ بات "اور لازم پکڑو سکینت کو" سے اخوذ ہے کیونکہ یہ جملہ چاہتا ہے کہ نماز کیطرف جانے کی حالت مین
نہ کیجاوے **حدثنا** علی بن عبد اللہ قال حدثنا الولید بن مسلم قال حدثنا یزید بن ابی
قال حدثنا عبایۃ بن رفاعۃ قال ادرکنی ابو عبس وانا اذھب الی الجمعۃ فقال سمعت
صلی اللہ علیہ وسلم یقول من اغبرت قدماہ فی سبیل اللہ حرمہ اللہ علی النار عبایہ بن رفا
ہے کہ ابو عبس مجھکو ملا اور مین جمعہ کیطرف جارہا تہا **ف** حافظ نے کہا ابو عبس کا نام صحیح قول پر عبد الرحمن ہے ا
مین اسحدیث کے سوا اور کوی حدیث نہین ہے **ق** اسنے کہا مینے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا آپ فرما
کہ جسکے پاؤن خدا کی راہ مین گرد آلودہ ہون اسپر اللہ دوزخ کو حرام کردیتا ہے **ف** حافظ نے کہا بخاری کے
ایسا ہی ہے کہ یہ قصہ عبایہ کا ابو عبس کے ساتھہ واقع ہوا ہے اور اسماعیلی کے پاس ہے علی بن بحر وغیرہ کی روایت
ولید بن مسلم کہ یہ قصہ یزید بن ابی مریم کا عبایہ کے ساتھہ واقع ہوا ہے اور اسیطرح اسکو نسائی نے حسین بن حر
ولید سے اور اسکے لفظ یہ ہین حدیث بیان کی مجھسے یزید نے کہ مجھکو عبایہ بن رفاعہ ملا اور مین جمعہ کیطرف
تہا اسماعیلی نے زیادہ کیا اور عبایہ سوار تہا تو اسنے کہا تو اس جانے پر ثواب طلب کر اور نسائی کی روایت مین ہے
تو خوش ہو کہ تیرا یہ چلنا اللہ کی راہ مین ہے اور مینے ابو عبس بن جبیر سے سنا اور حدیث کو بیان کیا اگر یہ نسائی
کی روایت محفوظ ہے تو ہوسکتا ہے کہ یہ قصہ دونو کے لیے وقوع مین آیا ہو اور حدیث کے متن پر کلام انشاء اللہ
کتاب الجہاد مین آویگی اور اسحدیث کو یہان بیان کیا "فی سبیل اللہ" کے عموم کے لیے جسمین جمعہ بھی داخل ہے
کہ حدیث کے راوی نے اسحدیث سے جمعہ کیطرف جانے پر دلیل لی ہے اور ابن منیر نے بخاری کے حاشیہ مین کہا ابو عبس
کے ترجمہ مین داخل ہونیکی یہ وجہ ہے کہ عبایہ نے کہا مجھے ابو عبس نے پایا کیونکہ عبایہ کو ابو عبس اگر دوڑتا پاتا
پہچنے کا موقعہ نہ ملتا اسلیے کہ دوڑتے پاپیادہ چلنا دشوار ہے اور دوسرا یہ کہ ابو عبس نے جمعہ کیطرف جانیکو جہ
جانیکی طرح قرار دیا اور دوڑنا مطالب جہاد مین سے نہین ہے تو یہی حال ہے جمعہ کا اسنتے اور ابو ہریرہ
پر ابواب الاذان کے اواخر مین کلام گذرچکی اور پہلے باب مین گذرچکی اسحدیث کی بیان لانیکی مصطلاح
اسکو مؤلف نے جہاد مین اور اسی طرح ترمذی اور نسائی نے **حدثنا** آدم قال حدثنا شعبۃ

ل سلمة عن ابی هريرة عن النبی صلی الله علیه وسلم ۷ وحدثنا ابو الیمان قال اخبرنا
الزهری قال اخبرنی ابو سلمة بن عبد الرحمن ان اباهريرة قال سمعت رسول الله صلی الله
د یقول اذا اقیمت الصلوة فلا تاتوها وانتم تسعون وعلیکم السکینة فما ادرکتم
وما فاتکم فاتموا ابوہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا فرماتے تہے
کی تکبیر ہو تو نہ آؤ نماز کو دوڑکر اور آؤ چلکر اور لازم کر آرام کو پہر جتنی نماز امام کے ساتہہ پاؤ اسکو پڑہو اور جتنی
اسکو پورا کرلو **حدثنی** عمرو بن علی قال حدثنا ابو قتیبة قال حدثنا علی بن المبارک
حیی بن ابی کثیر عن عبد الله بن ابی قتادة لا اعلمه عن ابیه عن النبی صلی الله علیه وسلم
تقوموا حتی ترونی وعلیکم السکینة ابو قتادہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
جب تک مجھکو آتے دیکھ نہ لیا کرو اور چین سے آیا کرو **ف** حافظ نے کہا باب کا تعلق جملہ وعلیکم السکینة سے
اور اسکے عموم سے معلوم ہوتا ہے کہ جمعہ کی نماز کے لیے بھی دوڑکر آنا منع ہے توسط بالبقت ظاہر ہے اور ابن رشید
نے کہا اور کہڑا ہونے سے منع کرنے میں نکتہ یہ ہے کہ انکا کہڑا ہونا آپکی نماز میں جلد داخل ہونیکا سبب بنے ہو تو اصل مقصود
ہوگا اور وہ چین سے آتا ہے اور گویا بخاری علیہ الرحمۃ نے اشارہ کیا کہ اگر آیت میں سعی سے صرف چلنا مراد نہ لیا جائے
بلکہ دوڑنا ہی مراد لیا جاوے تو بھی ممکن ہے اسلیے کہ جمعہ کی نماز کیطرف دوڑنے اور دوسری نمازوں کیطرف
جانے میں فرق ہے جمعہ کے سوا اور نمازوں کیطرف دوڑکر آنے کی وجہ یہ ہے کہ دوڑکر آنے میں آدمی تہک جاتا
ہے اور سانس پہر جاتا ہے تو جمعہ کے سوا اور نمازوں کی طرف دوڑکر آنے والا نماز میں سانس پہر داخل ہوگا جو خشوع
کے منافی ہی بخلاف جمعہ کی نماز کے طرف دوڑکر آنے والے کے کہ وہ نماز سے پہلے ایک ایسی عبادت میں حاضر ہوتا
ہے جسمیں نماز کے قائم ہونے سے پہلے آرام پائے گا **باب** لا یفرق بین اثنین یوم الجمعة جمعہ کے دن
ملے بیٹہوں میں جدائی نہ کرے **ف** وہ شخص جو مسجد میں آوے **حدثنا** عبدان قال اخبرنا
الله قال اخبرنا ابن ابی ذئب عن سعید المقبری عن ابیه عن ابن ودیعة عن سلمان
الفارسی قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من اغتسل یوم الجمعة وتطهر بما استطاع
من طهر ثم ادهن او مس من طیب ثم راح فلم یفرق اثنین فصلی ما کتب له ثم اذا خرج
امامه انصت غفر له ما بینه وبین الجمعة الاخری سلمان فارسی رضہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم نے فرمایا جو شخص جمعہ کے دن غسل کرے اور پاک کرے اپنا بدن اچھی طرح پہر تیل لگاوے یا خوشبو پہر جمعہ کے

Marfat.com

لیے آوی اور دو میسون کو جو ملکر بیٹھے ہون جدا نکرے اور جتنا اُسکے لیے تقدیر مین ہے کا
ہو تو چپ رہے تو اُسکے گناہ بخشدیے جاوینگے جو اس جمعہ سے لیکر دوسرے جمعہ تک ہون ف
بخاری علیہ الرحمۃ نے ترجمہ مقرر کیا اور حکم کو ثابت نہین کیا اور علماء کا اس مسئلہ مین اختلاف ہے جمہور علما
دو آدمیونکو جدا کرنا مکروہ تنزیہی ہے اور ابن منذر نے کراہت تحریمی کو اختیار کیا ہے اور اسی کے ساتھہ تو
زوائد روضہ مین جزم کیا ہے اور بہت لوگ اسکے مکروہ تنزیہ ہونے کیطرف گئے ہین اسکو ابو حامد غزالی
نقل کیا ہے اور مشہور شافعیہ کے نزدیک مطلق کراہت ہے جیسے اسکے ساتھہ رافعی نے جزم کیا ہے اور
جو گردنین پھاندنے کی زجر مین وارد ہوئی ہین وہ مسند اور سنن مین موجود ہین اور ان مین اکثر ضعیف ہین
مین بہت قوی روایت وہ ہے جسکو ابو داؤد اور نسائی نے ابو الزاہریہ کے طریق سے نکالا کہا ہم عبد اللہ بن
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یار کے ساتھہ تھے تو اُسنے ذکر کیا کہ ایک شخص آیا وہ لوگونپر سے گردنین پھاندنے
آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خطبہ پڑھ رہے تھے تو آپنے فرمایا بیٹھہ جا تونے ایذا دی (لوگون کو) اور امام مالک اور
نے کراہت کو مقید کیا ہے اسکے ساتھہ کہ خطیب منبر پر ہو زین بن منیر نے کہا دو آدمیون کے درمیان جدائی
شامل ہے انکے درمیان بیٹھنے کو اور ان مین سے ایک کو اٹھا کر اسکی جگہہ بیٹھنے کو اور کبھی تفریق کا اطلاق
گردن پھاندنے پر بھی آتا ہے اور گردن پھاندنے مین یہ تکلیف ہوتی ہے کہ دوسرے لوگونکے سر و منہ پر پاؤن کو
ہے یا انکے مونڈھے ہو منہ اور کبھی کبھی انکے عمامہ اور چادرون کے ساتھہ اسکا پاؤن اڑ جاتا ہے اور گردن پھا
وقت مکروہ نہین ہے جب پہلی صف مین کوئی فرار ہو اور یہ آگے جانیوالا درار کو ملانا چاہتا ہے اور بخاری
نے اسباب مین سلمان کی حدیث بیان کی ہے جسپر باب الدہن بالجمعہ مین پوری کلام گذر چکی مترجم عفا اللہ عنہ کہتا
بعض لوگ ایسا کرتے ہین کہ جمعہ کے دن دیر مین آتے ہین اور جب آتے ہین تو لوگون کی گردنونپر سے
پھاندتے آگے بڑھتے ہین یہ منع ہے بلکہ حرام ہے ابن قیم نے اسکو کبیرہ گناہون مین سے لکھا ہے لوگون نے
امر کو ہلکا گناہ سمجھہ لیا ہے اور اکثر مسجدون مین ایسا دیکھا جاتا ہے اللہ رحم کرے آدمی کو چاہیے کہ جہان
بیٹھہ جاوے جب دیر مین آیا تو پیچھے ہی بیٹھے اگر بڑھنا کیا ضرور اور لوگون کو ستانا ابن ماجہ نے معاذ بن انس
روایت کیا آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص لوگونکی گردنین پھاندے جمعہ کے دن اُسنے جہ
ایک پل بنایا یعنے لوگون کی گردنین اسکے لیے مثل ایک پل کے ہو جاوینگی جو قیامت کے دن اسکو جہنم کا
ہوگا فقہاء نے کہا ہے کہ اگر لوگون کو ایذا نہ ہو تو امام کے خطبہ شروع کرنے سے پہلے پھاندنا درست ہے

ممانعت نکلتی ہے اور یہی صحیح ہے ابن تیمیہ نے منتقے الاخبار مین اسپر باب باندہا کہ مرد اپنی جگہہ کا زیادہ
بیٹھنے کے آداب اور گردن پھاندنے کی ممانعت مگر ضرورت کے لیے جابر رضہ سے مروی ہی کہ رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک تمہارا کسی شخص کو اسکی جگہہ سے اٹہاکر وہان نہ بیٹہے اور لیکن کہے فراخ ہوجاؤ روایت
امام احمد اور مسلم نے اور ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہما سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع کیا ایک مرد
اسکی جگہہ بیٹھنے سے لیکن (کہے) فراخ ہوجاؤ یہ حدیث متفق علیہ ہے اور امام احمد اور مسلم کی روایت مین ہی کہ عبداللہ
کہے ہی جب کوئی شخص اپنے مقام سے اٹہکر انکو وہان بیٹہانا چاہتا تو اسکی جگہہ مین نہ بیٹہتے اور ابوہریرہ رضہ
روی ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب ایک تمہارا اپنی جگہہ سے اٹہہ جاوے اور پہر لوٹ کر آوے
اس مقام کا زیادہ حقدار ہے روایت کیا اسکو امام احمد اور مسلم نے اور وہب بن خذیفہ رضہ سے روایت ہی کہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مرد اپنی بیٹہک کا زیادہ حقدار ہے اور اگر کسی ضرورت کے لیے اٹہہ گیا پہر لوٹ کر آیا
اپنی بیٹہک کا حقدار ہے روایت کیا اسکو امام احمد اور ترمذی نے اور صحیح کہا اسحدیث کو پہلی حدیث مین جمعہ کے دن کی
ہے اور ایک روایت مین ہی ابوالزبیر کے طریق سے اسنی جابر سے کہ ایک تمہارا جمعہ کے دن اپنے بہائی کو اسکی جگہہ
سے نہ اٹہاوے پہر آپ اسکی جگہہ بیٹہہ جاوے اور اس مسئلہ پر بخاری علیہ الرحمۃ نے باب مقرر کیا اور کہا نہ اٹہاوے کوئی
اپنے بہائی کو اسکی جگہہ سے جمعہ کے دن اور اسکی جگہہ آپ بیٹہ جاوے اور جمعہ کے دن کا ذکر جابر کی حدیث مین عام کے بعض
افراد تخصیص کے باب سے ہی نہ مطلق احادیث کی تقیید کے قبیل سے اور نہ عمومات کی تخصیص کی قبیل سے پہر جسنے
مباح مکان کی طرف سبقت کی وہ جگہہ مسجد مین ہو یا غیر مسجد مین جمعہ کے دن ہو یا کسی اور دن مین نماز کے
واسطے ہو یا غیر نماز کے واسطے تو وہی اسجگہہ کا زیادہ حقدار ہے اور اسکی سوا دوسرے آدمی کو اسکی جگہہ سے اٹہاکر آپ وہان
بیٹہنا حرام ہے مگر اس سے ایک صورت مستثنی ہے وہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص کسی ضرورت کے لیے اٹہا اور وہان
سے بیٹہہ گیا اب اگر وہ لوٹ کر آوے تو اس شخص کو اس مرد کا اٹہانا جایز ہے جو اسکی جگہہ مین اسکے پیچہے بیٹہہ گیا
اسپر دلالت کرتی ہین ابوہریرہ رضہ اور وہب بن خذیفہ رضہ کی حدیثین جو باب مین مذکور ہوئین اور ان دونون
کا ظاہر تو یہ ہے کہ مسجد اور غیر مسجد مین کوئی فرق نہین ہے اور اسی طرف گئے ہین شافعیہ اور ہادویہ اور یہی حکم
ان جگہون کا جن مین لوگ تجارت وغیرہ کے واسطے بیٹہتے ہین تو جو شخص ایک جگہہ مین بیٹہا کرتا ہے وہی
اسکا حقدار ہے مگر اس صورت مین اسکا حق نہ ہے گا جب اسکی مفارقت کا زمانہ طویل ہوجاوے اسقدر کہ
اسکا حال کسنے والے وہان آنا جانا چہوڑدین اسکو امام نووی علیہ الرحمۃ نے مسلم شریف کی شرح مین ذکر کیا اور

غیث مین کہا اسجگہ کا وہ شخص پچھلے پیر تک حقدار رہتا ہے اور امام غزالی نے کہا وہ شخص ہمیشہ دوسرے تک حقدار
اور امام شافعی کے اصحاب نے کہا کہ یہ امر استحباب کے طور پر ہے نہ وجوب کے طور پر اور اسی طرف گئے ہین امام مالک رح
اصحاب شافعی نے اور نہین فرق ہے مسجد مین اس شخص کے درمیان جو اٹھہ گیا اور وہان مصلی چھوڑ گیا یا دیسے کوئی
اس شخص کے درمیان جو اٹھہ گیا اور وہان کوئی چیز نہ چھوڑی کہتے ہین اور وہ شخص اسجگہ کا حقدار خاص اسی نماز مین
نہ دوسری نمازون مین اور دونو حدیثون کا ظاہر تو یہ ہے کہ مسجد اور غیر مسجد مین کوئی فرق نہین ہے اور جابر
عمر رض کی حدیثون کا ظاہر یہ ہے کہ جائز ہے مرد کے لیے دوسرے آدمی کی جگہہ مین بیٹھنا جب وہ اپنی خوشی کے سا
جگہہ مین اسکو بیٹھا دے اور ابن عمر رض جو اس شخص کی جگہہ مین نہ بیٹھتے جو انکو اپنی جگہہ مین بیٹھانا چاہتا تو
ورع تہا اور پرہیزگاری کیونکہ بسا اوقات ایک آدمی دوسرے آدمی سے شرما جاتا ہے اور اسکے لیے کہڑا ہو
لیکن دلمین اسکے وہان بیٹھنے پر خوش نہین ہوتا اور ظاہر تو یہ ہے کہ جسنے خود بخود کسی شخص کو اپنی جگہہ مین بیٹھانا چا
اسنے اپنا حق گرا دیا اور یہ کہنا کہ ہو سکتا ہے کہ وہ دلمین اسکے وہان بیٹھنے سے خوش نہ ہو یہ ظاہر کے خلاف ہے اور فضا
کی جگہہ مین دوسرے شخص کو اپنے پر ترجیح دینا مکروہ ہے جیسے کسی شخص کے لیے پہلی صف کو چھوڑکر دوسری
مین آجاوے اور پہلی صف مین اسکو بیٹھا دیوے کیونکہ ایثار اور آداب کے طریق کا سلوک عبادات اور فضائل
نہین ہے بلکہ نفس کے حظوظ اور دنیا کے کامون مین دوسرے لوگون کو اپنے نفس پر ترجیح دیوے اور جسنے
کامون مین سے کسی کام مین اپنے آپ کو ترجیح دی تو وہ ثواب کا رغبت کرنیوالا ہے اور ابن عمر رض سے
ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب ایک تمہارا اپنی جگہہ مین اونگھے جمعہ کے دن تو وہ وہا
اٹھکر دوسری جگہہ مین چلا جاوے روایت کیا اسکو امام احمد اور ترمذی نے اور صحیح کہا اسکو شوکانی نے کہا
ابوداؤد نے بھی اسناد سے نکالا اسنے عبیدہ بن سلیمان سے اور اسکی اسناد مین محمد بن اسحق مدلس ہے اور
عن کے ساتھہ روایت کیا ہے اور اسکو ابن حبان نے بھی اپنے صحیح مین عن کے ساتھہ نکالا اور ابن العربی
حدیث کو اسی وجہ سے ضعیف قرار دیا ہے اور اس مسئلہ مین روایت ہے سمرہ سے بزار اور طبرانی کے
مین کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب ایک تمہارا جمعہ کے دن اونگھے تو یہ شخص اپنے پاس سے
مین چلا جاوے اور وہ اسکی جگہہ مین چلا آوے اور یہ اسمعیل بن مسلم کی روایت سے ہے اسنے حسن سے
سے بزار نے کہا اسمعیل کو حدیث پر متابعت نہین کیجاتی اتنے اور حسن کی سمرہ سے سننے مین اختلاف
ذکر گذر چکا اور حدیث کا ایک اور طریق ہے بزار کے پاس اور اسمین خالد بن یوسف سمتی ضعیف

یوسف بن خالد بھی ہے جو ہالک ہے اور سند کے باقی راوی مجہول ہین جسپر ابن قطان نے کہا ذہبی نے میزان
کہا بہرحال یہ اسناد ٹھیک نہین ہے اور حدیث مین جمعہ کے دن کی قید ہے اس سے سارا دن مراد نہین ہے بلکہ اوس
سے یہ ہے کہ جب مسجد مین جمعہ کی نماز کی انتظاری مین بیٹھا ہو جیسے امام احمد کی روایت مین ہے اسکی سند مین
لفظ کے ساتھ کہ جب ایک تمہارا مسجد مین اونگھے جمعہ کے دن برابر ہے کہ خطبہ کی حالت مین اونگھے یا خطبہ سے پہلے
احتمال ہے کہ جمعہ کی قید اغلب کے طریق پر واقع ہوئی ہو اسلیے کہ جمعہ مین لوگ بسبب سویرے آنیکے جمعہ کیطرف مسجد مین
زیادہ ٹھیرتے ہین اور خطبہ سننے مین بھی کچھہ وقت صرف ہوتا ہے اور مراد نماز کا انتظار کرنا ہے مسجد مین جمعہ کا
ہو یا غیر جمعہ کا جیسا کہ ابو ہریرہ کی روایت مین ہے اس لفظ کے ساتھ کہ جب ایک تمہارا اونگھے اور وہ مسجد
مین ہو تو اپنی جگہہ سے اٹھہ کر دوسری جگہہ مین جا بیٹھے اور احادیث مین جمعہ کے دن کا ذکر عام کے بعض افراد
کی تخصیص کے قبیل سے ہوگا اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ فقط جمعہ کا دن ہی مراد ہو خطبہ سننے کے اہتمام کے لیے اور ایک
جگہہ سے دوسری جگہہ مین جانے مین حکمت یہ ہے کہ حرکت سے اونگھہ چلی جاتی ہے اور ہوسکتا ہے کہ حکمت اس
جگہہ کا بدلنا ہو جسمین اسکو بسبب نیند کے غفلت ہوئی ہے اگرچہ سونیوالے پر کوئی گناہ نہین ہے لیکن رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کو حکم کیا انکے وادی مین صبح سے سوجانیکے قصہ مین کہ پہلے سے دوسری جگہہ مین
چلے جاوین جیسے گذرا اور یہ بھی ثابت ہوا ہے کہ جو شخص نماز کا منتظر ہو وہ نماز ہی مین ہے اور نماز مین اونگھنا
شیطان کیطرف سے ہے پھر کبھی جگہہ بدلنے کا حکم اسلیے ہوتا ہے کہ جو چیز شیطان کیطرف منسوب ہے اوسکو دور
کرے جسکی وجہ سے مسجد مین بیٹھنے والا خدا کی یاد سے غافل ہے یا خطبہ سننے مین قاصر ہے اور اسچیز کے سننے سے
عاجز ہے جسمین اسکا فائدہ ہے اور معاذ بن انس جہنی سے روایت ہے کہ منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے گوٹ مار کر بیٹھنے سے جمعہ کے دن اور امام خطبہ پڑھ رہا ہو روایت کیا اسکو امام احمد اور ابو داؤد اور ترمذی
نے اور کہا یہ حدیث حسن ہے اور یعلی بن اوس بن شداد رضہ سے مروی ہے کہ مین معاویہ کے ساتھہ بیت
المقدس کی فتح مین حاضر ہوا تو اسنے ہمکو جمعہ پڑھایا تو مینے دیکھا کہ صحابہ کی ایک جماعت گوٹ مارنیوالے
تھے اور امام خطبہ پڑھ رہا ہے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے شوکانی نے کہا معاذ بن انس کی حدیث سے اسکے بیٹے
سہل بن معاذ کے طریق سے ہے اور اسکو یحیی بن معین نے ضعیف کیا ہے اور بہتون نے اسمین کلام کیا
ہے اور اسکی سند مین ابو مرحوم عبد الرحیم بن میمون بنی لیث کا غلام آزاد بھی ہے جسکو ابن معین نے ضعیف
کہا اور ابو حاتم رازی نے کہا اسکے ساتھہ دلیل نہین لیجاتی اور اس مسئلہ مین روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے

ابن ماجہ کے پاس کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع کیا جمعہ کے دن گوٹ مار کر بیٹھنے سے اور امام
اسکی اسناد مین بقیہ بن ولید مدلس ہے اور اسنے اسحدیث کو اپنے استاذ عبداللہ بن واقد سے عن کے ساتھہ روایت کیا
نے کہا شاید اسکا استاذ مجہول ہے اور جابر سے مروی ہے ابن عدی کی کامل مین کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ
گوٹ مار کر بیٹھنے سے جمعہ کے دن اور امام خطبہ پڑہ رہا ہو اور اسکی اسناد مین عبداللہ بن میمون قداح ہے جو ذاہب
جیسے بخاری نے کہا اور جس اقرع کو یعلے بن شداد نے صحابہ سے روایت کیا اس سے ابوداؤد اور منذری نے سکوت
اسکی اسناد مین سلیمان بن عبداللہ بن زبرقان ہے جسمین نرمی ہے اور ابن حبان نے اسکو ثقہ کہا ابوداؤد نے کہا
عمر گوٹ مار کر بیٹھتے تھے حالانکہ امام خطبہ پڑہتا ہوتا اور گوٹ مار بیٹھتے تھے انس بن مالک اور شریح اور صعصعہ بن
اور سعید بن مسیب اور ابراہیم نخعی اور مکحول اور اسمعیل بن محمد بن سعد اور نعیم بن سلامہ ابوداؤد نے کہا گوٹ مار کر بیٹھنے
حرج نہین ہے کہا ابوداؤد نے نہین پہونچی مجھکو یہ بات کہ کسی نے گوٹ مار کر بیٹھنے کو مکروہ جانا ہو عبادہ بن
سوا اور گوٹ مار کر بیٹھنے کی صورت یہ ہے کہ بیٹھنے والا اپنے دونو گھٹنے کھڑے کرے اور انکو کسی پٹکے کے ساتھ باندھکر
سے ملا دیوے اور اسکے دونو چوتڑ زمین پر ٹکے ہون اور کبھی گوٹ دونو ہاتھون کے ساتھہ بھی ہو جاتی ہے
سو خطابی نے کہا اور اسوقت مین گوٹ مارنے سے اسلیے منع کیا کہ وہ نیند لاویگی اور اسکے وضو کو توڑ دیگی اور گوٹ
سے مطلقاً بھی نہی وارد ہوئی ہے جسمین خطبہ کی حالت کی قید نہین ہے اور نہ جمعہ کے دن کی کیونکہ جس شخص
ایک کپڑا ہوگا اگر وہ گوٹ مار کر بیٹھے گا تو اسکا ستر کہل جاویگا اور علما نے گوٹ مارنے کی کراہت مین جمعہ کے دن
کیا ہے تو اہل علم کی ایک جماعت نے گوٹ مارنیکو مکروہ کہا ہے جیسے ترمذی نے کہا جن مین سے عبادہ بن نسی
کہا مکحول اور عطار اور حسن سے وارد ہوا ہے کہ جمعہ کے دن خطبہ کی حالت مین گوٹ مارنیکو مکروہ جانتے تھے
ابی شیبہ نے مصنف مین روایت کیا ہے کہا اور لیکن ان تینون سے اس مسئلہ مین مختلف روایتین ہین انس کی
منقول ہے اور عدم کراہت بھی اور انہون نے دلیل لی ہے بابہ کی حدیث سے اور ان حدیثون سے جنکو
کیا اور یہ بعض بعض کی مقوی ہین اور اکثر اہل علم جیسے عراقی نے کہا اسکے عدم کراہت کیطرف گئے ہین
ہین وہ لوگ جنکا ذکر ہو چکا ابوداؤد کی روایت مین اور اسکو روایت کیا ابن ابی شیبہ نے سالم بن عبداللہ
قاسم بن محمد سے اور ابن سیرین سے اور حسن اور عمرو بن دینار اور ابوالزبیر اور عکرمہ بن خالد مخزومی سے
کیا اسکو ترمذی نے ابن عمر وغیرہ سے ترمذی نے کہا اور یہی قول امام احمد اور اسحق کا اور انہون نے
کا یہ جواب دیا ہے کہ یہ حدیثین سب کی سب ضعیف ہین اگرچہ ترمذی نے بعض

ابوداؤد نے سکوت کیا ہے پر اسمین وہ ضعیف ہے جو گذرا عبداللہ بن بسر رضہ سے روایت ہے کہ ایک مرد
ن گردنین پھاندتا ہوا آیا جمعہ کے دن اور پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم خطبہ پڑہ رہے تہے تو اسکو حضرت صلی اللہ
وسلم نے فرمایا بیٹہ تو نے (لوگونکو) ایذا دی اسکو ابوداؤد اور نسائی اور امام احمد نے روایت کیا اور زیادہ کیا
یر سے آیا اور ارقم بن ارقم مخزومی رضہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص لوگون کی
کے دن گردنین پھاندتا ہوا آتا ہے اور دو ملی بیٹہون مین جدائی ڈالتا ہے امام کے نکلنے کے پیچہے اسکی ایسی مثال
دوخ خ مین ایک کنیچ کہینچکر روایت کیا اسکو امام احمد نے اور عقبہ بن حارث سے روایت ہے کہ مینے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ
کے پیچہے عصر کی نماز پڑہی پہر آپ (نماز سے فارغ ہوکر) جلدی اُٹہے اور لوگون کی گردنین پھاندکر اپنی بعض بی بیون
رمین گئی تو لوگ آپکی جلدی سے گہبرائے پہر آپ اُن پر برآمد ہوے اور آپنے دیکہا کہ وہ تعجب مین ہین آپکی جلدی سے تو آپنے
مینے ایک سونیکا ٹکڑا یاد کیا جو ہمارے پاس تہا تو مینے برا جانا کہ وہ میرے پاس رہے اور مینے حکم کردیا اسکے بانٹنے کا روایت
یث کو بخاری اور نسائی نے شوکانی نے کہا عبداللہ بن بسر کی حدیث سے ابوداؤد اور منذری نے سکوت کیا ہے
ن خزیمہ وغیرہ نے اسکو صحیح کیا ہے اور یہ ابوالزاہریہ کی روایت سے ہے اور ابوالزاہریہ سے امام مسلم نے بہی حدیث
ی اور ارقم کی حدیث کو طبرانی نے کبیر مین نکالا اور اسکی اسناد مین ہشام بن زیاد ہے جسکو امام احمد اور ابوداؤد اور
ی وغیرہم نے ضعیف کیا ہے اور اسکی حدیث مین اضطراب ہے تو کبہی تو اسکو روایت کیا ہے عثمان بن ارقم عن ابیہ سے
ہی عمار بن سعد عن عثمان بن ارزق سے جیسے آویگا اور اسباب مین روایت ہے معاذ بن انس سے ترمذی اور ابن ماجہ کے پاس
ل اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص جمعہ کے دن لوگون کی گردنین پھاندے ہوے اسنے جہنم تک ایک
نبایا اور یہ سہل بن معاذ کی روایت سے ہے اُسنے اپنے باپ سے ان حدیثون سے پہلی حدیث کی شرح مین سہل بن معاذ
م گذر چکی اور حسین بن شیبان بن سعد بہی ہے جسمین گفتگو ہے اور اسباب مین روایت ہے جابر سے ابن ماجہ کے پاس کہ ایک مرد مسجد
یا جمعہ کے دن اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خطبہ پڑہ رہے تہے تو وہ لگا لوگون کی گردنین پھاندنے حضرت صلی اللہ علیہ
سلم نے فرمایا بیٹہ جا (رہین) تو نے (لوگون کو) تکلیف دی اور دیر سے آیا اور اسکی اسناد مین اسمعیل بن مسلم مکی
ہے اور اس سے زیادہ طول کے ساتہہ اسکو ابن ابی شیبہ نے اپنے مصنف مین روایت کیا ہے اور اسباب مین روایت
ثمان بن ارزق سے طبرانی کے پاس کبیر مین ارقم کی حدیث کی طرح جو باب مین مذکور ہے اور اسکی اسناد مین
ن زیاد ہے اور گذر چکا کہ وہ ضعیف ہے اور اس باب مین روایت ہے ابوالدرداء سے طبرانی کے پاس اوسط مین
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نہ پھاندگردنین لوگون کی جمعہ کے دن طبرانی نے کہا اور اسکے ساتہہ

ارطاۃ متفرد ہوا ہے انتہی اور اسکی اسناد مین بھی عبداللہ بن زریق ہے ازدی نے کہا اسکی حدیث
اور اسباب مین روایت ہی انس سے طبرانی کی باسند صغیر مین اور اوسط مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک
سینے تجھکو دیکھا کہ تو نے لوگون کی گردنین پھاندین اور انکو تکلیف دی جسنے کسی مسلمان کو تکلیف دی اسنے مجھکو
دی اور جسنے مجھکو تکلیف دی اسنے اللہ عزوجل کو تکلیف دی اور اسکی اسناد مین موسی بن خلف عجلی اور قاسم بن مطیب
ہین ان دونو کو ابن حبان نے ضعیف کیا اور ابن معین کا قول موسی مین مختلف ہے تو کبھی اسنے اسکو ضعیف
کبھی کہا لیس بہ باس اور رباب مین انکے سوا اور حدیثین ہین جو باب التنظیف مین گذر چکین امام نووی نے گردنین
اور دو ملے بیٹھون مین جدائی ڈالنے مین فرق کیا ہے اور ابن قدامہ حنبلی نے مغنی مین ان دونو کو ایک
دیا ہے عراقی نے کہا اور ظاہر امام نووی کا قول ہے کیونکہ دو ملے بیٹھون کے درمیان جدائی کرنا تو انکے
بیٹھ جانیسے حاصل ہو جاتا ہے اگرچہ گردنین نہ پھاندے شوکانی نے کہا باب کی حدیثین دلالت کرتی ہین گردنین
پھاندنے کی مکروہ ہونے پر جمعہ کے دن اور جمعہ کے لئے کی قید کا ظاہر تو یہ ہے کہ یہ کراہت جمعہ کے دن کیساتھ ہی خاص ہے
ہو سکتا ہے کہ قید اتفاقی ہو اسلیے کہ لوگون کی بہتایت تو جمعہ ہی سے خاص ہے بخلاف اور نمازون کے تو
پھاندنا جمعہ کے دن کیساتھ خاص نہ ہوگا بلکہ سب نمازون کا حکم جمعہ کے حکم سا ہوگا اور تائید کرتا ہے اسکی ایذا کو علت
قرار دینا اور اس علت کا ظاہر تو یہ ہے کہ یہ کراہت علم کی مجلسون مین بھی جاری ہے اور اسکی تائید کرتی ہے وہ
جسکو دیلمی نے نکالا مسند فردوس مین ابو امامہ کی حدیث سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جسنے قوم
کو انکی اجازت کے سوا پھاندا پھر بیٹھا تو وہ گنہگار ہے لیکن اسکی اسناد مین جعفر بن زبیر ہے جسکو شعبہ نے چھوڑ
اور لوگون نے اسکو چھوڑ دیا ہے اہل علم کا گردنین پھاندنے کے حکم مین جمعہ کے دن اختلاف ہے ترمذی نے
علم سے حکایت کیا کہ انہون نے جمعہ کے دن گردنین پھاندنا مکروہ رکھا ہے اور اسمین انہون نے تشدید
اور امام غزالی نے اپنی تعلیق مین شافعی سے اسکی حرام ہونے کی تصریح کی ہے اور امام نووی نے روضہ مین
کہا کہ مختار تو یہ ہے کہ گردنین پھاندنا حرام ہے اسلیے کہ صحیح حدیثون مین اسکی نہی وارد ہوئی ہے اور ابن حبان
نے فقط کراہت پر اقتصار کیا ہے اور عراقی نے کعب احبار سے روایت کیا کہ اسنے کہا جمعہ چھوڑ دینا
نزدیک بہتر ہے لوگون کی گردنین پھاندنے سے اور ابن المسیب نے کہا میرے نزدیک گرم زمین مین نماز
بہتر ہے گردنین پھاند کر (آگے جانے سے) اور ابو ہریرہ سے بھی ایسا ہی مروی ہے لیکن صحیح نہین
کہ اسکو صالح مولی توامہ ابو ہریرہ رضہ سے روایت کرتا ہے عراقی نے کہا تحریم سے بالکراہت کی امام

سکے لیے) بیٹھے اور لوگ بھی آپکے ساتھ کھڑے ہوئے (ضحاک بن عثمان نے
نافع سے زیادہ کیا کہ صحابہ نے سبحان اللہ کہا لیکن آپ گذر گئے) جب آپنے نماز پوری کرلی اور
سلام کا انتظار کیا تو آپنے اللہ اکبر فرمایا بیٹھے بیٹھے اور (تشہد کے بعد) سہو کے دو سجدے کیے پھر سلام سے
حدیث کو مؤلف نے صلوۃ اور سہو اور نذور میں بھی نکالا اور نسائی اور ابن ماجہ نے صلوۃ میں
تشہد اول کے استحباب پر کیونکہ اگر یہ واجب ہوتا تو آپ اسکی طرف لوٹ کر اسکا تدارک کرتے اور
بخلاف امام احمد بن حنبل رح کے کہ انکے نزدیک یہ واجب ہے اور وہ اسکے وجوب پر یہ دلیل
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسکو کیا اور اسپر مداومت کی اور سجود سہو کے ساتھ اسکا جبر کیا جب
فرمایا تم ویسی ہی نماز پڑھو جیسے تم نے مجھے نماز پڑھتے دیکھا اور اسپر یہ اعتراض ہوا ہے کہ
سہو کے ساتھ جبر کرنا تو الٹا اسپر حجت ہے نہ اسکی دلیل کیونکہ واجب کا جبر نہیں ہوتا سجود سہو کے ساتھ
مسئلہ اور حدیث میں مباحث ہیں جو انشاء اللہ تعالی سہو کے ابواب میں آوینگی

قسطلانی فی ارشاد الساری کہا حافظ نے فتح میں کہ ابن رشید نے کہا جب احادیث میں نماز
کا مطلق ذکر کیا جاوے بلا قید تو مراد اس سے تشہد کے لیے بیٹھنا ہوتا ہے اور اسی کے ساتھ
ترجمہ کی مناسبت کی وجہ ترجمہ کے لیے (ف) ابن تیمیہ نے اسپر ایک باب باندھا اور کہا تشہد اول کے ساتھ
سجود سہو کے ساقط ہونا پھر کہا امام احمد اور نسائی نے عبداللہ بن مسعود رض سے روایت کیا کہ محمد صلی اللہ
علیہ وسلم ہر رکعت میں تشہد پڑھو التحیات للہ والصلوات والطیبات السلام علیک ایھا النبی ورحمۃ
اللہ وبرکاتہ السلام علینا وعلی عباد اللہ الصالحین اشھد ان لا الہ الا اللہ واشھد ان محمدا عبدہ ورسولہ
اسکو مسند کہے اور اسکے ساتھ اللہ عزوجل کو پکارے شوکانی نے کہا حدیث کو امام
احمد نے بیس طریقوں سے نکالا ہے اور بعض میں طول ہے لیکن راوی سب روایتوں کے ثقے ہیں اور جو
کہا اللہ اعلم میں اس شخص کی دلیل ہے جو تشہد اول کے وجوب کا قائل ہے اور وہ امام
احمد ہے اور امام شافعی کا قول بھی ہے اور اسی طرف گئے ہیں داؤد اور ابوثور
اور اسمیں دلیل ہے کہ تشہد کے باب میں جتنی احادیث وارد ہیں وہ مطلق
ہیں اسپر کہ پہلے دو ہی رکعت واجب ہوئی
جو کہ دلیل نہیں کیا اور اسپر وہی اعتراض کیا

...ن جسکا گذر ہے جس تک وہ نہین پہونچ سکتا گردنین پھاندنے کے سوا اسی طرح مطلق رکھا ہے اسکو امام
...نے روضہ مین اور مقید کیا ہے اسکو شرح مہذب مین اور کہا امام جب منبر کیطرف یا محراب کیطرف کوئی راہ نہ پاوے
...ردنین پھاندنے کو تو اسکے لیے گردنین پھاندنا مکروہ نہین ہے اسلیے کہ یہ ضرورت ہے اور اسی کی مثل امام شافعی
...مروی ہے اور عقبہ بن حارث کیحدیث جو باب مین مذکور ہے وہ دلالت کرتی ہے کہ ضرورت کے وقت گردنین
...نا درست ہے جمعہ کے سوا اور دنون مین تو جسنے کراہت کو جمعہ کی نماز کے ساتھہ خاص کیا ہے اسکے نزدیک عقبہ کی
...ث اور باب کی دوسری حدیثون کے درمیان کوئی معارضہ نہین ہے اور جسنے کراہت کو عام رکھا ہے علت مذکورہ
...پاوے جانیکے لیے جمعہ مین اور غیر جمعہ مین تو وہ احدیث کیطرف سے عذر بیان کرنیکا محتاج ہے اور بعض نے کراہت
...اص کیا ہے نیکون کے سوا اور لوگون کے ساتھہ اسلیے کہ نیکون کے گذرنے سے وہ تبرک لیتے ہین اور انکا اونکے
...پر سے گذرنا انکو بھاتا ہے اور وہ انکے پھاندنے سے متاذی نہین ہوتے اور کراہت کی علت ہی ایذا کا وجود ہے
...علت کا وجود نہین ہے تو معلول ہی موجود نہین ہے **باب** لَا يُقِيمُ الرَّجُلُ أَخَاهُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَيَقْعُدُ
...مگانیکو جمعہ کے دن کوئی مرد اپنے بھائی کو اسکی جگہہ سے اٹھاکر آپ وہان نہ بیٹھے **ف** حافظ نے کہا یہ
...یہ جو جمعہ کے دن کے ساتھہ مقید ہے اس مین ایک صحیح حدیث وارد ہوئی ہے
...لیکن وہ حدیث بخاری کی شرط پر نہین ہے اسکو مسلم نے ابو الزبیر کے طریق سے
...الا بِاِذْنِهِ جابر سے اس لفظ کے ساتھہ کہ ایک تمہارا اپنے بھائی کو اٹھاکر اسکی جگہہ مین آپ نہ بیٹھے لیکن کہے فراخ ہو جاؤ
...اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جو شخص اجازت لیکر گردنین پھاندتا ہے وہ کراہت کے حکم سے خارج ہے **حدثنا**
...مُحَمَّدٌ هُوَ ابْنُ سَلَامٍ قَالَ أَخْبَرَنَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ سَمِعْتُ نَافِعًا
...سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُقِيمَ الرَّجُلُ أَخَاهُ مِنْ مَقْعَدِهِ وَيَجْلِسَ
...قُلْتُ لِنَافِعٍ الْجُمُعَةُ قَالَ الْجُمُعَةُ وَغَيْرُهَا ابن عمر رضہ سے روایت ہے کہ مینے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
...سنا آپ منع فرماتے تہے اس سے کہ کوئی شخص اپنے بھائی کو اسکی جگہہ سے اٹھاکر وہان آپ بیٹھہ جاوے ابن جریج
...کہا مینے نافع سے پوچھا کیا یہ حکم جمعہ کے ساتھہ ہی خاص ہے وہ بولے جمعہ کے ساتھہ خاص نہین جمعہ اور جمعہ کے
...اور سب نمازون کو شامل ہے **ف** حافظ نے کہا امام بخاری علیہ الرحمۃ نے احدیث کی عموم سے جمعہ کا
...ثابت کیا اور اسی عموم سے نافع نے دلیل لی جب اسکو ابن جریج نے جمعہ کا حکم پوچھا اور اسپر پوری کلام کتاب
...الجمعہ مین انشاء اللہ العزیز آویگی اور اس صورت کے داخل ہونیکا بیان پہلے باب مین گذر چکا قسطلانی نے کہا

Marfat.com

اور اسحدیث کو امام مسلم نے استیذان مین نکالا **باب الأذان يوم الجمعة** جمعہ کے دن اذان
کہ کسوقت اسکا کہنا ثابت ہی **حدثنا** آدم قال حدثنا ابن ابي ذئب عن الزهري عن السائب
قال كان النداء يوم الجمعة اوله اذا جلس الامام على المنبر في عهد النبي صلى الله عليه
بكر وعمر فلما كان عثمان وكثر الناس زاد النداء الثالث على الزوراء قال ابو عبد الله الزوراء
بالمدينة سائب بن یزید رضہ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عہد سعادت عہد اور ابو بکر
مبارک زمانی مین پہلے اذان اسوقت ہوا کرتی تہی جب امام منبر پر بیٹہتا جب حضرت عثمان رضہ خلیفہ ہوئے اور لوگ بہت
نے ایک تیسری اذان بڑہادی زوراء پر امام بخاری علیہ الرحمۃ نے کہا زوراء ایک مکان تہا مدینہ منورہ کے بازار مین
حافظ نے کہا ابو عبد اللہ مصنف علیہ الرحمۃ کی کنیت ہے اور امام بخاریؒ نے جو زوراء کی تفسیر بیان کی ہی وہی معتمد ہے
بطال نے جزم کیا کہ زوراء مسجد کے دروازے کے پاس بہت بڑا پتہر ہے اور اسمین اعتراض ہے اسلیے کہ ابن اسحق کی روا
مین ہی زہری سے ابن خزیمہ اور ابن ماجہ کے پاس اس لفظ کے ساتھہ کہ انہون نے ایک تیسری اذان بڑہائی بازار کے مکا
جسکو زوراء کہتے تہے اور ابن اسحق کی روایت مین ہے طبرانی کے پاس تو حضرت عثمان نے پہلی اذان دینے کا
تہا اپنے مکان پر جسکو زوراء کہتے تہے تو اسپر آپکے لیے اذان دیجاتی جب آپ منبر پر بیٹہتے تو وہی آپکا پہلا مؤذ
کہتا اور جب اترتے تو نماز کی تکبیر کہتا اور اسکی روایت مین ہی اس طریق سے پہر اذان دیجاتی زوراء پر حضرت عثمان
سے پہلے تاکہ لوگ جان لین کہ جمعہ کا وقت آگیا اور صحیح مسلم مین ہے انس کی حدیث سے کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ و
آپکے اصحاب زوراء مین تہے اور زوراء مدینے مین ایک بازار ہے آخر حدیث تک ابو عامر نے ابن ابی ذئب سے
پہر ثابت رہا یہانتک اور اسی کی مثل آویگا (انشاء اللہ) عنقریب یونس کی روایت سے اس لفظ کے ساتھہ پہر
پایا اور جو ظاہر ہے وہ یہ ہے کہ سب شہرون مین یہ اذان جاری ہوگئی اور انہون نے حضرت عثمان کے اس فعل پر
وقت اسلیے کہ آپ خلیفہ وقت تہے اور آپکی اطاعت کیجاتی تہی لیکن فاکہانی نے ذکر کیا کہ پہلے پہلی اذان مکے مین
شروع کی اور بصرہ مین زیاد نے حافظ ابن حجر نے کہا مجہے پہونچی ہے حیات کہ مغرب والون کے اذان
مروج نہین ہے صرف ایک ہی اذان دیجاتی ہے اور ابن ابی شیبہ نے ابن عمر کے طریق سے روایت کی
دن پہلی اذان بدعت ہی تو احتمال ہے کہ انہون نے حضرت عثمان کی اس اذان کا انکار کیا ہو اور یہ
ارادہ یہ ہو کہ یہ اذان حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عہد سعادت عہد مین نہین تہی اور جو حضرت صلی
مین نہ تہی وہ بدعت ہی لیکن فرق اتنا ہے کہ بعض بدعت حسنہ ہوتی ہی اور کوئی

حضرت عثمان رضہ نے جاری کیا اسکو اسلیے کہ لوگ جان لیا کرین کہ جمعہ کی نماز کا وقت ہوگیا اور نمازون کیطرح
نے جمعہ کو بھی اور نمازون کی ساتھہ ملادیا اور اسکی خصوصیت کو بھی باقی رکھا یعنے خطیب کے منبر پر بیٹھتے وقت اذان
کہا اور جو لوگون نے بعض بلاد مین جمعہ کے وقت سے پہلے ذکر اور درود کے ساتھہ بلانا جاری کر رکھا ہے تو یہ بدعت
ت کی اتباع اولی ہے یہان دو تنبیہین ہین تنبیہ اول وارد ہوا ہے جو اس خبر کے مخالف ہے کہ عمر نے اس تسیری
زیادہ کیا جو سائب کی تفسیر مین ہے ضحاک سے اسنے یزید بن سنان سے اسنے مکحول سے اسنے معاذ سے کہ عمر نے اپنے مؤذنون کو حکم
کے دن مسجد کے باہر ایک اذان لوگون کی اطلاع کے لیے دیا کرین اور پھر معمولی اذان انکے سامنے دیا کرین (جب وہ
بیٹھا کرین) جیسے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ابو بکر رضہ کے زمانے مین دستور تھا پھر حضرت عمر رضہ نے فرمایا ہمنے یہ نئی
ثالی ہے مسلمانون کی بہتایت کے لیے انتہی اور اس روایت مین مکحول اور معاذ کے درمیان انقطاع ہے اور یہ روایت نہین
کہ معاذ شام کے پہلے غزوات مین شام کو چلے گئے اور وہان ہی ٹہیرے رہے یہانتک کہ انکی وفات بھی وہان ہی
طاعون عمواس مین اور روایتین متواتر ہین کہ جسنے اس تسیری اذان کو جاری کیا وہ حضرت عثمان ہی ہین اور یہی بات
کے لائق ہے حافظ نے کہا پھر مجھے وہ روایت پائی جو اس اثر کو قوت دیتی ہے عبد الرزاق نے
جریج سے نکالا کہا سلیمان بن موسے نے کہا مدینہ مین جسنے تسیری اذان (جمعہ کے دن) زیادہ کی وہ حضرت عثمان
عثمان تہے تو عطا بولے ہرگز نہین انہون نے تو صرف ایک تذکیر کا حکم دیا تہا خاص جمعہ کے دن اذان سے پہلے اور
ایک ہی ہوا کرتی تہی انتہے اور عطا نے حضرت عثمان کا زمانہ نہین پایا تو اس شخص کی روایت جو اس اثر کو عطا
زیادہ یاد رکھتا ہے عطا کے انکار پر مقدم ہے اور ہوسکتا ہے کہ جس چیز کا عطا نے ذکر کیا ہے وہ تذکیر حضرت
زمانے مین جاری ہوئی ہو اور وہ تذکیر حضرت عثمان کے عہد سعادت مہد تک مستمر رہی ہو پھر حضرت عثمان بن
نے اسکے بدل اذان مقرر کردی ہو اور حکم کر دیا ہو کہ یہ اذان کسی بلند مکان پر ہوا کرے اسلیے آپکی طرف یہ اذان
ہوئی کیونکہ یہ اذان ہی کے الفاظ کے ساتھہ ندا کی جاتی تہی اور وہ تذکیر جسکو حضرت عمر رضہ نے جاری کیا
ہوئی اسلیے کہ وہ صرف اطلاع تہی دوسری تنبیہ بخاری کے شارحون نے اتفاق کیا ہے کہ اذان ثالث جو حدیث مین
ہے وہی اذان ہے جسکو حضرت عثمان نے جاری کیا اور پہلی دو اذانین وہ ہین جو حضرت ص کے زمانے مین اور ابو بکر رض
ہوا کرتی تہین لیکن داودی نے نقل کیا کہ پہلے پہل اذان مسجد مین نیچے ہوتی تہی حضرت عثمان نے اپنی خلافت
مقرر فرمایا اور ہشام بن عبد الملک نے اپنی امارت مین اپنے سامنے دلانا شروع کیا تو یہ تین فعل ہین
اس فعل کو تسیری اذان کہا گیا انتہے اور یہ جو داودی نے ذکر کیا ہے اسکے رد کرنیکی کچھہ ضرورت نہین

ہے اسلیے کہ اس تقریر کا بیان کرنا ہی اسکے رد کرنے سے بے نیاز کر رہا ہے سلف کے اقوال بین دا[illegible] دلیل نہین ہے اور علاوہ اسکے یہ ظاہر کے خلاف ہے حضرت عثمان کے فعل کو تیسری اذان کہنا چاہتا پہلے دو اور اذانین ہو چکی ہون اور ہشام حضرت عثمان سے اسی برس بعد ہوا اور بخاری علیہ الرحمۃ نے احدیث منبر پر بیٹھنے پر بھی دلیل لی ہے خطبہ سے پہلے بخلاف بعض حنفیہ کے اور جسنے خطبہ سے پہلے منبر پر بیٹھنا ثابت کیا ہے اختلاف کیا ہے کہ آیا یہ بیٹھنا اذان سننے کے لیے ہے یا خطیب کی آمد کے لیے پہلی صورت مین یہ بیٹھنا عیدین مین مسنون نہ ہوگا اسلیے کہ عیدین کے لیے اذان مشروع نہین ہے اور اس امر پر بھی احدیث سے دلیل لی ہے تھوڑا پہلے اذان ہونی چاہیے اور دلیل لی ہے کہ ایک وقت مین دو مؤذن اذان نہ دین اور اسپر کہ خطبہ جمعہ کی نماز سے پہلے چاہیے اسطرح کہ اذان نہین ہوتی مگر نماز سے پہلے اور جب اذان اسوقت واقع ہوئی امام منبر پر بیٹھتا ہے تو معلوم ہوا کہ خطبہ جمعہ کی نماز سے سابق ہے انتہی ما قال فی الفتح قسطلانی نے کہا اسکو نے جمعہ مین نکالا اور ابو داؤد نے صلوۃ مین اور ایسا ہی ترمذی اور ابن ماجہ نے ابن تیمیہ نے منتقے مین اسپر با معمر کیا کہ جب امام منبر پر بیٹھے تو لوگون کو سلام کرے اور اذان اسی وقت دیجاوے جب امام منبر پر بیٹھے اور متقی امام کیطرف منہ کرکے بیٹھے جابر رضہ سے مروی ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب منبر پر بیٹھتے فرماتے السلام علیکم اسکو ابن ماجہ روایت کیا اور اسکی اسناد مین ابن لہیعہ ضعیف ہے اور یہی حدیث اثرم کی سنن مین شعبی سے مرسلاً مروی ہے نے کہا احدیث کو نکالا اثرم نے ابوبکر بن ابی شیبہ سے اسنے ابو اسامہ سے اسنے مجاہد سے اسنے شعبی سے کہا رسول علیہ وآلہ وسلم جب منبر پر چڑھتے جمعہ کے دن لوگون کی طرف متوجہ ہوتے تو فرماتے السلام علیکم اور اسکو ابن شیبہ نے شعبی سے مرسلاً بھی نکالا اور ابن ماجہ کی اسناد مین ابن لہیعہ ہے جیسے مصنف نے کہا اور وہ ضعیف اسباب مین روایت ہے ابن عمر رضہ سے ابن عدی کی پاس کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب منبر کے قریب کے نزدیک والو پر سلام کرتے پھر (منبر پر) چڑھتے پھر جب (تمام) لوگون کی طرف منہ کرتے تو سلام کر جاتے اور اسکو طبرانی اور بیہقی نے بھی نکالا اور اسکی اسناد مین عیسی عبداللہ انصاری ہے جسکو ابن حبان ابن عدی نے ضعیف کہا اور اسباب مین مروی ہے عطار سے مرسلاً اور ایسا ہی کہا حافظ نے تلخیص مین اور امام شا فرمایا ہمین پہونچا ہے سلمہ بن اکوع سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دو خطبہ پڑھے اور وہ بار دونو خطبون سے پہلے اور ایک بار دونو خطبون کے بیچ) اور حکایت کی اسنے جسنے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہڑے ہوئے اس سیڑھی پر جو متصل ہے اس سیڑھی سے

سلام کیا پھر اس سیڑھی پر بیٹھے جس پر بیٹھکر آرام لیتے ہین یہانتک کہ مؤذن اذان سے فارغ ہوا پھر بیٹھے
کھڑے ہوکر خطبہ پڑھا پھر بیٹھ گئے پھر اٹھکر دوسرا خطبہ پڑھا اور حدیث مین دلیل ہے کہ خطیب منبر پر چڑھکر
سلام کرے اذان سے پہلے اور مختصر مین کہا اذان کے بعد اور ابو حنیفہ اور مالک نے کہا کہ اسوقت سلام کرنا مکروہ
ہے کیونکہ امام کا سلام مسجد مین آتے وقت کہنا ہی کافی ہے مترجم عفا اللہ عنہ کہتا ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ
کی اتباع ان ائمہ دین کی تقلید پر مقدم ہے ممکن ہے کہ انکو یہ حدیث نہ ملی ہو اور اگر پہونچی ہو تو انکے نزدیک یہہ
ضعیف ہو جیسی اسکا بیان گذرا پھر ابن تیمیہ نے وہی باب کی حدیث بیان کی روایت کیا اسکو بخاری نے اور
نے اور ابو داؤد اور انکی روایت مین ہے کہ جب حضرت عثمان کی خلافت کا زمانہ آیا اور مسلمان بہت ہوئے
حضرت عثمان نے جمعہ کے دن تیسری اذان کہنے کا حکم دیا پھر وہ اذان زوراء پر دیگئی اور امر اسی پر رہا اور امام احمد اور
ائی نے روایت کیا کہ تھا بلال اذان دیتا جب حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر بیٹھتے اور تکبیر کہتا جب آپ منبر
ے اترتے اور عدی بن ثابت نے اپنے باپ سے روایت کیا اسنے دادا سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب منبر
ٹھہرے ہوتے تو آپکے اصحاب سنہ کرتے آپکی طرف اسکو ابن ماجہ نے روایت کیا مترجم عفا اللہ عنہ کہتا ہے خطبہ سننے
لیے اور اسکے استحباب پر اتفاق ہے شوکانی نے کہا عدی بن ثابت کی حدیث کے باری مین ابن ماجہ نے کہا ہین
یدکر تا ہون کہ یہ حدیث متصل ہو کہا اور عدی کے باپ کی حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے صحبت نہین ہے اس صورت
ن کہ اب سے مراد جد لیجا وے یعنے باپ کا باپ تو بعض حافظون کے نزدیک اسکے دادا کی آپکے ساتھہ صحبت ہے اور اسی
شل ترمذی نے نکالا ابن مسعود رضہ سے اس لفظ کے ساتھہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب منبر پر بیٹھتے تو ہم سنہ
ے آپکی طرف اور اسکی اسناد مین محمد بن فضل بن عطیہ ضعیف ہے ترمذی نے کہا محمد بن فضل ذاہب الحدیث ہے ترمذی
کہا اس مسئلہ مین کوئی حدیث صحیح نہین ہے حافظ نے بلوغ المرام مین کہا اور اسحدیث کی برار بن عازب کی حدیث شاہد
ے ابن خزیمہ کے پاس انتہی اور اسباب مین مروی ہے ابو سعید سے بخاری اور مسلم اور نسائی کے پاس کہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اکیدن بیٹھے منبر پر اور بیٹھے ہم آپکے گرداگرد بخاری نے اسپر باب مقرر کیا کہ لوگ منہ کرین امام
طرف جب خطبہ پڑھے اور اس باب مین مطیع سے بھی روایت ہے جسکی کنیت ابو بجیہ ہے وہ اپنے باپ سے
ایت کرتا ہے وہ دادا سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب (خطبہ کے لیے منبر پر) کھڑے ہوتے تو ہم منہ کرتے
ے آپکی طرف یہ حدیث معلول ہے اور ابن عمر رضہ کی حدیث گذر چکی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کرتے اپنا سبارک
گون کی طرف ایک روایت مین ہے کہ حضرت عثمان نے پہلے اذان کہنے کا حکم دیا اور ایک روایت مین ہے

Marfat.com

دوسری اذان کا حضرت عثمان رضؓ نے حکم دیا اور باب کی روایت مین ہے کہ حضرت عثمان نے تیسری اذان ج
مین ظاہرًا اگرچہ منافات ہی پر واقعہ مین کوئی نہیں باعتبار زیادہ ہونیکے تو یہ تیسری ہے اور اس اعتبار سے کہ وہ
پر مقدم ہے اول ہے اور یا باعتبار حقیقی اذان کے دوسری ہی اور زوراء پر وہی بحث نقل کی جو حافظ صاحب نے مذکور ہوئی
کہ آپکا ایک ہی مؤذن تھا یہ اس مشہور خبر کے منافی نہین ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کئی مؤذن تھے جنمین
بلال اور عبداللہ بن ام مکتوم اور سعد قرظ اور ابو محذورہ کیونکہ اسحدیث مین ایک مؤذن کا ہونا جمعہ کے دن مین مراد
مسجد نبوی مین اور یہ منقول نہین ہوا کہ عبداللہ بن ام مکتوم نے کبھی جمعہ کے دن مین اذان دی ہو بلکہ جس سے جمعہ کے
اذان دینا مروی ہی وہ حضرت بلال ہین اور ابو محذورہ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکہ معظمہ مین مؤذن بنایا
سعد قرظ کو قبا مین اور یہ جو کہا کہ سنہ کیا آپ کے اصحاب نے آپکی طرف اسمین دلیل ہے لوگون کے سنہ کرنیکی خطیب کیطرف
خطبہ مین اور باب کی حدیثین اگرچہ اعتبار کے درجہ تک نہین پہونچتین لیکن انکو قوت دیتا ہے سلف خلف کا ہمیشہ تعامل
ابن منذر نے کہا اور گویا لوگون کا اس مسئلہ پر اجماع ہے اور ترمذی نے کہا اسپر عمل ہے اہل علم کا صحابہ تابعین مین سے
جانتے ہین سنہ کرنیکو امام کیطرف جب خطبہ پڑہے اور یہی قول ہے سفیان ثوری اور شافعی اور احمد اور اسحق کا عراقی سے
اور انکے سوا عطا بن رباح اور شریح اور مالک اور زہری اور سعید بن عبدالعزیز اور ابن جابر اور یزید بن ابی مریم اور اصحا
کا بھی یہی قول ہے اور ابن سیب اور حسن سے مروی ہی کہ وہ دونو امام کیطرف نہین پھرتے تھے اور خطیب کیطرف سامعین کے
کرنے سے کیا مراد ہے کیا سنہ کرین امام کیطرف وہی لوگ جو اسکے سامنے ہین یا ساری مسجد والے اگرچہ پسی لمبی صفین
وہ اپنے بدن کو پھیر کر بیٹھین یا اپنے مونہون کو خطبہ کے سننے کے لیے عراقی نے کہا ظاہر یہ ہے کہ مراد اس سے ان لوگ
سنہ کرنا ہی امام کیطرف جو خطبہ سنتے ہین اور دور والونکا نہ کرنا امام کیطرف مراد نہین ہے جنکو امام کی آواز تک نہین پہنچتی تو انکے لیے قبلہ کیطرف سنہ کرنا امام کیطرف سنہ کرنیسے بہتر ہے اور
سے مروی ہے کہ انہون نے سنہ کرنا امام کیطرف ان لوگون پر جنکے ساتھ جمعہ منعقد ہوتا ہے واجب کہا ہے ان
سوا اور امام کیطرف سنہ کرنیکو ابو الطیب طبری نے واجب بتایا ہے اسکی تصریح کی ہے اسنے اپنی تعلیق مین اسنے
الشوکانی نے النیل **باب** المؤذن الواحد یوم الجمعۃ جمعہ کے دن ایک آدمی کا اذان کہنا حدیث
ابو نعیم قال حدثنا عبد العزیز بن ابی سلمۃ الماجشون عن الزہری عن السائب بن یزید انہ قال
زاد الثانی التاذین الثالث یوم الجمعۃ عثمان بن عفان حین کثر اہل المدینۃ ولم یکن للنبی صلی اللہ
وسلم مؤذن غیر واحد وکان التاذین یوم الجمعۃ حین یجلس الامام یعنی علی المنبر
مروی ہے کہ جسنے جمعہ کے دن تیسری اذان بڑہائی جب مدینہ کے لوگ بہت ہوگئے حضرت عثمان بن

صلعم علیہ وآلہ وسلم کا ایک ہی مؤذن تہا اور جمعہ کے دن اذان اسوقت ہوتی جب امام منبر پر بیٹہتا **ف** حافظ نے کہا بیان
ارہے اسباب مین سائب بن یزید کی وہی حدیث جو اس سے پہلے باب مین مذکور ہوئی اور اسمین ہے زیادہ کیا کہ حضرت
صلعم علیہ وآلہ وسلم کا ایک ہی مؤذن تہا اور اسی کی مثل ہے نسائی اور ابوداؤد مین صالح بن کیسان کی روایت سے
وداؤد اور ابن خزیمہ مین ابن اسحق کی روایت سے ان دونون نے زہری سے اور مکحول کی مرسل گذشتہ مین بہی اسی طرح
ور اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ دو شخص ایک وقت مین اکٹہا اذان نہین دیتے اور غرض یہ ہے کہ جو شخص آجکے زمانہ مین اذان
ساہی تکبیر کہتا تہا کہا اسماعیلی نے ہوسکتا ہے کہ مؤذن واحد سے تاذین واحد مراد ہو تو مؤذن کے لفظ کے ساتہہ
ین سے تعبیر کیا اسلیے کہ مؤذن کا لفظ تاذین پر دلالت کرتا ہے انتہی حافظ نے کہا اور مین نہین جانتا کہ اسمعیلی کو
ے (بارہ) تاویل پر کسنے ابہارا مسجد نبوی کا مستقل اذان دینے والا حضرت بلال ہی تہے اور رہے ابو محذورہ اور سعد قرظ
بہی ان مسجدون کے مستقل مؤذن تہے جنمین انکو مقرر کیا گیا تہا (جیسے شوکانی کی تقریر مین گذرا کہ ابو محذورہ مکہ
مؤذن تہے اور سعد قرظ قبا مین) اور رہے عبداللہ بن ام مکتوم تو کسی روایت سے یہ ثابت نہین ہوا کہ انہون نے صبح کے
سوا نماز کی اذان دی ہو جیسے کتاب الاذان مین گذرا تو شاید اسمعیلی نے سمجہا کہ مؤذنین مذکورین مین سے عبداللہ بن
دم تو مدینہ منورہ کے رہنے والے تہے اور وہ کبہی اذان دیتے ہونگے تو ایک مؤذن ہونیکے کیا معنے تو اسنے کہا جو کہا
یہ بہی ہوسکتا ہے کہ مؤذن واحد کا جمعہ کے دن مین ہونا مراد لیا جاوے تو صبح کی نماز مین بہی عبداللہ بن ام مکتوم کے
ے دینے کا اعتراض نہ ہوگا مثلاً اور اس سے رہ گیا ابن حبیب مالکی کا یہ قول کہ حضرت جب منبر پر چڑہتے تو مؤذن
ے دیتے اور وہ تین آدمی تہے ایک کے پیچہے دوسرا جب تیسرا مؤذن اذان دے چکتا تو آپ کہڑے ہوکر خطبہ پڑہتے
جسے دلیل کا محتاج ہے اور یہ بات اس تصریح کے ساتہہ کسی متصل طریق سے ثابت نہین ہوئی مترجم عفا اللہ عنہ
ہے مین کہتا ہون ابن حبیب مالکی کے قول رد کرنیکے لیے امام بخاری علیہ الرحمہ نے باب باندہا اور اس عمل کے رد
ے لیے جو حرمین وغیرہا مین مروج ہے کہ کئی مؤذن ایک مسجد کے مختلف مقامات مین کہڑے ہوکر ایک ہی
ین اذان دیتے ہین اور باب سے احادیث کی مطابقت کی وجہ ظاہر ہے **باب** یُجِیْبُ الْاِمَامُ عَلَی الْمِنْبَرِ
ع المنادی امام اذان سنتے وقت منبر پر اذان کا جواب دیوے **حدثنا** ابن مُقَاتِلٍ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ
ل اخبرنا ابوبکر بن عثمان بن سہل بن حنیف عن ابی امامۃ بن سہل بن حنیف قال سمعت معویۃ
سفیان رضی اللہ عنہ وہو جالس علی المنبر اذا اذن المؤذن فقال اللہ اکبر اللہ اکبر فقال
اللہ اکبر اللہ اکبر فقال اشہد ان لا الٰہ الا اللہ قال معویۃ وانا قال اشہد ان محمدا رسول اللہ

قال معویہ وانا فلما ان قضی المناذن قال یا ایھا الناس انی سمعت رسول اللہ صلی
ھذا المجلس حین اذن المؤذن یقول ما سمعتم منی من مقالتی ابو امامہ سہل بن حنیف سے روایت ہے
بن ابی سفیان رضہ سے سنا اور وہ منبر پر بیٹھے تھے جب مؤذن نے اللہ اکبر اللہ اکبر کہا تو معویہ نے بھی اللہ اکبر اللہ اکبر
مؤذن نے) کہا اشہد ان لا الہ الا اللہ تو معاویہ نے کہا میں بھی یہی کہتا ہوں جب مؤذن نے اشہد ان محمدا
کہا تو معاویہ نے کہا اور میں بھی یہی کہتا ہوں جب مؤذن اذان سے فارغ ہوا تو حضرت معاویہ نے فرمایا
سنا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حالانکہ آپ منبر پر تشریف رکھتے تھے جب مؤذن نے اذان کہی تو آپ نے
جیسے تم نے مجھ سے سنا **ف** حافظ نے کہا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر امام لوگوں کو منبر پر دین کی تعلیم کرے تو جائز
کہ خطبہ شروع کرنے سے پہلے کلام کرنا جائز ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ اذان کے اول میں ترجیع نہیں ہے اور اس میں نظر ہے اور معلوم ہوا کہ خطبہ سے پہلے منبر پر بیٹھنا مستحب ہے اور
ہوا کہ اگر اذان سننے والا جواب میں فقط اتنا کہے کہ میں بھی ویسی ہی کہتا ہوں تو جواب ادا ہو جاتا ہے اور اسی
کے بقیہ مباحث پر ابواب الاذان میں کلام گذر چکی قسطلانی نے کہا اور نکالا اس حدیث کو نسائی نے صلوۃ میں
ولیلہ میں **باب الجلوس علی المنبر عند المناذنین** امام کو منبر پر اذان کے وقت بیٹھنا (اذان
سنت ہے **حدثنا** یحیی ابن بکیر قال حدثنا اللیث عن عقیل عن ابن شہاب ان السائب
اخبرہ ان المناذن الثانی یوم الجمعۃ امر بہ عثمان بن عفان حین کثر اھل المسجد و
یوم الجمعۃ حین یجلس الامام سائب بن یزید رضہ سے روایت ہے کہ جمعہ کے دن دوسری اذان کا حکم
بن عفان نے حکم دیا جب لوگ مسجد کے بہت ہو گئے **ف** مترجم عفا اللہ عنہ کہتا ہے شوکانی کی تقریر میں
کہ ایک روایت میں اسکو اذان اول کہا گیا ہے اور ایک روایت میں ہے کہ دوسری اذان کا حضرت عثمان نے
یہی باب کی روایت ہے اور سائب بن یزید کی پچھلی روایتوں میں گذرا کہ تیسری اذان کا حضرت عثمان نے
میں منافات نہیں ہے اسلیے کہ اسکو ثالث اس اعتبار سے کہا گیا کہ یہ دو پر بڑھائی گئی ہے اور اول اس اعتبار
ہونے میں ان دونوں سے مقدم ہے اور دوسرے اس اعتبار سے کہ حقیقت میں اذان ایک ہی
بکیر ہے **ت** اور جمعہ کے دن اذان اسوقت ہوتی جب امام منبر پر بیٹھ جاتا
کی حدیث کی بحثیں عنقریب گذر چکیں نیز ابن منیر نے کہا امام بخاری
جو کہتے ہیں کہ خطبے سے پہلے منبر پر بیٹھنا مستحب ہے
کی شرح میں کہا کہ امام کو منبر پر مؤذن کے اذان

امام اشکر خطبہ شروع کرے حافظ نے کہا اور یہی مذہب ہے امام شافعی اور مالک اور جمہور علماء کا زین بن منیر
سنت اسکے سنت مین ہونے مین یہ ہے کہ شور بند ہوجاتا ہے اور چپ کرنیکی تیاری کیجاتی ہے اور خطبہ سننے
لوگون سے چپ رہنا مطلوب ہوتا ہے اور ذہن کا حاضر کرنا ذکر کے لیے **باب** التاذین عند
امام کے خطبہ پڑھنے سے پہلے اذان کہنا سنت ہے **حدثنا** محمد بن مقاتل قال اخبرنا عبد اللہ
قال یونس عن الزہری قال سمعت السائب ابن یزید یقول ان الاذان یوم الجمعۃ کان
حین یجلس الامام یوم الجمعۃ علی المنبر فی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وابی بکر
فلما کان فی خلافۃ عثمان وکثروا امر عثمان یوم الجمعۃ بالاذان الثالث فاذن بہ
علی الزوراء فثبت الامر علی ذلک سائب بن یزید رضہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سعادت عہد اور ابوبکر اور عمر رضہ کے مبارک زمانے مین پہلی اذان اسوقت ہوا کرتی تھی جب امام منبر پر بیٹھتا
حضرت عثمان خلیفہ ہوئے اور لوگ بہت ہوگئے تو حضرت عثمان نے جمعہ کے دن تیسری اذان دینے کا
حکم دیا پھر اذان کا امر اسی پر ثابت رہا **ف** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بکر اور عمر سب کی سنت یہی ہے کہ جمعہ مین ایک ہی اذان دیجاوے جب امام منبر پر چڑھے خطبہ کے لیے
رواج ہے کہ ایک اذان پہلے پکار کر دیتے ہین پھر جب امام منبر پر جاتا ہے تو دوسری اذان آہستہ
تے ہین یہ کام حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عہد سعادت مہد مین نہ تھا گو حضرت عثمان بن عفان رضہ
ن کی بہتایت کے لیے کیا پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع اس سے مقدم ہے اور فقیر مترجم
رضہ کے خاطر فاتر مین آتا ہے کہ شاید عطار کا انکار حضرت عثمان کی نئی اذان نکالنے پر ٹھیک ہو
عثمان نے صرف ایک تذکیر کا حکم دیا ہو جیسے امام شافعی عطار سے نکالا کہ وہ انکار کرتے تھے اسکا کہ
عثمان نے نئی اذان نکالی اور کہتے تھے کہ حضرت عثمان نے صرف ایک تذکیر کا حکم دیا تھا خاص جمعہ کے
خیال سے کہ لوگ بہت ہوگئے تھے تاکہ وہ مستعد ہوجاوین خطبہ اور نماز کے لیے لیکن حافظ نے فتح مین
ہم ہونے مین کلام کی اور کہا عطار نے عثمان بن عفان کا زمانہ نہین پایا اور جسنے عثمان بن عفان کا
انکے ہم فعل کو دیکھا اسکی روایت عطار کے انکار پر مقدم ہے ان سب باتون کی ساتھ مین اس
ہوگا اور ضرور کہوگا کہ ایک ہی اذان دینا جب امام منبر پر جاوے بلند آواز سے بہتر ہے دو
ایک پہلے اور ایک بار امام کے منبر پر بیٹھنے کے وقت مین اس شخص کو ملامت نہین کرون گا

جو دوبارہ اذان دیوے اسلیے کہ اب دوبارہ اذان دینے والے کو ملامت کرنا کیا حضرت
ہے معاذ اللہ اور حضرت عثمان بن عفان کے اس فعل کو بدعت ہونے سے خارج کر دے
بِسُنَّتِی وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِیْنَ الْمَهْدِیِّیْنَ ہذا ما خطر ببال الداعی بحقیقۃ الحال بنا
عَلَی الْمِنْبَرِ منبر پر خطبہ کا مسنون ہونا وَقَالَ اَنَسٌ خَطَبَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلَی الْمِنْبَرِ اور
پڑھا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منبر پر ف حافظ نے کہا یہ ایک نبی حدیث کا ٹکڑا ہے جسکو مصنف
الفتن اور کتاب الاعتصام مین بیان کیا اور اسکی مطابقت ترجمہ باب سے ظاہر ہے حَدَّثَنَا
حَدَّثَنَا یَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْقَارِیِّ الْفَرِیْقُ الْاَنْصَارِیُّ
قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَازِمِ بْنُ دِیْنَارٍ اَنَّ رِجَالًا اَتَوْا سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِیَّ وَقَدْ امْتَرَوْا فِی الْمِنْبَرِ مِمَّ عُوْدُهٗ فَسَاَلُوْهُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ وَاللّٰهِ اِنِّیْ لَ
وَلَقَدْ رَاَیْتُهٗ اَوَّلَ یَوْمٍ وُضِعَ وَاَوَّلَ یَوْمٍ جَلَسَ عَلَیْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَرْسَلَ
اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلٰی فُلَانَةَ امْرَاَةٍ مِنَ الْاَنْصَارِ قَدْ سَمَّاهَا سَهْلٌ مُرِیْ غُلَامَكِ النَّجَّا
یَعْمَلْ لِیْ اَعْوَادًا اَجْلِسُ عَلَیْهِنَّ اِذَا كَلَّمْتُ النَّاسَ فَاَمَرَتْهُ فَعَمِلَهَا مِنْ طَرْفَاءِ الْغَابَةِ ثُمَّ جَاءَ
فَاَرْسَلَتْ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَ بِهَا فَوُضِعَتْ هٰهُنَا ثُمَّ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَ
وَسَلَّمَ صَلّٰی عَلَیْهَا وَكَبَّرَ وَهُوَ عَلَیْهَا ثُمَّ رَكَعَ وَهُوَ عَلَیْهَا ثُمَّ نَزَلَ الْقَهْقَرٰی فَسَجَدَ فِیْ اَصْلِ الْمِنْبَرِ ثُمَّ عَادَ فَلَمَّا
اَقْبَلَ عَلَی النَّاسِ فَقَالَ یَا اَیُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا صَنَعْتُ هٰذَا لِتَاْتَمُّوْا بِیْ وَلِتَعَلَّمُوْا صَلَاتِیْ
بن دینار سے روایت ہے کہ کچھ لوگ سہل بن سعد ساعدی کے پاس آئے اور انہون نے جھگڑا کیا تھا حضرت صلی اللہ
آلہ وسلم کی منبر مین کہ وہ کس درخت کی لکڑی کا تھا اور انہون نے سہل بن سعد ساعدی سے اس امر کا
بولے قسم اللہ کی مین اس درخت کو جانتا ہون جسکی لکڑی سے وہ منبر بنا تھا اور مینے اسکو دیکھا جب کہ وہ پہلے
رکھا گیا اور جب پہلے دن حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسپر بیٹھے ف حافظ نے کہا باب الصلوۃ علی المنبر مین گذر
بولے اب کوئی باقی نہین ہا جسکو منبر کے بننے کا مجھسے زیادہ حال معلوم ہو ف روایت یون ہے کہ رسول اللہ
وآلہ وسلم نے انصار کی فلان عورت کے پاس کسی کو بھیجا (ابو حازم کہتے ہین اس عورت کا نام سہل نے لیا ف
کہا ابو غسان کی روایت مین ہے ابو حازم سے کہا کہ وہ چند دن کی ایک عورت کے پاس بھیجا
تعالی کتاب الہبہ مین آویگی اور یہ ابو غسان کی غلطی ہے اول کہ ابو حازم نے روایت کی
کی ایک عورت کے پاس بھیجا اور اسی کی روایت کیا ہے

جہالت سے کام لیں
فرض ہوں اور زیادت
شوکانی نے کہا ہے
اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تشہد اول کو ترک کیا
اور اسکا سجود سہو کے ساتھ جبر کیا اگر واجب
انکار فرماتے اور اسکی جبر میں سجود سہو ہی
لیے رجوع جب لازم و واجب ہوتا ہے جب نماز
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسکو قبل فراغ کے یاد کیا ہو
کچھ پرواہ نہ کی یہانتک کہ فارغ ہوئے جیسے انشاء اللہ تعالیٰ آئے
ترک انکا رتب حجت ہو سکتا ہے جب ہم یہ تسلیم کریں کہ
سے ترک کرے اور یہ ممنوع ہے اور اسکی مفسدہ صلوٰۃ میں
ساتھ عدم وجوب پر تب دلیل ہو سکتا ہے جب ہم تسلیم کریں کہ
کے سوا اور یہ غیر مسلم ہے اور حاصل یہ ہے کہ اسکا حکم
کے درمیان فرق کرنے پر کوئی دلیل نہیں
الصلوٰۃ کی حدیث میں ذکر کرنا دلیل ہے اسکی فرضیت
اللہ تعالیٰ آتا ہے اور اس حدیث میں دلیل
علیہ وآلہ وسلم سے وارد ہوا اسی پر
اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب
آسان ہو پڑھے پھر جب تو وسط
تشہد کر اسکو آوے
ہے اور اسکو نسائی

Marfat.com

ت ...ی عورت کے نام پر کلام گذر چکی کتاب الصلوۃ کے ابتداء مین باب الصلوۃ علی المنبر مین
ف ...ی کو حکم کرے وہ میرے لیے منبر بنا دے جسپر مین بیٹھا کرون جب لوگون کو وعظ سنانا ہو
...غلام کا
...کیا ہو عباس بن سہل نے اپنے باپ سے قاسم بن اصبغ کے پاس اور ابو سعد نے شرف مصطفے مین یحیے بن بکیر کے
...سے ابن لہیعہ سے کہا حدیث بیان کی مجھسے عمارہ بن غزیہ نے عباس بن سہل سے اور اسکے لفظ یہ ہین کہ
...صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک لکڑی کے پاس کھڑے ہوکر خطبہ پڑھا کرتے جب لوگ بہت ہوگئے تو کسی نے عرض کیا کہ آپ
...ین اور مدینہ مین ایک ہی بڑھئی تھا جسکو لوگ میمون کہتے تھے اور حدیث کو بیان کیا اور ابن سعد نے سعید بن
...صاری کے طریق سے بیان کیا اُسنے ابن عباس رض سے اسی سیاق کی طرح لیکن منبر بنانیوالی کا نام نہین لیا اور طبرانی نے
...عبداللہ غفاری کے طریق سے کہ مینے سہل بن سعد سے سنا کہتے تھے مین بیٹھا ہوا تھا اپنے ماموں کے ساتھہ جو انصار مین
...تھا تو اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تو جا غابہ زمین مین اور وہان سے لکڑی لاکر میرے لیے منبر بنا آخر حدیث
...منبر کے بنانیوالے کے نام مین مختلف اقوال ہین ایک یہ کہ اسکا نام ابراہیم تھا یہ نکالا طبرانی نے اوسط مین ابو نضرہ کے طریق
...جابر سے اور اسکی اسناد مین علاء بن مسلمہ رواس متروک ہے دوسرے قول مین اسکا نام باقول ہے با موحدہ اور قاف مضموم
...اسکو عبدالرزاق نے ضعیف اسناد کے ساتھہ روایت کیا اور یہ روایت منقطع ہے اور اسکو ابو نعیم نے معرفت مین موصول
...باقوم کہا آخر مین میم کے ساتھہ اور اسکا اسناد بھی ضعیف ہے تیسرے قول مین اسکا صُباح ہے صاد مہملہ مضمومہ کے ساتھہ اسکو
...کلبی نے ذکر کیا بسی اسناد کے ساتھہ جسمین سخت انقطاع ہے چوتھے قول مین اسکا نام قبیصہ ہے بنی مخزوم کا غلام آزاد اسکو ابن شبہ
...غلام مین ذکر کیا مرسل اسناد کے ساتھہ پانچوین قول مین اسکا نام کلاب ہے عباس کا غلام آزاد جیسے آتا ہے چھٹے قول مین
...داری ہے اسکو روایت کیا ابو داؤد نے اختصار کے ساتھہ اور حسن بن سفیان اور بیہقی نے ابو عاصم کے طریق سے اُسنے عبدالعزیز
...اور اسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہ تمیم داری نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جب آپکا بدن فربہ ہوگیا
...کے واسطے منبر نہ بنا دین جو آپکو اُٹھا دے آپنے فرمایا بنواؤ تو اُسنے آپکے واسطے منبر بنوایا آخر حدیث تک اور اسکا اسناد
...لکھ آوینگا اسکا بیان علامات نبوت مین انشاء اللہ تعالی کیونکہ بخاری علیہ الرحمۃ نے وہان اسکی طرف اشارہ کیا اور ابن
...مات مین ابو ہریرہ کی حدیث کو روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھجور کی جڑ کے ساتھہ ٹیکا لگاکر خطبہ پڑھا
...تمیم داری نے کہا کیا مین آپکے واسطے منبر بنا لاؤن جیسے مینے شام مین بنتے دیکھے تو حضرت
...وسلم سے اسبارے مین مشورہ لیا انہون نے رائے دی کہ بنوانا چاہیے حضرت عباس نے فرمایا میرا غلام
...ہین وہ بڑا کاریگر ہے آپنے فرمایا اچھا اُسنے بنوایا آخر حدیث تک اسکی سادی سے ہین مگر وافدی

ساتوین قول مین اسکا نام مینا ہے اسکو بشکوال نے ذکر کیا زبیر بن بکار سے کہا حدیث کی
اپنے باپ ابو اویس سے کہا بنایا منبر انصار کی ایک عورت کے غلام نے بنی سلمہ سے یا بنی ساعدہ سے یا ان
مین سے ایک مرد کی عورت کی غلام نے جسکو مینا کہتے تھے انتہے اور احتمال ہے کہ ضمیر اقرب کی طرف
عورت کے زوج کا نام ہوگا اور یہ اسکے برخلاف ہے جو ہمنے حکایت کیا باب الصلوۃ علی المنبر والسطح مین
سعد بن عبادہ کے غلام نے بنایا اور ہوسکتا ہے کہ یہ عورت سعد بن عبادہ کی بی بی ہو اور وہ سب روایتین جسمین
کا نام مذکور ہے ابن عمر کی حدیث کے سو اسب کی سندین ضعیف ہین اور ابن عمر کی حدیث مین اس امر کی تصریح نہین
جسنے منبر بنایا وہ تمیم داری ہے بلکہ ابن سعد کی روایت سے واضح ہوتا ہے کہ تمیم نے اسکو نہین بنایا اور ان سب اقوال
بہت ٹھیک قول اس شخص کا قول ہے جو اسکا نام میمون بیان کرتا ہے اسلیے کہ اسکا اسناد سہل بن سعد کیطریق سے ہے اور
دوسرے قول تو انکا کوئی اعتبار نہین ہے اسلیے کہ انکی سندین واہی ہین اور بہت بعید ہے یہ بات کہ ان اقوال کے درمیان
جمع کیجاوے اسطرح کہ بڑھئی کے متعدد نام تھے اور رہا یہ احتمال کہ یہ سب اسکے بنانے مین شریک ہونگے تو اس سے روکتا
یہ کہ بہت سی روایتون مین ثابت ہوا ہے کہ مدینہ مین ایک ہی بڑھئی تھا مگر یہ ہوسکتا ہے کہ ایک بڑھئی سے
مراد لیا جاوے اور دوسری اسکی مددگار ہون واللہ اعلم اور ترمذی اور ابن خزیمہ کے نزدیک واقع ہوا ہے اور ان
نے اسکو صحیح کہا ہے عکرمہ بن عمار کے طریق سے اسحٰق بن ابی طلحہ سے اسنے انس رضہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ
وسلم جمعہ کے دن کھڑے ہوتے اور کھجور کی ایک جڑ کیطرف ٹیکا لگاتے جو مسجد مین گڑی تھی وہان خطبہ پڑھتے
روم کا رہنے والا آیا اور بولا کیا مین آپکے واسطے منبر نہ بنا دون اور اسکا نام نہین لیا ہوسکتا ہے کہ رومی سے
مراد ہو اسلیے کہ وہ روم کا بہت سفر کرتے اور گذشتہ کلام سے منبر بننے کا سبب معلوم ہوچکا اور ابن سعد نے
کہ یہ واقعہ ہجرت کے ساتوین سال مین ہوا اور اسمین نظر ہے اسلیے کہ آپکے بننے مین عباس اور تمیم مذکور ہین اور حضرت
فتح مکہ کے بعد آٹھوین سال کے آخر مین تشریف لائے اور تمیم ہجرت کی نوین سال مین آیا اور ابن نجار نے ہجرت
ہجرت کے آٹھوین سال مین بنا اور اسمین بھی نظر ہے اسلیے کہ انکی حدیث مین ہے
عائشہ صدیقہ رضہ سے پھر کودی دونو جماعتین اوس اور خزرج یہانتک کہ
تھے تو آپ منبر پر سے اترے اور انکو چپ کرانے لگے یہانتک کہ انہون
پر حمل کیا جاوے تو وہ اور بات ہے ورنہ یہ حدیث پہلی تاریخ سے
حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لکڑی کی منبر سے پہلے

...ن سے روایت ہے کہ لوگ کے منبر بنانے سے پہلے آپ کھجور کے ایک پیڑ کے پاس کھڑے ہوتے تھے جب خطبہ
...ت تک منبر تین پایہ رہا جب حضرت معاویہ کا زمانہ آیا تو انکے عامل مروان نے منبر کو چھ پایہ کر دیا اور اسکا سبب وہ تھا
...ن بکار نے اخبار مدینہ مین حکایت کیا اپنی اسناد کے ساتھہ حمید بن عبدالرحمان بن عوف تک کہا معاویہ نے مروان
...بھیجا کہ منبر نبوی مدینہ سے اٹھوا کر شام مین میرے پاس بھیجدے اسنے اکہارا بھیجنے کے لیے مدینہ مین اندھیرا ہو گیا پھر
...برآمد ہوا اور بولا مجھے امیر المومنین معاویہ نے لکھا ہے کہ منبر انکی پاس بھیجدون (اسلیے منبر اکہارا تھا) پھر برہی کو
...سکو چھ پایہ کر دیا اور دوسرے طریق سے اسنے روایت کیا ہے کہ منبر کے دہان سے اٹھانیکی رجہ سے سورہ جگہن ہو گیا ہاتھ
...نے (دن مین) ستارے دیکھے اور اسمین ہے کہ اسنے اسکو چھ پایہ کر دیا اور بولا مینے اسکو چھ پایہ اسلیے کیا ہے کہ لوگ
...گئے ہین ابن نجار نے کہا پھر مدت تک منبر چھ پایہ رہا یہانتک کہ مسجد نبوی ۶۵۴ھ ہجری مین جل گئی اور منبر جل
...اسکے پیچھے مظفر صاحب یمن نے ۶۵۶ھ مین نیا منبر بنوایا پھر دس سال کے بعد ظاہر بیبرس نے منبر بنوا کر بھیجا اور مظفر کا
...اٹھوایا گیا پھر آجتک وہی منبر تھا پھر مؤید بادشاہ نے آٹھہ سو بیس ہجری مین نیا منبر طیار کرا کر بھیجا اور اس سے
...آٹھہ سو اٹھارہ ہجری مین ایک منبر بنا تیار کرا کر مکہ مین روانہ کیا تھا انتہے ماقال الحافظ فی الفتح احادیث سے معلوم
...منبر پر خطبہ پڑہنا مسنون ہے اور احادیث کی باب سے اسمین مطابقت ہے **ق** ثوذہ غابہ کی زمین کے حباؤ سے منبر
...اس عورت کی پاس لے آیا **ف** غابہ غین معجمہ اور باء موحدہ کے ساتھہ مدینہ کے گاؤن مین سے ایک گانون کا
...ہے جو وہ شام کیطرف واقع ہے اور بحرین کے بھی ایک گانو کا نام غابہ ہے اور اصل مین غابہ جھنگی کو کہتے ہین
...اس عورت نے وہ منبر حضرت کی پاس بھیجا اور آپنے اسکے ایک جگہہ مین رکھنے کا حکم دیا اور وہان رکھا گیا پھر منبر دیکھا رسول اللہ صلعم کو آپنے اسکی اوپر دیکھا
...تکبیر کہی اور آپ اسی پر تھے اور رکوع کیا اور آپ اسی پر رہے پھر آپ الٹے پاؤن منبر پر سے اترے اور منبر کی جڑ مین
...کیا **ف** حافظ نے کہا اس روایت مین قومکا ذکر نہین کیا اور اسی طرح تکبیر تحریمہ کے بعد قرات کا ذکر
...کیا اور انکا بیان ہے سفیان ثوری کی روایت مین ابو حازم سے اور اسکے لفظ یہ ہین کہ آپنے تکبیر
...پھر قرات کی اور رکوع کیا پھر سر اٹھایا اور الٹے پاؤن لوٹے اور ہشام بن سعد کی روایت مین ہے ابو حازم
...کی پاس کہ آپنے خطبہ پڑہا پھر نماز کی تکبیر ہوی تو آپنے منبر پر ہی تکبیر تحریمہ (کہکر نماز شروع کی)
...سے معلوم ہوا کہ خطبہ نماز پر مقدم ہے **ق** پھر منبر چڑہے **ف** مسلم نے زیادہ کیا
...روایت سے یہانتک کہ آپ فارغ ہوے اپنی نماز سے **ق** جب آپ نماز پوری کر چکے تو آپ
...متوجہ ہو کر کے فرمایا میں نے یہ کام اسلیے کیا ہے کہ تم میری پیروی کرو اور میری نماز سیکھو

ف حافظ نے کہا اسحدیث سے معلوم ہوا کہ آپ کے منبر پر نماز پڑھنے مین حکمت تھی کہ جو لوگ آپکو
پڑھانے کی حالت مین نہ دیکھ سکتے تھے وہ اب دیکھ لین اور معلوم ہوا کہ جو شخص روزمرہ کام کے مخالف کرے
تو اسکی وجہ اپنے اصحاب کو جتلادی اور اس سے معلوم ہوا کہ منبر پر خطبہ پڑھنا مسنون ہی ہر خطیب کے لیے وہ خلیفہ ہو
اور معلوم ہوا کہ نماز مین مقتدیون کو افعال نماز کی تعلیم کا قصد کرنا جائز ہے اور معلوم ہوا کہ عمل قلیل سے نماز باطل نہیں
اور اسیطرح عمل کثیر سے اگر عمل کثیر متفرق مقام مین واقع ہو اور معلوم ہوا کہ امام کا مقتدیون سے اونچے مکان مین کھڑا ہونا
اور اسپر باب الصلوۃ فی السطوح مین کلام گذر چکی اور معلوم ہوا کہ منبر بنانا مستحب ہے اسلیے کہ منبر پر خطیب کو مقتدی
دیکھ سکتے ہین اور عمدہ طور پر اسکی آواز سن سکتے ہین اور معلوم ہوا کہ ہر نئی چیز مین نماز کے ساتھ شروع کرنا
ہے وہ نماز اسچیز کے شکر مین پڑھے خواہ برکت ہونیکے قصد سے ابن بطال نے کہا خطیب اگر خلیفہ ہے تو اسکو
کھڑا ہونا مسنون ہے اور اگر خلیفہ نہین ہے تو اسکو اختیار ہے چاہے منبر پر کھڑا ہو جائے چاہے زمین پر اور اور مین
منیر نے اسکا تعقب کیا ہے اسطرح کہ یہ تفصیل ترجمہ باب کے مقصود سے خارج ہے اور یہ ایسی چیز کا خبر دینا ہے جسکا
بعض خلیفون نے بنا نکالا اگر نکالنے والے خلفاء راشدین مین سے ہین تو انکا طریق پیروی کے لائق ہے
اور اگر نکالنے والا خلفاء راشدین مین سے نہین ہے تو بدعت کہنا بہت مناسب ہے اسکو سنت قرار دینا
حافظ نے کہا مین کہتا ہون اور شاید یہی حکمت ہے اس ترجمہ کے بیان کرنے مین اور بخاری کی منشاء اس ترجمہ
سے یہ ہے کہ یہ تفصیل پسندیدہ نہین ہے اور شاید جسنے اس تفصیل کو مستحب سمجھا ہے اسکی مراد یہ ہے کہ امام مقتدی
سے اونچا کھڑا نہ ہو اور اسکی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے مشروع ہونے اور خلفاء راشدین کے لیے
ہونیسے یہ لازم نہین آتا کہ انکے بعد والون کے لیے بھی یہ مشروع ہو اور جمہور کی دلیل اشتراک کا موجود ہونا ہے
سامعین مین اور انکو بعض امور دین کے تعلیم دینے مین واللہ الموفق انتہے ما قال الحافظ فی الفتح قسطلانی
کہا اور اسحدیث کو نکالا مسلم اور ابو داؤد اور نسائی نے **حدثنا** سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ حَدَّثَنَا
جَعْفَرُ بْنُ أَبِي كَثِيرٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يَحْيَى ابْنُ سَعِيدٍ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ أَنَسٍ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ
كَانَ جِذْعٌ يَقُومُ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا وُضِعَ لَهُ الْمِنْبَرُ سَمِعْنَا لِلْجِذْعِ مِثْلَ
الْعِشَارِ حَتَّى نَزَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَيْهِ جابر بن عبد اللہ سے روایت
کہ مسجد مین کھجور کی ایک جڑ (گڑی) تھی جسکے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (خطبہ کے لیے)
جب آپکے لیے منبر (مسجد مین) رکھا گیا تو ہمنے اس جڑ کا رونا سنا جیسے بین باری کی آواز

منبر پر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم (منبر پر سے) اترے اور اسپر اپنا مبارک تہہ رکھا **ف** سبحان اللہ کیا عنایت ہے
اس امت پر کہ انکو ایسے رسول کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کی امت بنایا جنکی جدائی اور فراق سے درخت روتے ہے
ہیں ایسے رسول کی محبت اور اتباع نہ ہو تو امت کو اپنی بدقسمتی پر رونا چاہیے اللہ نے فرمایا وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا
رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ یعنے اے رسول اور تجھکو جو ہمنے بھیجا سو مہر کرکے بھیجا نو پر ۵

فَيَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا عَلٰى نَبِيِّكَ خَيْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

سُلَيْمَانُ عَنْ يَحْيٰى اَخْبَرَنِيْ حَفْصُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَنَسٍ سَمِعَ جَابِرًا اور کہا سلیمان نے یحیی سے روایت
کیا یحیی نے کہا مجھے حفص بن عبید اللہ بن انس نے خبر دی کہ انہنے سنا جابر سے **ف** عینی نے کہا لفظ عشار کی
ہمزہ میں جو اس حدیث میں واقع ہوا ہے کہ عشار وہ اونٹنی گابھن ہے جسکے حمل کے دس ماہ گذر چکے ہوں اور خطابی نے
کہا عشار وہ ناقہ ہے جو جننے کے قریب ہو اور داؤدی نے کہا عشار وہ ناقہ ہے جو صاحب اولاد ہو اور کھجور کی جڑ کو
جو تشبیہ دی عشار کے آواز کے ساتھ وقت جدا ہونے اسکی اولاد کے اور اسمیں دلیل ہے ایکی ٹہنیک رسول ہونے پر
کھجور کی جڑ کے رونے پر اور یہ اسلیے کہ جڑ میں اللہ نے حیات پیدا کردی **حَدَّثَنَا** اٰدَمُ ابْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ قَالَ حَدَّثَنَا
شُعْبَةُ اِذْ نُبِّئْتُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ عَلَى الْمِنْبَرِ وَهُوَ قَائِمٌ
يَقُوْلُ اِذَا جَآءَ اَحَدُكُمُ الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ عبد اللہ بن عمر رضہ سے روایت ہے کہ میںنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا
منبر پر خطبہ پڑہ رہے اور فرماتے تہے جو شخص جمعہ کیطرف آنیکا ارادہ کرے وہ نہاکر آوے **ف** حدیث کی
مطابقت ترجمہ باب سے ظاہر ہے اور اس حدیث کی متن پر باب فضل الغسل یوم الجمعہ میں کلام گذر چکی اور اس حدیث سے
یہ ہوا کہ امام منبر پر احکام کی تعلیم دے سکتا ہے **بَابُ** الْخُطْبَةِ قَآئِمًا کھڑے رہکر خطبہ پڑہنے کا بیان **ف**
فقہاء کا اسپر اجماع ہے کہ خطبہ میں کھڑا ہونا شرط ہے اور ابو حنیفہ نے کہا کھڑے رہکر خطبہ پڑہنا سنت ہے
اور امام مالک نے کہا کہ کھڑے رہکر خطبہ پڑہنا واجب تو ہے لیکن اگر بیٹہکر پڑہے تو جمعہ ادا ہو جاتا ہے اور بیٹہ کر پڑہنے
سے گنہگار ہو جاتا ہے اور ابو حنیفہ نے خطبہ میں کھڑا ہونیکے نہ واجب ہونے پر دلیل لی ابو سعید رضہ کی حدیث سے
جسکا ذکر مناقب میں آویگی انشاء اللہ تعالی اور نہ ابو سعید رضہ کی حدیث اس سے اگلے باب میں بھی انشاء اللہ تعالی آتی ہے)
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر بیٹہے ایک دن اور ہم آپکے گرداگرد بیٹہے اور دلیل لی سہل کی حدیث کے ساتھ جو
علے المنبر میں گذر چکی کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انصار کی ایک عورت کو کہلا بھیجا کہ وہ اپنے
غلام کو منبر بنانیکا حکم کرے جسپر میں بیٹہکر لوگوں کو وعظ کیا کرون اور اللہ موفق ہے اور جواب دیا گیا ہے پہلی

Marfat.com

حدیث کا اسطرح کہ یہ خطبہ جمعہ کا خطبہ نہ تھا اور دوسری حدیث کا یہ جواب دیا گیا ہے
خطبہ کے ابتدا اور دو خطبوں کے درمیان بیٹھنا ہے اور جمہور نے دلیل لی ہے جابر بن سمرہ کی حدیث مذکور سے
حدیث ہے کہ وہ آئے مسجد میں اور عبدالرحمن بن ابی الحکم بیٹھکر خطبہ پڑھ رہا تھا تو اسپر انکار کیا اور
قائماً یعنے اور تجھکو چھوڑ جاوین کھڑا اور ابن خزیمہ کی روایت میں ہے کہ میں نے کبھی طرح کوئی دن نہیں دیکھا
بیٹھکر خطبہ پڑھ رہا ہے دوبار اسکو کہا اور ابن ابی شیبہ نے طاؤس سے نکالا کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خطبہ
رکھکر اور ابوبکر اور عمر اور عثمان نے کھڑے رہکر اور سب سے پہلے بیٹھکر خطبہ معاویہ نے پڑھا اور جمہور کی یہ بھی دلیل ہے کہ رسول
اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کھڑے رہکر خطبہ پڑھنے پر مداومت کی ہے اور دلیل لی ہے انہوں نے اس سے بھی کہ دو خطبوں
بیٹھنا سنت ہے اگر دونو خطبوں میں بیٹھنا جائز ہوتا تو درمیان میں بیٹھکر فصل کرنیکی کیا ضرورت تھی اور جس نے
پڑھنا روایت کیا گیا ہے وہ معذور تھے ابن ابی شیبہ نے شعبی کے طریق سے نکالا کہ معاویہ نے خطبہ جب بیٹھا
جب وہ بطین ہو گئے اور موٹے ہو گئے اور جنہوں نے بیٹھکر خطبہ پڑھنے کے جائز ہونے پر اس سے دلیل لی ہے کہ اگر خطبہ میں
ہونا شرط ہوتا تو جنہوں نے بیٹھکر خطبہ پڑھنے والے پر انکار کیا تھا وہ اسکے ساتھ نماز نہ پڑھتا تو جواب یہ ہے کہ اسنے
کے خوف سے اسکے ساتھ نماز پڑھی یا جنہوں نے بیٹھکر خطبہ پڑھا اسنے اپنے بیٹھنے میں اجتہاد کیا اور فتنہ پڑنے کے خوف سے
نماز پڑھنا اسکی ایسی مثال ہے جیسے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے سفر میں اتمام کیا یعنے پوری نماز پڑھی اور ابن مسعود
نے دی کی۔ اور معہذا آپکے پیچھے نماز پڑھ لی اس خیال سے کہ خلیفہ وقت کی خلاف کرنے میں ایک دھوم مچیگی
ما قال فی الفتح وقال انس کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یخطب قائما اور انس رضی اللہ عنہ نے کہا ایک وقت
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہو کر خطبہ پڑھ رہے تھے **ف** حافظ نے کہا یہ استسقاء کی حدیث کا ہی ٹکڑا
اور یہ حدیث باب الاستسقاء میں آویگی انشاء اللہ تعالیٰ مؤلف رح نے ابن عمر کی حدیث بیان کی اور اس حدیث کو دو خطبوں
قائم کیا دو خطبوں کے درمیان بیٹھنا اور وہان اس حدیث پر بحث کیجاویگی انشاء اللہ تعالیٰ اسی
حدیث ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہو کر خطبہ پڑھتے پھر (درمیان میں) بیٹھ جاتے پھر کھڑے ہو کر خطبہ
شخص کہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بیٹھکر خطبہ پڑھتے تو وہ جھوٹا ہے کہ ہم نے
ابن عمر کی حدیث ہے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسپر مداومت کرنیکی
پر نہیں ہے اور ابن ابی شیبہ نے طاؤس کے طریق سے نکالا کہ بیٹھکر خطبہ پہلے حضرت
بڑا ہو گیا اور یہ اثر مرسل ہے قوت دیتا ہے اسکو وہ جو سعید بن منصور نے

Marfat.com

ہیں اور وہ اسطرح کہ جب تک جاتی بیٹھ جاتے اور جب تک اٹھ نہ لیتے خطبہ نہ پڑھتے اور پہلے جسنے
پڑھا وہ حضرت معاویہ ہیں اور عبدالرزاق نے معمر سے روایت کیا اسنے قتادہ سے کہ حضرت صلی اللہ علیہ و
ابوبکر اور عمر اور عثمان جمعہ کے دن کھڑے ہو کر خطبہ پڑھتے یہانتک کہ حضرت عثمان پر کھڑا ہونا دشوار ہوا تو
ہو کر خطبہ پڑھتے لیکن جب تھک جاتے) بیٹھ جاتے پھر جب حضرت معاویہ کا زمانہ آیا تو اسنے پہلا خطبہ بیٹھکر پڑھا
کھڑے ہو کر اور ان آثار میں اس شخص کی کوئی دلیل نہیں ہے جو بیٹھکر خطبہ پڑھنا جائز کہتا ہو اسلیے کہ اسنے
ہوا کہ انہوں نے ضرورت کے واسطے ایسا کیا انتہے ما قال الحافظ فی الفتح **حدثنی** عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ
ثنی قال حدثنی خالد بن الحارث قال حدثنا عبید اللہ بن عمر عن نافع عن ابن عمر قال کان
صلی اللہ علیہ وسلم یخطب قائما ثم یقعد ثم یقوم کما تفعلون الآن عبداللہ بن عمر رض سے
کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہو کر خطبہ پڑھا کرتے تھے پھر (درمیان میں) بیٹھ جاتے پھر کھڑے ہو جاتے
جیسا تم کرتے ہو **ف** حدیث کی ترجمہ باب کے ساتھ مطابقت ظاہر ہے قسطلانی نے کہا نکالا اسحدیث کو
ترمذی نے صلوۃ میں حافظ عبدالسلام ابن تیمیہ حرانی نے اسپر باب قائم کیا کہ دونو خطبوں کی ہیئت کا بیان
کے آداب پھر باب کی یہی حدیث بیان کی جو مذکور ہوئی روایت کیا اسکو جماعت نے اور جابر بن سمرہ رض سے روایت
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہو کر خطبہ پڑھا کرتے پھر (درمیان میں) بیٹھ جاتے پھر کھڑے ہو کر خطبہ
پھر جو کہتے آپ بیٹھ کر خطبہ پڑھتے تھے وہ جھوٹا ہے وہ جھوٹا ہے قسم اللہ کی میں نے تو آپکے ساتھ دو ہزار سے
نمازیں پڑھی ہونگی روایت کیا اسکو مسلم اور امام احمد اور ابوداؤد نے شوکانی نے کہا ان حدیثوں میں دلیل ہے
کھڑا ہونا مشروع ہے ابن منذر نے کہا اور اسی پر شہروں کے عالموں کا عمل ہے انتہے اب خطبہ کے کھڑا ہونے
میں اختلاف ہے تو جمہور وجوب کیطرف گئے ہیں اور ابوحنیفہ رح سے نقل کیا گیا ہے کہ خطبہ میں کھڑا ہونا
واجب نہیں ہے اور اسی طرف ہادویہ گئے ہیں اور جمہور نے انکے وجوب پر باب کی ان دونو حدیثوں سے دلیل لی ہے
اور بہت صحیح حدیثوں سے پھر وہی حدیثیں بیان کیں جنکو حافظ نے فتح میں بیان کیا اور کہا اسمیں شک
کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور خلفاء راشدین سے خطبہ میں کھڑا ہونا ثابت ہوتا ہے لیکن مجرد ثابت
ہونا وجوب کے لیے جیسے تو کئی بار پہچان چکا اور ان حدیثوں سے معلوم ہوا کہ دونو خطبوں کے درمیان
ہے اور جو جابر بن سمرہ نے کہا کہ میں نے آپکے ساتھ دو ہزار سے زیادہ نمازیں پڑھی ہیں تو اس سے جمعہ
بلکہ اس سے مراد پانچوں نمازیں ہیں اسلیے کہ وہ جمعے جو حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

Marfat.com

جمعہ کی نماز فرض ہونے کے پیچھے اپنے فوت ہونے تک پڑھی ہیں انکی تعداد دس ہزار ہو کر ایک
حزن کلفی رضہ سے روایت ہے کہ ہم سات نفر یا نو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور ہم
جن میں ہمنے آپکے ساتھ) جمعہ بھی پایا تو حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (خطبہ کے لیے) اٹھے ٹیکا دیے
لاٹھی پر اور حمد کیا اللہ کا اور ثنا کی اسپر چند کلمات میں جو بہت تھوڑے تھے لیکن انکا مضمون بڑا عمدہ اور
پھر فرمایا لوگو تم جن چیزوں کا امر کیے گئے ہو سب کے سب کو کبھی بجا نہ لاسکو گے تو درمیانی چال چلا
کو امام احمد اور ابو داؤد نے روایت کیا شوکانی نے کہا اسحدیث کی اسناد میں شہاب بن حراش ابو الصلت
ہے ابن مبارک نے کہا وہ ثقہ ہے اور امام احمد اور یحیے بن معین اور ابو حاتم نے کہا لا باس بہ ہے اور ابن
یہ نیک آدمی تھا لیکن بہت غلطی کرتا تھا یہانتک کہ اسکا اعتبار جاتا رہا حافظ نے کہا اور بہت لوگوں نے
بیان کیا ہے اور صحیح کہا ہے اسکو ابن خزیمہ اور ابن السکن نے اور حافظ نے اسکی اسناد کو حسن کہا کہا اور اسحدیث کا
شاہد ہے براء بن عازب کیحدیث سے ابو داؤد کے پاس کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عید کے دن کمان دی گئی
اسپر ٹیکا لگا کر خطبہ پڑھا اور طویل بیان کیا اسکو امام احمد اور طبرانی نے اور صحیح کہا اسکو ابن السکن نے اور اسباب میں
اور ابن زبیر کیحدیثیں ہیں ابو الشیخ ابن حبان کے پاس اسکے کتاب اخلاق النبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم میں اور
سے مرسلا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب خطبہ اپنی برچھی پر ٹیکا لگاتے اسکو نخلا شافعی نے اور اسکی اسناد
ابی سلیم ہے اور وہ ضعیف ہے اور اسحدیث میں دلیل ہے ٹیکا لگانے کی لاٹھی یا لاٹھی پر خطبہ کی حالت میں
اسمیں حکمت یہ ہے کہ ہاتھ لغو کام میں مشغول نہ ہوں اور اسمیں دلیل ہے کہ خطبہ کو اللہ کی تعریف اور وعظ پر شتمل
اور گذر چکا کہ وعظ میں خلاف ہے رہا حمد تو جمہور کے نزدیک خطبہ میں حمد واجب ہے اور اسی طرح صلوۃ
علیہ وآلہ وسلم پر اور مہدی نے بحر میں امام یحیے سے حکایت کیا ہے کہ دونو خطبوں میں اللہ کی
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپکی آل پر درود بھیجنا ضرور ہے اور عمار بن یاسر رضہ سے کہ میں نے حضرت
سنا فرماتے تھے مرد کا نماز میں طول کرنا اور خطبہ کا چھوٹا کرنا اسکی سمجھ کی دلیل ہے تو نماز میں طول کر
کرو روایت کیا اسکو امام احمد اور مسلم نے مصنف نے کہا حدیث میں
بن سمرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نماز بھی
کیا اسکو جماعت نے بخاری اور ابو داؤد کے سوا اور عبد اللہ بن ابی
نماز کو لمبا کرتے اور خطبہ کو چھوٹا کرتے روایت کیا اسکو نسائی نے

...یحی اسناد صحیح ہے اور اسباب مین روایت ہی عبداللہ بن مسعود رضہ سے بزار کے پاس کہ حضرت صلی
...نے فرمایا خطبہ کا چھوٹا کرنا اور نماز کا لمبا کرنا آدمی کی سمجھ کی علامت ہے تو نماز مین طول دو اور خطبون
...اور بعض تقریرون مین جادو کا اثر ہوتا ہے اور ہمارے پیچھے ایسے لوگ آوینگے جو خطبون کو لمبا کرینگے اور نمازین
...ینگے اور اسکو طبرانی نے عبداللہ بن مسعود پر موقوف روایت کیا عراقی نے کہا اور اسکا حدیث کا موقوف ہونا صواب ہے
...ہے اسلیے کہ سفیان اور زائدہ نے اسکی موقوف ہونے پر اتفاق کیا اور صرف قیس ہی نے اسکو مرفوع بیان کیا
...اللہ سے روایت ہے طبرانی کے پاس کبیر مین کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کسی امیر کو بھیجتے تو فرماتے
...کرنا اور بہت کم کلام کرنا اسلیے کہ بعض باتین ایسی ہوتی ہین جن مین جادو کا اثر ہوتا ہے اور اسکی اسناد مین جمیع
...نے کہا جمیع منکر الحدیث ہے اور نسائی نے کہا متروک الحدیث ہی غرض آپکا ارشاد کرنا کہ خطبہ کو چھوٹا کرو اور نماز
...آپکے فعل کے مخالف ہے جسکو جابر بن سمرہ نے حکایت کیا کہ آپکا خطبہ اور نماز دونو متوسط تھے کہا امام
...ان دو حدیثون مین کوئی مخالفت نہین ہی اسلیے کہ نماز مین طول کا حکم بہ نسبت خطبے کے ہی نہ ایسا طول
...مقتدیون کو تکلیف ہو عراقی نے کہا یا نماز مین وہان طول کرے جہان لمبا کرنیکی ضرورت پڑے جیسے
...جو لوگ پیچھے رہگئے ہین وہ ملجا دین کہا اگر ہم فرض کرین کہ دونو حدیثون مین جمع ممکن نہین ہے تو ہمکو آپکے
...عمل کرنا ہوگا نہ فعل پر اسلیے کہ آپکے فعل مین تخصیص کا احتمال ہے انتہے اور ہمنے کئی بار بیان کیا کہ آپ کا
...اس قول کے معارض نہین ہوتا جو امت سے خاص ہو اور ایسی کوئی دلیل موجود نہ ہو جو آپکے اس فعل کے اقتدار پر دلالت
...اسی قسم سے ہی اور باب کی حدیثون مین خطبہ کے چھوٹا کرنے کا بیان ہی اور اس مین کسی کا اختلاف نہین
...مین اختلاف ہے کہ خطبہ کم سے کم کتنا کافی ہے تو وہ اقوال فقہ کی کتابون مین مفصل طور پر مذکور ہین
...سے روایت ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب خطبہ پڑھتے آپکی مبارک آنکھین سرخ ہوجاتین اور آپکا
...ہوتا آپکا غصہ زیادہ ہوتا یہانتک کہ آپکی ایسی مثال ہوتی جیسے کوئی لشکر سے ڈرانا ہے کہتا
...تمپر آویگا اور شام کے وقت تمپر آویگا روایت کیا اسکو مسلم اور ابن ماجہ نے شوکانی نے کہا حدیث
...ہی کہ فرماتے اللہ کی تعریف اور نبی پر صلوۃ کے پیچھے بہتر بات اللہ کی کتاب ہے اور عمدہ
...وسلم کا طریق ہے اور سب کامون سے برے کام وہ ہین جو دین مین نئے نکالے جاوین
...اور اس سے معلوم ہوا کہ واعظ کو مستحب ہے کہ خطبہ کے شان کی تعظیم کرے اور وعظ
...غصہ کا موقع ہو غصہ ظاہر کرے اور حصین بن عبدالرحمن سے روایت ہی کہ مین

عمارہ بن رویبہ کے پہلو مین تہا اور بشر مروان کا بیٹا ہمکو خطبہ سنا رہا تہا جب وہ دعا کرتا ہاتہہ اٹہاتا تو عما
ان دونو ہاتہون کو ذلیل کرے مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکہا آپ منبر پر خطبہ پڑہتے تہے جب دعا کرتے
اکیلی کلمہ کی انگلی کے ساتہہ اشارہ کرتے روایت کیا اسکو امام احمد نے اور روایت کیے ترمذی نے معنے اسمہ
کہا اسکو اور سہل بن سعد رض سے روایت ہی مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو منبر پر ہاتہہ اٹہا کر دعا کرتے نہین دیکہا
غیر منبر پر جب دعا کرتا ہوتا تو اپنا ہاتہہ کانہے کے برابر کرتے اور کلمہ کی انگلی کے ساتہہ اشارہ کرتے روایت کیا اسکو
اور ابو داؤد نے اور ابو داؤد نے اسطرح روایت کیا ہے لیکن مینے آپکو دیکہا کہ آپ اسطرح اشارہ کرتے اور کلمہ کی انگلی
ساتہہ اشارہ کر کے دکہلایا اور بیچ کی انگلی کو انگوٹہے کے ساتہہ عقد کیا شوکانی نے کہا پہلے حدیث کو
نسائی نے بہی نکالا اور دوسرے حدیث کی اسناد مین عبد الرحمن بن اسحق قرشی ہے جسکو عباد بن اسحق بہی کہا جاتا
مین گفتگو ہے ایسا ہی کہا منذری نے اور اسناد مین روایت ہے عطیف بن حارث ثمالی سے امام احمد اور بزار نے
کہا میری طرف عبد الملک مروان کے بیٹے نے کسی کو بہیجا اور کہا اے ابا سلیمان ہمنے لوگون کو دو کاموں پر جمع کیا ہے
بولے وہ کیا ہین بولا ہاتہون کا اٹہانا منبر و نیز جمعہ کے دن اور صبح کی نماز کے بعد وعظ کرنا وہ بولا یہ تو میرے
دونو بڑی بہاری تمہاری بدعتین ہین اور مین اس بارے مین تمہارے ساتہہ ہرگز اتفاق نہ کرونگا بولا کیون
نے کہا اسلیے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کسی قوم نے کوئی بدعت نہین نکالی مگر اسی قدر
مرفوع ہو جاتی ہے تو حدیث کے ساتہہ تمسک کرنا بدعت کے نکالنے سے بہتر ہے اور اسکی اسناد مین ابن ابی مر
ہے اور بقیہ مدلس ہے اور باب کی یہ دونو حدیثین منبر پر دعا کے لیے دونو ہاتہہ اٹہانے کی کراہت پر دلالہ
ہین اور یہ بدعت ہے اور صحیحین مین انس کی حدیث سے ثابت ہوا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کبہی دعا
ہاتہہ نہ اٹہاتے مگر استسقا مین اور استسقا مین اسقدر ہاتہون کو اونچا کرتے کہ آپکی مبارک بغلون کی سفیدی
آتی اور اسحدیث سے ظاہر تو معلوم ہوتا ہے کہ آپ استسقا کے سوا کسی وقت ہاتہہ نہین اٹہاتے تہے امام نووی نے
کہا اور بات یون نہین ہے بلکہ ہاتہون کا دعا مین اٹہانا ثابت ہوا ہے (استسقا کے سوا) اور بہت
مین اور وہ بے شمار ہین اور مینے ان مین سے قریب تیس حدیثون کے صحیحین سے جمع کی ہین اسقدر
ان دونو حدیثون کا ظاہر یہ ہے کہ جمعہ کے خطبہ مین انگلی کے ساتہہ اشارہ کرنا جائز ہے واللہ اعلم

باب استقبال الناس الامام اذا خطب

امام جب خطبہ پڑہے تو لوگ امام کی طرف

خطبہ مین امام کیطرف منہ کر کے بیٹہنا جمہور علما کے نزدیک سنت ہے

بسم اللہ الرحمن

باب عقد الثیاب وشدھا وما جاء فی جمع

اور اسکے باندھنے کا (نماز کے وقت) اور اس

کرتا ہے ف کہا ابن عمر نے

سمیٹنے سے دوسری حدیث

احکام میں لانے سے

چھوڑ دیئے اور ابن منیر نے

انا سفین عن

وھم عاقدوا

الرجال

Marfat.com

[illegible] تشہد شروع نہ کرے جب تک اس کا ہر ایک جوڑ اپنی
[illegible] ہو جاوے اور یہ جو فرمایا اپنے بائیں ران بچھا دے امام شافعی اور امام احمد
[illegible] امام صاحب فرماتے ہیں تشہد اول مین بھی بائیں کیطرح ران بچھاوے اور امام شافعی
[illegible] کے قائل ہین اور امام مالک دونو تشہدون مین تورک کا قائل ہے اسیطرح ابن رسلان نے
[illegible] اور اس مین دلیل ہے اس شخص کی جو کہتا ہے کہ تشہد اول کے لیے بیٹھنے مین ہی ران بچھاوے
[illegible] ابن القیم نے کہا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس جلسہ اولی مین اس صفت کی سوا لیعنے
[illegible] کے سوا کوئی دوسری کیفیت مروی نہین ہے اور امام مالک نے کہا کہ اس مین بھی تورک کرے ابن
[illegible] کی حدیث کے لیے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم وسط صلوۃ اور اخیر صلوۃ مین تورک کرتے
[illegible] کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تورک منقول نہین ہے مگر تشہد اخیر مین اور یہ حدیث بھی
[illegible] اس کی جو تشہد اول کے وجوب کا قائل ہے اور اس مین اختلاف گذر چکا پھر وہی بخاری
[illegible] مین مذکور ہوئی ذکر کی اور کہا کہ اس مین سجود سہو کے لیے خفض و رفع کی تکبیرون کی مشروعیت
[illegible] ہے اور کہا کہ اس حدیث سے اسنے دلیل لی ہے جو تشہد اول کے عدم وجوب کا قائل ہے اور اسکی دلالت
[illegible] کا جواب گذر چکا انتہے ماقال الشوکانی فی النیل **بَابُ التَّشَهُّدِ فِي الْأُولَى** اچوگانہ اور سنہ گانہ
[illegible] مشروع ہونا **ف** کہا حافظ نے کرمانی نے کہا فرق اس ترجمہ مین اور اس سے پہلے
[illegible] سے کہ پہلے ترجمہ مین تشہد اول کے نہ واجب ہونیکا بیان ہے اور اس مین اسکے مشروع ہونیکا بیان ہے
[illegible] امام ہے واجبا در مندوب سے ہکذا فی الخیر الجاری کہا عینی نے اور ممکن ہے یہ کہا جاوے کہ فرق دونو
[illegible] ترجمہ تشہد اول کے عدم وجوب مین ہے اور دوسرا اسکے وجوب مین کیونکہ بابکیحدیث مین
[illegible] جلوس تشہد ہی کے لیے ہوتا ہے تو ایک جماعت نے پہلے ترجمہ کے ساتھ
[illegible] نے دوسرے ترجمہ کے ساتھ **حَدَّثَنَا** قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا بَكْرٌ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ
[illegible] بْنِ مَالِكِ ابْنِ بُحَيْنَةَ قَالَ صَلَّى لَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ فَقَامَ
[illegible] فِي آخِرِ صَلَوتِهِ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ عبد اللہ بن مالک بن بحینہ رضی اللہ تعالی
[illegible] صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز پڑھائی ہمکو ظہر کی تو آپ (تیسری رکعت کی واسطے) کھڑے
[illegible] تشہد اول کے لیے) جب آپ نماز پوری کر چکے (سوا سلام کے) تو سہو کے دو

Marfat.com

ب کا اتفاق ہے اور نقل کیا ہے شرح مہذب مین امام نووی نے کہ خطبہ مین ادہر اُدہر دیکہنا اتفاقاً مکروہ ہے مگر
ن حنفی اسکو حرام کہتے ہین اور اسمین حکمت یہ ہے کہ اسمین امام کی کلام سننے کے لیے طیاری ہوتی ہے اور اسصورت مین اسکا
سننے مین ادب پایا جاتا ہے اور مقتدی جب امام کیطرف اپنا منہ کریگا اور اسکی طرف اپنے بدن اور دل سے متوجہ ہوگا تو
اعظ اسکو خوب سمجہہ مین آویگا اور امام کو بہی مستحب ہے کہ مقتدیون کی طرف خطبہ مین اپنا منہ کرے اسمین اگرچہ قبلہ کیطرف پیٹھ
تی ہے پر یہ اسکو معاف ہے تاکہ مخاطبین کیطرف پیٹھ کرنی لازم نہ آوے جو عرفاً مذموم ہے واستقبل ابن عمر و
الامام اور ابن عمر رض اور انس رض نے (خطبہ کیحالت مین) امام کیطرف منہ کیا **ف** ابن عمر کے استقبال کو تو
ن نے ولید مسلم بن ولید کی طریق سے نکالا کہا لیث بن سعد نے مجہے خبر دی ابن عجلان سے اُسنے اسکو خبر دی نافع سے کہ
عمر رض اپنی نماز نفل سے امام کے نکلنے سے پہلے فارغ ہوجاتے اور جب امام نکلتا تو اہی وہ بیٹہتا (منبر پر) یہانتک کہ
عمر اسکی طرف متوجہ ہوجاتی اور انس کے استقبال کو ہم روایت کیے گئے نعیم بن حماد کے نسخہ مین صحیح سند کے ساتہہ انس سے
م جب خطبہ شروع کرتا جمعہ کے دن تو یہ امام کیطرف اپنا منہ کرتے اسکی خطبہ سے فارغ ہونے تک اور اسکو ابن منذر نے دوسرے
ن سے انس سے روایت کیا کہ وہ جمعہ کے دن آتے اور دیوار کے ساتہہ ٹیکا لگاتے اور امام کیطرف منہ کیا ابن منذر نے
ن نہین جانتا کہ اس مسئلہ مین علماء کا خلاف ہو اور بخاری علیہ الرحمہ نے ابو سعید کی حدیث سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک
نبر پر بیٹہے اور ہم آپکے گرد بیٹہے ترجمہ کا مقصود نکالا اور یہ حدیث ایک لمبی حدیث کا ٹکڑا ہے جو اسی اسناد کے ساتہہ کتاب
ہ کے باب الصدقۃ علی الیتامی مین انشاء اللہ تعالے آویگی اور اسحدیث پر کلام کتاب الرقاق مین آویگی انشاء اللہ والدلالت کی وجہ اسحدیث
یہ ہے کہ آپ منبر پر وعظ کے لیے بیٹہے تہے اور لوگ آپکا وعظ سننے کے لیے آپکے گرد بیٹہے اور ضرور ہے کہ اُنکے منہ آپکی طرف
ہے کیونکہ آپکی کلام کا سننا چاہتا ہے کہ وہ آپکے طرف دیکہتے ہون اور یہ جمعہ کا خطبہ نہا تاکہ آپ کا منبر پر بیٹہنا
ہوے بلکہ یہ تو محض وعظ و نصیحت کے لیے آپ کسی اونچی جگہہ پر بیٹہتے تہے اور لوگ آپسے نیچے تہے اور جب کہ
مین امام کیطرف منہ کرنا مستحب ہوا تو جمعہ کے دن کے خطبہ مین تو بطریق اولی امام کیطرف منہ کرنا مستحب ہوگا اسلیے
لیہ کے سننے کا امر وارد ہوا ہے اور خطبہ پڑہتے وقت کان کہنے کا **حدثنا** معاذ بن فضالۃ قال حدثنا
ام عن یحیی عن ہلال بن ابی میمونۃ قال حدثنا عطاء بن یسار انہ سمع ابا سعید الخدری رض
نبی صلی اللہ علیہ وسلم جلس ذات یوم علی المنبر وجلسنا حولہ ابو سعید خدری رض سے روایت ہے
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن منبر پر بیٹہے اور ہم آپکے گرد بیٹہے **ف** قسطلانی نے کہا امام کی طرف
کے لیے منہ کرنا مستحب ہے حنفیہ کے نزدیک جمہور علماء کیطرح اور امام کو مقتدیون کیطرف منہ کرنے مین اگرچہ

قبلہ کیطرف پیٹھہ دینی پڑتی ہے پر یہ اسکو معاف ہے تاکہ مخاطبین کیطرف پیٹھہ نہ ہو جو عرفاً قبیح ہے اور
یعنی حدیث کا ٹکڑا ہے جو اپنے مباحث کے ساتھہ کتاب الزکوٰۃ کے باب الصدقۃ علی الیتامیٰ مین آویگی اور کتاب الرقا
آویگی انشاء اللہ تعالیٰ اور اسیطرح نکالا اسکو مولف نے کتاب الزکوٰۃ مین اور جہاد اور رقاق مین اور اسی طرح نسائی اور ترمذی نے
مَنْ قَالَ فِي الْخُطْبَةِ بَعْدَ الثَّنَاءِ أَمَّا بَعْدُ جو شخص خطبہ مین ثناء کے بعد اما بعد کہتا ہے اسکی دلیل **ف** حافظ
زین بن منیر نے ہو سکتا ہے کہ لفظ مَنْ باب مین اَلَّذِیْ کے معنے مین ہو اور مراد اس سے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ
اور ہو سکتا ہے کہ شرطیہ ہو اور جواب محذوف ہو اور وہ یہ کہ جسنے ثناء کے بعد اما بعد کہا اسنے سنت پر عمل کیا
احتمالون مین واعظ گون کو چاہیے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اتباع کے لیے اسکو ثناء کے بعد استعمال کرین انتہی
علیہ الرحمۃ نے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خطبہ کی صفت مین جمعہ کے دن کوئی حدیث اس شرط پر نہین پائی تو اس
پر کفائت کی اور اسکو اسلیے مقرر کیا گیا ہے تاکہ حمد و صلوٰۃ اور وعظ کے درمیان فرق ہو جاوے رَوَاهُ عَلِيٌّ
عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اس حدیث کو علی نے ابن عباس رضہ سے روایت کیا اور ابن
نے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے **ف** حافظ نے کہا ابن عباس رضہ کی یہ حدیث اس باب کے آخر مین ہو موصولاً
تعالیٰ آویگی اور باب مین چھہ حدیثین بیان کین جنکی ترجمۂ باب کے ساتھہ مطابقت ظاہر ہے پہلی حدیث
حدیث ہی سورج کے گہن ہونے کے باری مین جسمین ہے پہر حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ کی ثناء کی جو اسکو لائق ہے
بعد پہر قبر کے فتنہ کا قصہ بیان کیا اور اس حدیث پر کلام انشاء اللہ تعالیٰ کسوف مین آویگی دوسری عمرو بن تغلب
ہے اور اسمین ہے پہر حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ کی تعریف کی اور اسکی ثناء کی پہر فرمایا اما بعد اور اس حدیث
کتاب الخمس مین آویگی انشاء اللہ تعالیٰ تیسری حدیث حضرت عائشہ رضہ کی حدیث ہی رات کی نماز کے قصہ مین اور اسمین
تشہد کیا پہر فرمایا اما بعد اور اس حدیث پر کلام کتاب ابواب التطوع مین آویگی انشاء اللہ تعالیٰ اور چوتھی ابو حمید
کی حدیث ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چاشت کے وقت (صبح) کی نماز کے پیچھے کھڑے ہوئے پہر تشہد کیا
کی جو اسکو لائق ہے پہر فرمایا اما بعد اسجگہہ اسکو مختصر طور پر بیان کیا ہے اور بیان کیا ہے اس حدیث کو تمام
ساتھہ کتاب الایمان والنذور مین اور اس حدیث مین ابن اللتبیہ کا قصہ ہے اور پوری گفتگو اس حدیث پر کتا
مین آویگی انشاء اللہ تعالیٰ پانچوین مسور بن مخرمہ کی حدیث ہی کہا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
تشہد کیا فرماتے تھے اما بعد اور یہ حدیث اس حدیث کا ٹکڑا ہے جسمین حضرت علی رضہ نے
لڑکی کے ساتھہ خطبہ کرنیکا ذکر ہے اور یہ پوری حدیث اور اسپر گفتگو کتاب النکاح مین

Marfat.com

ابن عباس رضہ کیحدیث ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر چڑہے اور یہ آپکا منبر پر چڑہنا آخر مجلس تھی کہ آپ بیٹھے
حدیث تک اور آمین ہے پہر آپنے اللہ کی تعریف کی اور اسپر ثنا کی پہر فرمایا اما بعد اور یہ پوری حدیث باب فضائل
صحابہ مین انشاء اللہ تعالی آویگی اور وہان اسحدیث پر کلام بھی آویگی انشاء اللہ تعالی اور اسباب مین جن حدیثون کو امام بخاری
بیان نہین کیا حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالے عنہا کی حدیث ہی افک کے قصہ مین اور ابو سفیان کیحدیث ہی جسمین
حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہرقل کیطرف خط لکہنا مذکور ہے اور یہ حدیث صحیحین مین ہی اور جابر رضہ کی حدیث ہی کہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب خطبہ پڑہتے آپکی مبارک آنکھین سرخ ہوجاتین اور آپکا مبارک آواز بلند ہوتا آخر حدیث تک اور آمین
پہر فرماتے اما بعد فان خیر الحدیث کتاب اللہ اسکو امام مسلم نے نکالا اور مسلم کی ایک روایت مین ہی جابر رضہ سے کہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جمعہ کے دن خطبہ پڑہتے اور اللہ کا حمد کرتے اور اسکی ثنا کرتے آخر حدیث تک اور آمین ہے (پہر)
فرماتے اما بعد فان خیر الحدیث کتاب اللہ اور یہ حدیث مصنف کی مراد کے زیادہ لائق ہے اسلیے کہ آمین جمعہ کے دن کی
تصریح ہے پر یہ حدیث بخاری کی شرط پر نہین ہے جیسی ہم بیان کرچکے اور ان حدیثون سے معلوم ہوا کہ اما بعد کا کہنا خطبون
کے ساتہہ ہی خاص نہین ہے بلکہ رسالات کے ابتدا مین اور مصنفات کے ابتداء مین بہی کہا جاتا ہے اور ان حدیثون
کے طریقون کا تتبع کیا ہے جنمین اما بعد کا لفظ واقع ہوا ہے حافظ عبد القادر راوی نے اربعین کے خطبہ مین تو اسی
سے زیادہ تیس صحابیون سے نکالا ان مین سے وہ طریق ہے جسکو ہنی نکالا ابن جریج کے طریق سے ہنی محمد بن سیرین سے ہنی
سمرہ بن مخرمہ سے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب خطبہ پڑہتے فرماتے اما بعد اور اسکے راوی سچے ہین اور اسحدیث کا ظاہر ہے
کہ آپنے اس امر پر مداومت کی وقال محمود حدثنا ابو اسامۃ قال حدثنا ہشام بن عروۃ قال اخبرتنی فاطمۃ
بنت المنذر عن اسماء بنت ابی بکر قال دخلت علی عائشۃ والناس یصلون قلت ما شان الناس فاشارت
برأسہا الی السماء فقلت ایۃ فاشارت برأسہا ای نعم قالت فاطال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حتی
تجلانی الغشی وانی لاصب فوقی قربۃ فیہا ماء ففتحتہا فجعلت اصب منہا علی راسی فانصرف رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وقد تجلت الشمس فخطب الناس فحمد اللہ بما ہو اہلہ ثم قال اما بعد
ما من شیء لم اکن رأیتہ الا وقد رأیتہ فی مقامی ہذا حتی الجنۃ والنار وانہ قد اوحی الی انکم
تفتنون فی القبور مثل او قریبا من فتنۃ المسیح الدجال یؤتی احدکم فیقال لہ ما علمک بہذا
الرجل فاما المؤمن او قال الموقن لا ادری ایتہما قالت اسماء فیقول ہو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہو

محمد جاءنا بالبینات والھدیٰ فامنا بہ واجبنا واتبعنا فیقال لہ نم صالحا فقد کنا
کنت لموقنا بہ واما المنافق او المرتاب شک ھشام فیقال لہ ما علمک بھذا الرجل فیقول
سمعت الناس یقولون شیئا فقلت قال ھشام فلقد قالت لی فاطمۃ فاوعیتہ غیر انھا قد
یغلط علیہ ابوبکر کی بیٹی اسماء رضہ سے روایت ہے کہ میں (اپنی بہن) عائشہ صدیقہ رضہ پاس آئی اور لوگ نماز پڑ
مینے کہا لوگون کا کیا حال ہے تو میری بہن عائشہ نے اپنے سر سے آسمان کیطرف اشارہ کیا کہ سورج کو گہن لگا
کہا سورج کو گہن لگنا علامت ہے اسکی کہا ہان کہا اسماء نے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بڑی دیر تک نما
کھڑے رہے یہانتک کہ میں بیہوش گئی اور میرے پہلو میں پانی کی ایک مشک تھی تو میںنے اسکا مونہہ کھولا اور میں اس سے اپنے
گرانے لگی اور حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز سے اسوقت فارغ ہوئے جب سورج کا گہن کھل چکا تھا پھر آپنے لوگو
خطبہ سنایا اور اللہ تعالی کی تعریف کی جسکے وہ لائق ہے پھر آپنے اما بعد کا کلمہ کہکر وعظ شروع کیا کہا اسماء رضہ نے ا
انصار کی عورتون نے شور مچا دیا تو میں نے چپ کرانے کے لیے انکی طرف جھکی (جب میں واپس آئی) تو میںنے عائشہ
سے پوچھا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا تھا بولی آپنے فرمایا ایسی کوئی چیز نہین جسکو میںنے دیکھا ہوا
تھا مگر میںنے اسکو دیکھ لیا اپنی اسجگہہ میں یہانتک کہ بہشت اور دوزخ کو بھی دیکھ لیا اور مجھے حکم ہوا کہ قبرون میں مسیح دجا
فتنہ کیطرح آزمائے جاؤگے لایا جاویگا ایک تمہارا (یعنے اسکی پاس فرشتے منکر نکیر آوینگے) اور اسکو کہینگے
تو حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کیا جانتا ہے تو مومن کہیگا یہ اللہ کے رسول ہین انکا مبارک نام محمد ہے یہ ہمارے
روشن دلیلین اور ہدایت کی باتین لائے اور ہم انکے ساتھہ ایمان لائے اور آپکی رسالت کو ہمنے قبول کیا اور تابعدار
ہمنے آپکی وہ اسکو کہینگے تو سوجا تو نیک ہے ہمکو بھی خبر تھی کہ تو انکے ساتھہ ایمان کہتا ہے اور جو منافق ہوگا اور
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت میں شک کرتا ہوگا جب اسکو کہا جاویگا تو اس آدمی کو کیا جانتا ہے وہ کہیگا میں
جانتا جو کچھہ سنا کہہ ڈالا لوگون کی تحقیق نہ کی سنی سنائی بات پر یقین کر لیا باپ دادون کی رسم و رواج پر اڑا رہا) ہشا
بن عروہ نے کہا فاطمہ بنت منذر نے مجھکو کہا مجھے یہ حدیث یاد ہے مگر وہ تغلیط جو کافر کیجاتی ہے اور اسماء نے
بیان کیا وہ مجھے یاد نہین رہی **حدثنا** محمد بن معمر قال حدثنا ابو عاصم عن جعفر بن حازم قا
سمعت الحسن یقول حدثنا عمرو بن تغلب ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتی بمال او سبی
فاعطی رجالا وترک رجالا فبلغہ ان الذین ترک عتبوا فحمد اللہ ثم اثنی علیہ ثم قال ا
فواللہ انی لاعطی الرجل وادع الرجل والذی ادع احب الی من الذی اعطی ولکن

لمہاری فی قلوبھم من الجزع والھلع وکل اقوا ما الی ما جعل اللہ فی قلوبھم من الغنی و
فیھم عمرو بن تغلب فواللہ ما احب ان لی بکلمۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حمر النعم
ن تغلب عبدی بنتی بصری رضہ سے روایت ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس کچھ مال یا لڑکیہ قیدی آئی
پھر آئی تو آپنے اسکو تقسیم کیا پر کسیکو دیا اور کسیکو نہ دیا اور آپ کو اُن لوگون کی شکایت (بھی) پہونچ گئی جنکو آپنے
تو آپنے (وعظ فرمایا) اور اللہ کی تعریف کی اور اسپر ثنا کی پھر فرمایا حمد اور ثنا کے بعد قسم ہے اللہ کی مین کسیکو دیتا
اور کسی کو چھوڑتا ہون اور جسکو مین چھوڑتا ہون وہ میرے نزدیک اچھا ہے اس سے جسکو مین دیتا ہون
سکو دیتا ہون انکو اسلیے دیتا ہون کہ انکے دلون مین مجھے بے صبر کی اور لالچ معلوم ہوتا ہے اور جنکو چھوڑتا ہون
لیے چھوڑتا ہون کہ انکے دلون مین اللہ نے بے نیازی اور بھلائی رکھدی ہے اُن مین سے ایک عمرو بن تغلب رضہ
کہا عمرو بن تغلب نے اللہ کی قسم مین نہین چاہتا کہ مجھکو حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس بات کے بدلے (جو آپنے میری حق
ی فرمائی) سرخ اونٹ ملتے **ف** یعنے اگر حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے سرخ اونٹ عنایت فرماتے اُن مین سے جو آپ
یم فرما رہے تھے تو مین اسقدر خوش نہ ہوتا جیسا کہ مین آپکے میرے حق مین اس بات کے کہنے سے خوش ہوا **ف** واہ رے
بن تغلب تیرا نیک نصیب اور خوش قسمت قسطلانی نے کہا نکالا اسحدیث کو مولف نے خمس اور توحید مین کما

حدثنا یحیی بن بکیر قال حدثنا اللیث عن عقیل عن ابن شہاب قال اخبرنی عروۃ ان عائشۃ
برتہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خرج لیلۃ من جوف اللیل فصلی فی المسجد فصلی رجال بصلوتہ
صبح الناس فتحدثوا فاجتمع اکثر منھم فصلوا معہ فاصبح الناس فتحدثوا فکثر اھل المسجد
ت اللیلۃ الثالثۃ فخرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فصلوا بصلوتہ فلما کانت اللیلۃ
ز المسجد عن اھلہ حتی خرج لصلوۃ الصبح فلما قضی الفجر اقبل علی الناس
تشھد ثم قال اما بعد فانہ لم یخف علی مکانکم ولکنی خشیت ان تفرض علیکم فتعجزوا

حضرت عائشہ صدیقہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک رات (گھر سے) جوف لیل مین برآمد ہوے
مسجد مین آپنے تراویح کی نماز پڑہی اور کچھ لوگون نے آپکی اس نماز مین اقتدا کی تو سویرے سویرے لوگون مین چرچا
(کہ آج کی رات حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تراویح کی نماز پڑہی ہے) تو دوسری رات مین بہ نسبت اس رات
بہت لوگ مسجد مین جمع ہوگئے پھر انہون نے (اس رات مین) آپکے ساتھ نماز تراویح پڑہی پھر صبح کو اسکا چرچا
تیسری رات کو مسجد مین بہ نسبت ان دونون راتون کے بہت لوگ جمع ہوے اور حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گھر سے

برآمد ہوئے اور انہون نے آپکے ساتھہ نماز تراویح پڑہی جب عرب کی [illegible]
کو سمانی سے تنگ ہوگئی اور حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم برآمد نہ ہوئے اور سانی رات گذر گئی [illegible]
ہوئی جب آپ صبح کی نماز سے فارغ ہوئے تو لوگون کیطرف اپنا مبارک منہ کیا اور خطبہ پڑہا [illegible]
تمہارا اکٹھا ہونا اور نماز کی انتظاری کرنا سب کی خبر ہے پر مین ڈرا (صبادا) تمپر تراویح کی نماز فرض ہوجاوے
سے بن سکے **ف** تو اپنے گہرون مین نفل نماز پڑہا سکیے مرد کی وہ نماز بہتر ہے جسکو وہ اپنے گہر مین
فرض نماز جیسا دوسری روایت مین آیا ہے اور اس حدیث اور اس سے پہلی حدیث کی مناسبت ترجمہ باب سے ظاہر
تابعہ یونس متابعت کی ہے عقیل کے اسحدیث کی روایت کرنیمین ابن شہاب زہری سے یونس نے اور اس متابعت
کو امام مسلم نے موصول کیا **حدثنا** ابو الیمان قال اخبرنا شعیب عن الزہری قال اخبرنی عروۃ
ابی حمید بن الساعدی انہ اخبرہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قام عشیۃ بعد الصلوۃ
فتشہد واثنی علی اللہ بما ہو اہلہ ثم قال اما بعد ابو حمید ساعدی رض سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ
وآلہ وسلم ایک رات عشا کی نماز کے بعد کہڑے ہوئے اور آپنے خطبہ پڑہا اور اللہ کی تعریف کی جسکے وہ لائق ہے
اما بعد **ف** اسجگہ اسحدیث کو مختصر بیان کیا اور باب الایمان والنذور مین طول کے ساتھہ اور اس مین ابن لتبیہ
ہے جسکو حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صدقہ کی تحصیل کے لیے بہیجا اور وہ وصول کرکے لائے اور بولا یہ تیرا ہے
تو حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر کہڑے ہوئے اور فرمایا اما بعد اور اسکو مسلم نے مغازی مین نکالا اور ابو داود
مین (ق) تابعہ ابو معاویۃ وابو اسامۃ عن ہشام عن ابیہ عن ابی حمید عن النبی صلی اللہ
وسلم قال اما بعد وتابعہ العدنی عن سفیان فی اما بعد متابعت کی ہے زہری کی ابو معاویہ اور
نے ہشام سے اسنے اپنے باپ عروہ سے اسنے ابو حمید سے اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ رسول اللہ صلی اللہ
آلہ وسلم نے فرمایا اما بعد اور محمد بن یحیی یا عبد اللہ بن ولید عدنی نے متابعت کی ہے ابو الیمان کی سفیان
کے لفظ مین (نہ پوری حدیث مین) **حدثنا** ابو الیمان قال اخبرنا شعیب عن الزہری قال
علی بن الحسین عن المسور بن مخرمۃ قال قام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطیبا فسمعتہ حین
یقول اما بعد مسور بن مخرمہ سے روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہڑے ہوئے تو مینے آپ سے سنا
خطبہ پڑہا اما بعد فرمایا تابعہ الزبیدی عن الزہری شعیب کی زبیدی نے زہری سے متابعت کی
حدثنا اسمٰعیل بن ابان قال حدثنا ابن الغسیل قال حدثنا عکرمۃ عن ابن عباس قال صعد النبی

Marfat.com

جلس جلسۃ مستوفزا علی منکبیہ قد عصب رأسہ بعصابۃ دسمۃ فحمد
ثم قال اما بعد فان ھذا الحی من الانصار
ویکثر الناس فمن ولی شیئا من امۃ محمد فاستطاع ان یضر فیہ احدا او ینفع فیہ
فلیقبل من محسنھم ویتجاوز عن مسیئھم ابن عباس رضہ سے روایت ہے کہ چڑہے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
پر اور یہ آپکا اخیری بیٹھنا تہا جو آپ منبر پر بیٹھے ف اسکے بعد آپ پھر منبر پر نہین بیٹھے یہانتک کہ آپ نے
ن فرمایا انا للہ وانا الیہ راجعون ف اور آپ اپنے مونڈہو پر چادر لینے والے تہے اور سیاہ پگڑی سے اپنے سر کو باندہے
تو آپ نے اللہ کی تعریف کی اور ثنا کی اسپر اور فرمایا لوگو میرے پاس چلے آؤ تو لوگ کودی آپ کیطرف پھر فرمایا اما بعد بات
ہے کہ یہ انصار کے لوگ دن بدن کم ہوتے جاوینگے اور (انکے سوا) اور لوگ بڑہتے جاوینگے تو جو شخص محمد کی امت کے میری
ت مین) سے کسی چیز کا حاکم بنے اور وہ اپنی حکومت مین طاقت رکہے کسیکو ضرر دینے یا کسیکو نفع پہونچانے کی تو چاہیے
صار کی نیکون کی نیکیان قبول کرے اور انکی بدون سے درگذرے ف اسحدیث کو مؤلف نے علامات نبوت اور فضائل
لام مین بہی نکالا اور شاید وحی سے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو معلوم ہوا کہ بنی امیہ وغیرہ کی سلطنت و حکومت مین انصار پر
ہوگا اسلیے آپنے انصار کی سفارش مین یہ حدیث فرمائی کہ میری امت کے حاکم کو لازم ہے کہ انصار کی نیک لوگون کی
یم و توقیر کرے اور انکی بدون سے چشم پوشی کرے اور مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی تعزیر کا کام انسے وقوع مین آوی تو حاکم
ال حاوے اور یہ مطلب نہین ہے کہ انصار سے کوئی شخص حد کا مرتکب ہو تو اسپر حد قائم نکرے اسلیے کہ جب حد و حاکم
ر دیک ثابت ہو جاوین تو حاکم کو اختیار نہین انکے معاف کرنیکا چنانچہ عائشہ صدیقہ رضہ کی یہ حدیث اسپر دلیل ہے کہ
ل کو مخزومی عورت کے حال نے غم مین ڈالا جسنے چوری کی تہی اور بولی کون شخص اس عورت کی حضرت صلی اللہ علیہ
سلم کے آگے سفارش کرے اور کہنے لگے کہ اسامہ زید کا بیٹا اسکے سوا اور کوئی آپ پر دلیر نہین ہے تو حضرت
لہ علیہ وآلہ وسلم کے آگے اسامہ نے اس عورت کی سفارش کی تو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا تو
ل کرتا ہے اللہ کی حدون مین سے کسی حد مین پھر آپ کہڑے ہوئے اور خطبہ پڑہا اور فرمایا پہلے لوگون کو اسی بات نے
یا کہ جب انمین کوئی شریف چوری کرتا تو اسکو چہوڑ دیتے اور جب کوئی غریب چوری کرتا تو اسکو حد لگاتے قسم
ر فاطمہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹی (یعنے میری بیٹی) چوری کرتی تو مین اسکے ہاتہہ کاٹ دیتا اور آپ
معلوم ہوا کہ خطبے مین اما بعد کہنا سنت ہے اور ان حدیثون کی مطابقت ترجمہ باب سے ظاہر ہے **باب**
ن الخطبتین یوم الجمعۃ جمعہ کے دن دو خطبون کے درمیان بیٹہنے کا بیان ف کہازین بن منیر

نے نہین تصریح کی بخاری نے ساتھہ حکم ترجمہ کے اسلیے کہ اسکی دلیل حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فعل ہے
نہین ہے کیونکہ آپکے افعال مین آپکی خصوصیت کا خیال ہے انہی اور ترجمہ کے حکم کے ساتھہ تصریح نہ کرنا کیونکہ یہ
نہین ہے کیونکہ مؤلف رحمہ اللہ نے جمعہ کے احکام کے تراجم کا حکم بیان نہین کیا اور بخاری علیہ الرحمۃ کے
معلوم ہوتا ہے کہ بخاری دو خطبون کے درمیان بیٹھنے کے وجوب کا قائل ہے جیسے اصل خطبہ مین اسکا خیال ہے
مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ خُطْبَتَيْنِ يَقْعُدُ بَيْنَهُمَا عبداللہ بن عمر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ و
پڑہا کرتے تہے انکے درمیان بیٹہہ جاتے ف حافظ نے کہا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ دونو خطبے کہڑے
پڑہتے تہے اور خالد بن حرث کی گذشتہ روایت مین مؤلف نے اسکی تصریح کی ہے اس سے دو باب پہلے اور لفظ اسکے
کہ آپ کہڑے ہوکر خطبہ پڑہتے پہر بیٹہہ جاتے پہر کہڑے ہوجاتے اور نسائی اور دارقطنی کے اس طریق سے یہ
کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم دو خطبے پڑہتے تہے کہڑے ہوکر فصل کرتے انکے درمیان بیٹھنے کے ساتھہ اور صاحب
غفلت ہوئی جو انہون نے اس لفظ کو صحیحین کیطرف منسوب کیا اور ابو داؤد نے اسکو اس لفظ کے ساتھہ روایت کیا کہ حضرت
اللہ علیہ وآلہ وسلم دو خطبے پڑہتے تہے بیٹہتے جب منبر پر چڑہتے مؤذن کے اذان سے فارغ ہونے تک پہر
ہوکر خطبہ پڑہتے پہر بیٹہہ جاتے اور بات نہ کرتے پہر کہڑے ہوکر خطبہ پڑہتے اور اس سے معلوم ہوا کہ دو خطبو
درمیان بیٹھنے مین کوئی بات نہ کرے پر اس مین اللہ کے یاد کرنے کی اور اسکو دلمین پکارنیکی نفی نہین ہے
شافعی نے اسحدیث سے دلیل لی ہے دو خطبون کے درمیان بیٹھنے کے وجوب پر اور یہ دلیل پیش کرتے ہین
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسپر ہمیشگی کی ہے اور آپ نے فرمایا تم ویسا نماز پڑہو جیسے مجھکو نماز پڑہتے
دقیق العید نے کہا اسحدیث سے دو خطبونکے درمیان بیٹھنے کے وجوب پر دلیل لینا موقوف ہے اسپر کہ دونون خطبون کا کہڑا کرنا کیفیت
تحت مین داخل ہو ورنہ مجرد فعل کا استدلال ہے اور طحاوی کا خیال ہے کہ اس مسئلہ مین امام شافعی متفرد
اعتراض ہوا ہے کہ یہ مذہب حکایت کیا گیا ہے امام مالک سے بہی ایک روایت مین اور یہی مشہور ہے امام
کیا اسکو ہماری استاذ نے ترمذی کی شرح مین اور ابن منذر نے حکایت کیا کہ بعض علماء نے امام شافعی
کیا اسطرح کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خطبہ اول کے اول بیٹھنے پر ہمیشگی کی اگر آپکی ہمیشگی
کی شرط ہونیکی دلیل ہے تو پہلے جلسہ کے شرط ہونیکی بہی دلیل ہونا چاہیے اور اسپر اعتراض
کی روایتون مین جلسہ اولی کا نام تک نہین ہے اور یہ عبداللہ عمری کی روایت سے

ہی ہوا بت ثابت نہین ہوئی بخلاف پہلے کے اور کہا صاحب مغنی نے نہین واجب کیا ہی اسکو اکثر اہل علم نے کیونکہ
یا جلسہ ہے جسمین کوئی ذکر مشروع نہین ہے تو واجب نہ ہوا اور جو شخص اسکے وجوب کا قائل ہے اُسنے اسکو جلسہ استراحت کے
ت پر قیاس کیا ہے اور سورۂ اخلاص پڑہنے کے موافق اور اسکی حکمت مین اختلاف ہوا ہے تو بعض نے کہا دو خطبون کے
ین فاصلہ کے واسطے اور بعض نے کہا راحت کے واسطے اور ظاہر ہوتا ہے اثر خلاف کا اس شخص کے حق مین بہی جو بیٹہکر
پڑہے جب کہڑا نہ ہو سکے اور طحاوی نے اس شخص کو الزام دیا ہے جو دو خطبون کے درمیان بیٹہنے کے وجوب کا
ہے اسکو چاہیے کہ دونون خطبون مین کہڑا رہنے کو بہی واجب سمجہے اور دو خطبون کے مقدار مین بہی علماء کو
ف ہے امام شافعی کے نزدیک خطبہ مین وعظ کرنا اور قرآن پڑہنا شرط ہے کہتے ہین کہ ہر ایک خطبے مین حمد اور صلوٰۃ
وعظ تینون شرط ہین اور قرآن کی ایک آیت پڑہنی واجب ہے خواہ پہلے خطبہ مین پڑہے خواہ پچہلے خطبہ مین لیکن
ے خطبے مین مسلمانون کے واسطے دعا کرنی واجب ہے اور جمہور علماء کا یہ قول ہے کہ جسپر خطبہ کا نام بولا جاوے اسقدر
ا کافی ہے اور ابو حنیفہ کہتے ہین کہ ادنے چیز جو ذکر خدا یعنے تسبیح اور تحمید کو شامل ہو اس سے خطبہ صحیح ہو جاتا
اسلیے کہ آیت جمعہ مین ذکر مطلق آیا ہے قلیل ہو یا کثیر پر امام نووی نے اس قول کو ضعیف کہا اسواسطے کہ اسکو
خطبہ نہین کہتا اور جو خطبے سے مقصود ہوتا ہے یعنے وعظ وغیرہ وہ اس سے حاصل نہین ہوتا اور دوسرا قول
ت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مواظبت کے مخالف ہے آپنے کبہی ایسا خطبہ نہین پڑہا **باب** الاستماع
الخطبۃ خطبہ کا سننا **ف** حافظ نے کہا بیان کی مصنف علیہ الرحمہ نے اسباب مین حدیث فرشتون کے
ا کی ان لوگون کو جو جمعہ مین سویرے آتے ہین اور اسمین ہے کہ جب امام خطبہ کے لیے نکلتا ہے تو فرشتے یہ دفتر
لیتے ہین (یعنے اب نام نہین لکہتے) اور خطبہ سنتے ہین اور باب فضل الجمعہ مین اسحدیث پر پوری کلام گذر چکی
سمین اشارہ ہے کہ بات کرنا اوقت سے منع ہو جاتا ہے جب امام خطبہ شروع کرے کیونکہ سننا بات کرنیکے ساتہہ
ی نہین سکتا اور حنفیہ کہتے ہین کہ امام جب گہر سے نکلے تو کلام حرام ہو جاتی ہے اور اسمین ایک ضعیف حدیث
وارد ہے جسکو ہم اس سے پیچہے کرباب مین انشاء اللہ تعالی بیان کرینگے **حدثنا** آدم قال حدثنا
عن الزہری عن عبد اللہ عن ابی ہریرۃ قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا کان یوم الجمعۃ
کت الملائکۃ علی باب المسجد یکتبون الاول فالاول ومثل المہجر کمثل الذی یہدی بدنۃ
کالذی یہدی بقرۃ ثم کبشا ثم دجاجۃ ثم بیضۃ فاذا خرج الامام طووا صحفہم
ویستمعون الذکر ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ جب جمعہ کا دن ہوتا ہے تو مسجد کے دروازے پر فرشتے

رہتے ہین (جو نام لکھتے ہین انکے درجون کے موافق جو کوئی پہلے آتا ہے اسکا نام پہلے لکھتے ہین)
ہے اور جو کوئی سویرے نماز کو جاوے یعنی زوال ہوتے ہی یا زوال سے پہلے اسکی مثال ایسی ہے جیسے کسی نے ایک اونٹ
کی اور جو اسکے بعد آوے اسکی مثال ایسی ہے جیسے کسی نے ایک گائے کی قربانی کی اور جو اسکے بعد آوے اسکی مثال ایسی
ایک مینڈھا قربانی کیا اور جو اسکے پیچھے آوے اسکی مثال ایسی ہے جیسے ایک مرغی قربانی کی اور جو اسکے پیچھے آوے
ایسی ہے جیسے ایک انڈہ اللہ کی راہ مین دیا پھر جب امام (خطبہ کے لیے گھر سے) نکلتا ہے تو فرشتے یہ فہرستین
ہین اور خطبہ سنتے ہین ف ابن ماجہ نے ابی بن کعب سے نکالا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جمعہ
سورۂ تبارک پڑھی کھڑے رہکر خطبے مین اور نصیحت کی ہمکو اللہ جل جلالہ کے واقعات سے تو ابو الدرداء یا ابو ذر یاد
چکی لینے لگی اور کہنے لگے یہ سورت کب اتری یہ تو مینے ابھی سنی ابی بن کعب نے انکو اشارہ کیا کہ خاموش ہو
سے فارغ ہوئے تو ابو الدرداء یا ابو ذر نے ابی سے کہا مینے تم سے پوچھا یہ سورت کب اتری تو تمنے بتلایا نہین
کہا تمکو آج کے دن نمازمین سے کچھ حصہ نہ ملے گا مگر یہی لغو بیکار بات یہ سنکر ابو الدرداء یا ابو ذر آنحضرت صلی اللہ
وسلم پاس گئے اور جو ابی نے کہا تہا وہ بیان کیا آپنے فرمایا ابی نے سچ کہا اور امام احمد اور ابو داؤد نے حضرت
اسلام سے نکالا آپنے فرمایا جو شخص امام کے نزدیک بیٹھا لیکن اسنے لغو حرکت کی اور خطبہ نہین سنا اور خا
رہا تو اسپر دوبال کا ایک حصہ ہوگا اور جسنے کہا خاموش رہ اسنے لغو کیا اور جسنے لغو کیا اسکا جمعہ نہ ہوا ایسا
مینے تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حاصل ان سب حدیثون کا یہ ہے کہ خطبہ کیحالت مین بات کرنا منع
کہ تحیۃ المسجد پڑھے کیونکہ اسکا جواز دوسری حدیث سے ثابت ہے جو اس سے اگلے باب مین آتی ہے اور یہ
اُس کلام سے ہے جو بیکار ہو اگر اللہ کا ذکر کرے یا دعا مانگے یا درود شریف پڑھے تو منع نہین ہے
نے نکالا جابر رضہ سے کہ سعد بن ابی وقاص ایک شخص سے کہا تیرا جمعہ نہین ہوا آنحضرت صلی اللہ علیہ
فرمایا کیون اے سعد نے عرض کی اسنے بات کی جب آپ خطبہ پڑھ رہے تھے آپنے فرمایا سچ کہا احمد نے
مجالد بن سعید ضعیف ہے نکالا اسکو ابن ابی شیبہ نے ان حدیثون کے ظاہر سے معلوم ہوتا ہے کہ
کی بات کرنا منع ہے اگرچہ دین کی بات کیون نہ ہو کیونکہ ابی نے ابو الدرداء یا ابو ذر کا انکار کیا اور
رہ اسنے بھی اچھی بات کا حکم کیا مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسکو لغو فرمایا اور شاید
بات کرنا کیونکہ اشارے سے بھی منع کر سکتا ہے پھر زبان سے کہنے کی کیا ضرورت ہے
خطیب کو اثنا خطبہ مین بات کرنا درست ہے امام احمد اور نسائی اور ابن ماجہ نے نکالا

سے بات کی اور آپ خطبہ پڑھ رہے تھے جمعہ کے دن جب اسنے پوچھا قیامت کب ہے اور ابن ابی کثیر نے یہودی سے
سے بات کی خطبہ مین اسکو نکالا بیہقی نے اور مسلم نے ابو رفاعہ سے نکالا کہ مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پاس پونہچا
پڑھ رہے تھے کہا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مین مسافر ہون اور دین کی بات پوچھنے آیا ہون آپ میری طرف متوجہ
خطبہ چھوڑ دیا اور مجھکو سکھلانے لگے پھر خطبہ کو تمام کیا اور سننے والون نے نکالا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امام حسن
حسین علیہما السلام کو منبر پر سے اتر کر اٹھا لیا اور خطبہ قطع کر دیا اور مسلم نے نکالا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سلیک
سے بات کی خطبہ مین اور طبرانی نے نکالا کہ نعمان بن قوقل سے بات کی اور ابو ذر سے بات کی اور حضرت عمر نے حضرت
سے بات کی جب وہ دیر مین آئے نماز کے لیے خطبہ کی حالت مین ان حدیثون سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ امام اگر کوئی بات
سے پوچھے تو مقتدی بھی اسکا جواب دے سکتا ہے حافظ ابن تیمیہ نے منتقی مین کہا بات کرنا منع ہونا حالانکہ
خطبہ پڑھتا ہو اور امام کو اجازت ہے کہ مصلحت کے لیے بات کرے اور خطبہ مین شروع کرنے سے پہلے اور خطبہ کو تمام کرکے
بات کر سکتا ہے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب تو نے جمعہ کے دن اپنے ساتھی
سے بات کی چپ اور امام خطبہ پڑھتا تھا تو تو نے لغو کیا اسکو جماعت نے روایت کیا ابن ماجہ کے سوا اور حضرت علی علیہ السلام سے روایت
ہے کہ جو شخص امام کے نزدیک بیٹھا اور اسنے بیہودہ کام کیے اور خطبہ نہ سنا اور چپ نہ کی تو اسپر وبال کا ایک حصہ ہوگا اور جسنے
چپ کرائسنے لغو حرکت کی اور جسنے لغو حرکت کی اسکا جمعہ نہ ہوا پھر کہا مینے اسی طرح تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سے سنا ہے روایت کیا اسکو امام احمد اور ابو داؤد نے اور ابن عباس رض سے روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
جسنے جمعہ کے دن باتین کین اور امام خطبہ پڑھتا تھا تو اسکی کہاوت جیسے کہاوت گدہے کی پیٹھ پر لے چلتا ہے کتابین
جسنے اسکو کہا چپ کر اسکا جمعہ نہین ہے پھر ابو الدرداء کی وہی حدیث بیان کی جو ابن ماجہ سے ہمنے بیان کی
طبرانی نے کہا علی علیہ السلام کی حدیث کی اسناد مین ایک مجہول مرد ہے کیونکہ عطار خراسانی نے اسکو روایت کیا اپنی
بی بی کے غلام آزاد سے اور عطار خراسانی کو یحیی بن معین نے ثقہ کہا ہے اور اسکی تعریف کی ہے اور ابن حبان نے اسمین
کلام کی اور سعید بن مسیب نے اسکو جھوٹا کہا اور ابن عباس کی حدیث کو ابن ابی شیبہ نے مصنف مین نکالا اور بزار نے
اپنی مسند مین اور طبرانی نے کبیر مین اور اسکی اسناد مین مجالد بن سعید ہے اور اسکو جمہور نے ضعیف کیا ہے حافظ نے
بلوغ المرام مین کہا اسکا اسناد لا باس بہ ہے اور ابو الدرداء کی حدیث کو طبرانی نے نکالا شریک بن عبد اللہ بن نمر
سے اسنے عطاء بن یسار سے اسنے ابو الدرداء سے اور روایت کی گئی ہے یہ حدیث عبد اللہ بن سعد کی
سے اسنے حرمین قیس سے اسنے ابو الدرداء سے کہا ہیثمی نے مجمع الزوائد مین اور امام احمد کی حدیث کی راوی

Marfat.com

سچے ہین اور اسکی شاہد ہے وہ حدیث جسکو نکالا ابو یعلے اور طبرانی نے جابر رضہ سے کہ ابن مسعود رضہ آیا اور رسول اللہ صلی اللہ
وسلم خطبہ پڑہتے تہے تو وہ آکر ابی کے پہلو مین بیٹہ گیا پہر ابو الدرداء کی حدیث کیطرح بیان کیا عراقی نے کہا اسکے
راوی سچے ہین اور شاہد ہے اسکی حدیث کی وہ حدیث جسکو طبرانی نے ابو ذر سے نکالا ابو الدرداء کی حدیث کیطرح
مین مذکور ہے اور ابن ابی اوفے سے مروی ہے ابن ابی شیبہ کے پاس کہ تین چیزین ہین جو انکے رہا سکے گناہ
اس جمعہ سے لیکر دوسرے جمعے تک ایک تو یہ وضو ہونیسے بچا دوسرا باتین کرنیسے تیسرا چپ کرنے سے عراقی نے کہا
کے راوی سچے ہین کہا عراقی نے اور یہ حدیث اگرچہ موقوف ہے لیکن ایسی باتین رائے سے نہین کہی جاتین تو یہ مرفو
حکم مین ہے جیسے ابن عبد البر نے کہا اور ابن ابی اوفے کی اور مرفوع حدیث ہی نسائی کے پاس کہ رسول اللہ صلی اللہ
آلہ وسلم بہت ذکر کرتے اور بیہودہ باتین نہ کرتے اور نماز کو لمبا کرتے اور خطبہ کو چھوٹا کرتے اور جابر سے مروی ہے ابن ابی ش
پاس اسکے مصنف مین کہ سعد نے ایک آدمی کو جمعہ کے دن کہا تیرا جمعہ نہین ہے تو اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسل
بیان کیا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سعد سے پوچھا کیون رے سعد سعد بولا اسلیے کہ اسنے باتین کین اور آپ خطبہ پڑہ رہ
تہے آپنے فرمایا سعد نے سچ کہا اور اسکو ابو یعلے اور بزار نے بھی روایت کیا اور اسکی اسناد مین مجالد بن سعید ضعیف ہے ا
بن عمر سے مروی ہے ابو داؤد کے پاس اسنے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ جمعہ مین تین قسم کے لوگ ہوتے ہین ایک مرد کا
بکنے کو آتا ہے تو اسکا وہی حصہ ہے جمعہ سے اور ایک آدمی کہ آیا جمعہ مین دعا مانگتا ہے تو وہ آدمی ہے جسنے اللہ
اگر اللہ چاہے تو اسکا مانگا اسکو دیوے اور اگر چاہے تو نہ دیوے اور ایک مرد آیا کہ اسنے چپ کی اور کسی مرد مسل
کی گردن نہ پہاندی اور کسی کو دکہہ نہ دیا تو وہ اسکے گناہ معاف کیجاوینگے ہے دوسرے جمعہ تک اور تین دن کے
کہا اور اسکا اسناد نیکا ہے اور ابن مسعود رضہ سے مروی ہے ابن ابی شیبہ کے پاس اسکے مصنف مین اور طبرانی کے
کبیر مین کہ اتنی ہی لغو حرکت کافی ہے کہ جب امام منبر پر چڑہے تو تو اپنے ساتہی کو کہے چپ کر عراقی نے کہا اسکے
کے راوی سچے ہین اور اسنے صحیح مین دلیل لی گئی ہے کہا اگرچہ یہ حدیث موقوف ہے لیکن ایسی حدیث رائے سے نہین کہی جاتی تو یہ مرفوع کے حکم مین ہے ابن خزیمہ نے کہا چپ کرنیسے مراد ان باتون سے چپ کرنا ہے جو بے کار ہون
کی یاد کے سوا اور اسپر اعتراض ہوتا ہے کہ اس سے لازم آتا ہے ذکر اور دعا کا جائز ہونا خطبہ کیحالت مین اور
کہ مراد مطلق سکوت ہی تو کوئی بات جائز نہین ہے مگر جسکو دلیل خاص کرے تحیۃ المسجد کی نماز کیطرح اور حضرت
علیہ وآلہ وسلم پر درود بہیجنے کا امر وارد ہوا ہے آپکے مذکور ہونیکے وقت اور یہ اسپر وقتون کو شامل ہے اور خطبہ
بات کرنیکا منع ہونا ہر کلام کو شامل ہے تو متعارض ہونگے پس عموم اگر وہ دلیلین ہون جو تین کو مطلق

حالت مین منع کرتی ہین تو حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنے کو ترجیح دیجاتی آپ کے مذکور ہونیکے وقت اس
کہ درود باطل کلام نہین ہے جسکا کوئی اصل نہو اور ان حدیثون مین دلیل ہے کہ بات کا منع ہونا خاص ہے خطبہ کیحالت کے
ساتھ اور رد کرتی ہین اس شخص کے قول کو جو امام کے نکلنے سے چپ رہنے کو واجب سمجھتا ہے اور اسی طرح جمعہ کے دن کی قید
سے ظاہر یہ ہے کہ غیر جمعہ خطبہ کیحالت مین چپ رہنا واجب نہین ہے اور گئے ہین جمہور اسطرف کہ ہر ایک کلام خطبہ کیحالت
مین حرام ہے لیکن بعض نے مقید کیا ہے حرمت کو اس شخص کے ساتھ جو خطبہ سنتا ہو اور بعضون نے مقید نہین کیا
ہے مین اور جب امر بالمعروف کرنیکا ارادہ کرے تو اشارہ سے امر بالمعروف کرے حافظ نے کہا اور ابن عبد البر نے
حکایت کی تو اسنے اجماع نقل کیا چپ کرنیکے وجوب پر خطبہ کے لیے اس شخص کے لئے جو اسکو سنے بہت تابعیون سے جز
انمین سے ہین شعبی اور نخعی کہا ہے اسکا حافظ نے اسطرح کہ شافعی کے اس مسئلہ مین دو قول ہین اور اسی طرح امام احمد
سے بھی دو قول ہین اور منقول ہے ان دونون اماموں سے خطبہ سننے والی اور نہ سننے والی کے درمیان فرق بھی اور بعض شافعیہ
نے کہا ہے جنکے ساتھ جمعہ منعقد ہوتا ہے انپر تو چپ رہنا واجب ہے اور جو نصاب سے زیادہ ہین انپر واجب نہین اور مہدی
نے بحر مین حکایت کیا قاسم سے اور انکے بیٹے محمد بن قاسم سے اور مرتضے اور محمد بن حسن سے کہ خطبہ کیحالت مین
کلام کی بات جائز ہے اور انہون نے دلیل لی ہے اسپر کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس شخص کی بات کو ثابت رکھنے
کے جسنے قیامت کا آپ سے خطبہ مین سوال کیا اور جسنے استسقاء کے لیے خطبہ مین سوال کیا اور یہ استدلال رد کیا گیا ہے
اسطرح کہ دلیل دعوے سے خاص ہے اور غایت مافی الباب ہوگا کہ چپ رہنے کے امر کا عموم سوال کے ساتھ مخصص ہوگا اور
ابن منیر نے اسپر اتفاق نقل کیا ہے کہ جو کلام نماز مین جائز ہے خطبہ مین جائز ہے جیسے اندھے کو کوئین مین گرنے
سے ڈرانا یا اسکی مثل اور بعض نے سلام کے جواب کو خاص کیا ہے تو یہ باب کیحدیثون سے من وجہ عام ہے اور من وجہ
خاص ہے اور ایک کو دوسرے کے ساتھ خاص کرنا تحکم ہے اور اسی کی مثل ہے چھینکنے کا جواب دینا اور ترمذی نے امام
احمد اور اسحق سے رخصت حکایت کی ہے سلام کے جواب دینے مین اور چھینک مارنے والی کے جواب دینے مین اور
شافعی سے اسکے خلاف حکایت کیا ہے اور ابن عربی نے امام شافعی سے امام احمد اور اسحق کے قول کے موافق حکایت
کرنے کیا ابن عربی کی حکایت ترمذی کی حکایت سے بہتر ہے اور شافعی نے مختصر بویطی مین جو انکی تصریح کی ہے اور کہا ہے اگر ایک مرد جمعہ کے دن
امام کے ساتھ ایک آدمی ہو اسکو جواب دیدے تو مین خیال کرتا ہون کہ یہ کام جائز ہوگا کیونکہ چھینک کا جواب دینا سنت
ہے اگر ایک شخص دوسرے شخص کو سلام کہے تو مین اس امر کو مکروہ جانتا ہون لیکن جسپر سلام کیا گیا ہے اسکو
واجب ہے کہ وعلیکم السلام کہنا سنت ہے اور اسکا جواب دینا فرض ہے یہ بعینہ امام شافعی کی عبارت ہے

جوانہون نے مختصر بویطی مین لکھی کہا امام نووی نے شرح مہذب مین کہ یہی صحیح ہے
مین چپ رہنے سے مستثنی ہے وہ حالت جس مین خطیب ایسی بات کرے جو مشروع نہین ہے جیسے بادشاہ
تہذیب نے جزم کیا کہ بادشاہ کے واسطے دعا کرنا مکروہ ہے حافظ نے کہا جب ضرر کا خوف ہو تو ترک کرنا
خائف ہے تو اسکے لیے بادشاہ کے واسطے دعا کرنا مباح ہے اور بریدہ سے روایت ہے کہ حضرت صلے اللہ
خطبہ سنا رہے تھے کہ امام حسن اور امام حسین علیہما السلام تشریف لائے انکے گلے مین سرخ کرتے تھے گرتے کرتے
حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر سے اترے اور دونو کو اٹھا لیا اور فرمایا اللہ اور اسکا رسول سچا ہے (فرمایا
مال اور اولاد آزمائش ہین میں نے ان دونو لڑکون کو دیکھا گرتے آتے تو مین سہار نہ سکا تا کہ میں نے خطبہ چھوڑ دیا
لیا اور انس سے روایت ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر سے اترتے تو کوئی آدمی آپ سے کسی
کرتا اور آپ اوس سے باتین کرتے پھر اگے بڑھکر نماز پڑھاتے اور ثعلبہ بن ابی مالک
ہے کہ جمعہ کے دن لوگ باتین کرتے رہتے اور حضرت عمر منبر پر بیٹھے ہوتے جب مؤذن اذان سے فارغ ہوتا اور
خطبہ کے لیے اٹھ کھڑے ہوتے تو کوئی بات نہ کرتا یہانتک کہ حضرت عمر رضہ دونو خطبون سے فارغ ہو جاتے جب تکبیر ہوتی
عمر رضہ منبر پر سے اتر آتے تو لوگ باتین کرتے روایت کیا اسکو امام شافعی نے اپنی مسند مین اور ہم بیان کرینگے
استغفار کے لیے سوال حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جمعہ کے خطبہ مین شوکانی نے کہا کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث
حسن غریب ہے ہم پہچانتے ہین اسکو حسین بن واقد کی روایت سے جانتے اور حسین بن واقد کی کنیت ابو علی ہے
مرو کا قاضی تھا اس سے امام مسلم نے اپنی صحیح مین دلیل لی اور کہا منذری نے حسین بن واقد ثقہ ہے اور
کی حدیث تو کہا ترمذی نے کہ ہم اسحدیث کو نہین پہچانتے مگر جریر بن حازم کی حدیث سے اور محمد
سے سنا فرماتے تھے جریر بن حازم نے اسحدیث مین غلطی کی ہے اور صحیح وہ ہے جسکو ثابت نے انس سے
نماز کی تکبیر ہوئی تو ایک آدمی نے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہاتھ پکڑا اور آپ
اونگھنے لگے امام بخاری نے کہا اور اصل حدیث اسطرح ہے
غلطی کرتا ہے پر وہ سچا ہے انتہی کلام الترمذی اور ابو داؤد نے کہا یہ حدیث
بن حازم متفرد ہوا ہے اور کہا دارقطنی نے کہ متفرد ہوا ہے اسکے ساتھ جریر بن حازم ثابت
اور ابو داؤد نے حدیث مین یہ علت نکالی کہ صحیح یہ ہے کہ آدمی نے
تو یہ علت جریر بن حازم کی حدیث مین قادح نہین ہے بلکہ ان دونون سے ارسال

...مرد ہوا اور وہ منبر پر سے اترنے کے پیچھے ہوتی ہے تو ان دونو روایتون کے درمیان جمع کرنا مشکل نہین
...کیجاوے حالانکہ جریر بن حازم ثقہ لوگون مین سے ایک ثقہ ہے اور صحیح مین اس سے حجت لی گئی
...یہ روایت کہ آدمی کی کلام جمعہ کے دن آپ کے منبر پر سے اترنے کے بعد بھی کچھ مضر نہین ہے اور بریدہ
...معلوم ہوتا ہے کہ امام کو خطبہ مین بات کرنا درست ہے اگر کوئی حاجت پیش آوے اور بعض فقہا نے کہا جب
...خطبہ مین تو خطبہ بوٹاوے خطابی نے کہا اور حدیث بہت عمدہ ہے جسکی پیروی کیجاوے اور اس کیحدیث
...منبر پر خطیب کے خطبہ سے فارغ ہونیکے پیچھے مقتدیون کو باتین کرنا منع نہین ہین اور اس مشرب کو نقل کیا
...علامہ نے معنی مین عطا اور طاؤس اور زہری اور بکر مزنی اور نخعی اور مالک اور شافعی اور اسحق اور یعقوب اور
...اور مروی ہے یہ ابن عمر سے انتہی اور گئے ہین ہادویہ اسی طرف اور مروی ہے ابو حنیفہ رح سے کہ مکروہ ہے بات کرنا
...بعد کہا ابن العربی نے اور صحیح میرے نزدیک ہے کہ خطبہ کے بعد کلام نہ کرے کیونکہ امام مسلم نے روایت کیا
...کے دن وہ ساعت جسمین دعا قبول ہوتی ہے وہ امام کے منبر پر بیٹھنے کے وقت سے نماز کے کھڑا ہونے تک ہے
...ہے کہ اسوقت مین اللہ کی یاد اور اسکے آگے گڑگڑانے مین مشغول ہووے اور خطبہ اور نماز کے درمیان بات ترک
...ترجیح دیتی ہین وہ حدیثین جن مین نماز تک چپ رہنے کا ذکر ہے جیسے نسائی کے پاس ہے جید اسناد کے
...سلمان کیحدیث سے اس لفظ کے ساتھ پھر چپ کرے نماز کے پورا ہونے تک اور احمد کے پاس ہے صحیح سند کے ساتھ
...حدیث سے اس لفظ کے ساتھ پھر اسنے کان کہا اور چپ کی یہانتک کہ امام نے جمعہ ادا کیا اور اپنی بات ختم کی
...دونو حدیثین گذر چکین اور حدیثون کے درمیان اسطرح جمع ہو سکتا ہے کہ جو بات خطبے کے بعد جائز ہے وہ امام
...کر یا کسی ضرورت کے واسطے یا کسی مرد کا بات کرنا کسی مرد سے کسی ضرورت کے واسطے اور ثعلبہ بن ابی مالک کیحدیث مین
...ہے بات کا جائز ہونے پر امام کے منبر پر بیٹھنے کے وقت اسکے خطبہ شروع کرنے سے پہلے اور امام احمد نے ایسی اسناد
...جسکو عراقی نے صحیح کہا روایت کیا کہ عثمان بن عفان منبر پر لوگون سے انکی خبرین پوچھتے اور انکی اسباب
...اور مؤذن تکبیر کہتا ہوتا اور عراقی کے سوال کو مصنف کتاب الاستسقا مین بیان کریگا انشاء اللہ انتہی
...کانی نے النیل کہا قطلانی نے ارشاد الساری مین بہت مفسرین نے ذکر کیا ہے کہ اللہ سبحانہ وتعالی
...قرآن فاستمعوا له وانصتوا خطبہ کے حق مین اترا ہے اور خطبہ کو قرآن اسلیے کہا گیا کہ خطبہ
...انصات کہتے ہین چپ رہنے کو اور استماع کہتے ہین کانون کو سننے کیطرف لگانا تو انصات اور
...ہے اور علماء کا اس مسئلہ مین خلاف ہے کہ خطبہ مین کلام کرنے کا

کیا حکم ہے تو شافعیہ کے نزدیک خطبہ مین کلام کرنا مکروہ ہے خطبہ کے شروع سے ظاہر ہے یہ حدیث کے
کے واسطے جو اسنے ابوہریرہ رضہ سے روایت کی کہ جب تو نے اپنے صاحب کو کہا چپ کر جمعہ کے دن اور امام خط
تو تو نے بیجا حرکت کی اور خطبہ مین بات کرنا حرام نہین ہے اسلیے کہ بہت سی حدیثین اسکی اباحت پر دلالت
انس کی حدیث جو صحیحین مین مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جمعہ کے دن خطبہ پڑہتے تھے جو ایک اعرا
یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مال خراب ہوگیا اور کنبے بھوکے ہوگئے تو اللہ سے ہماری واسطے دعا کیجیے پھر آپنے
اٹھائے اور جیسے انس کی دوسری حدیث جو صحیح اسناد کی ساتھہ بیہقی کے پاس مروی ہے کہ ایک مرد آیا اور حضرت صلی
وسلم جمعہ کے دن خطبہ پڑہتے تھے تو وہ بولا قیامت کب ہے لوگون نے اسکو چپ کرانے کے لیے اشارے تو کیے
نہ مانا اور اپنی بات کو پھیر لوٹایا تو حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسکو تیسری بار مین فرمایا تو نے قیامت کے واسطے کیا
وہ بولا (مینے قیامت کے لیے کچھہ بہت روزے اور نماز تو نہین ادا کیے اتنی بات ہے کہ) مین اللہ اور اسکے رسول کو
جانتا ہون آپنے فرمایا تو انہین کے ساتھہ ہے جنکو تو نے دوست رکھا اور اسحدیث سے بات کرنیکے مباح ہ
دلیل اسطرح ہے کہ آپنے اس شخص پر اسکی بات کا انکار نہین کیا اور نہ اسکے لیے سکوت کی وجہ بیان کی ا
مین امر تو وہ استحباب کے لیے ہے اور جہان فرمایا کہ تو نے بیجا حرکت کی تو اسکے معنے یہ ہین کہ تو نے ادب کو ت
بَیْنَ الْاَدِلَّۃِ اور کہا ابوحنیفہ نے امام کا نکلنا نماز اور کلام کو قطع کر دیتا ہے اور صاحبین کا یہ قول ہے کہ
کلام کو قطع کر دیتی ہے (ابوحنیفہ رح کے قول کی وہ حدیث دلیل ہے جسکو بیہقی نے ابوہریرہ رضہ سے مرفوعاً
کا نکلنا نماز اور کلام کو قطع کرتا ہے لیکن یہ کہا کہ وہ خطا ہے) اور صاحبین کی دلیل حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا
امام کا نکلنا نماز کو قطع کر دیتا ہے اور اسکی کلام لوگون کی کلام کو قطع کر دیتی ہے (اور یہ سعید بن مسیب
حدیث مرفوع مین بھی گفتگو ہے) اور مالکیہ اور حنابلہ کا بھی یہی قول ہے کہ خطبے مین کلام کرنی حرام ہے
لیے کہ جب تو نے اپنے صاحب کو کہا چپ کر تو تو نے بیجا حرکت کی اور انس کی حدیث گذشتہ کا اسنے جواب
یہ محل نزاع سے خارج ہے کیونکہ نزاع کا محل چپ رہنا ہے اور امام خطبہ پڑہتا ہوا اور رہا امام کو سوال کرنا اور
دینا تو یہ محل نزاع سے خارج ہے الی آخر ما قال القسطلانی **باب** اِذَا رَاَی الْاِمَامُ رَجُلًا جَآءَ وَھُوَ
اَمَرَہٗ اَنْ یُّصَلِّیَ رَکْعَتَیْنِ جب امام کسی شخص کو آتا دیکھے اور وہ خطبہ پڑہ رہا ہو تو اسکو دو رکعت نماز
کرے **ف** جب اسنے امام کے دیکھنے سے پہلے (کو نہ دیکھا ہو **حدثنا** اَبُو النُّعْمَانِ قَالَ
عَنْ عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ وَالنَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

Marfat.com

ل اصلیت یا فلان فقال لا قال قم فارکع جابر بن عبداللہ رضہ سے روایت ہی کہ ایک مرد (مسجد مین
ن صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم خطبہ سنا رہے تہے لوگون کو جمعہ کے دن تو آپنے اسکو فرمایا کیا تو نے نماز پڑہی (تحیۃ المسجد کی)
انہین آپنے فرمایا اٹہہ اور (دو رکعتین پڑہ **ف** حافظ نے کہا آنیوالا مرد سلیک غطفانی تہا اور اس شخص کا نام
ین سلم کے پاس واقع ہوا ہے لیث بن سعد کی روایت سے اسنے ابو الزبیر سے اسنے جابر سے اس لفظ کے ساتہہ کہ
ی جمعہ کے دن آیا اور آپ منبر پر کہڑے تہے تو سلیک دو رکعت پڑہنے سے) پہلے بیٹہہ گیا فرمایا آپ نے اسکے
تو نے دو رکعتین پڑہین کہا نہین فرمایا پہر اٹہہ اور ان دونو کو پڑہ اور اعمش نے ابو سفیان سے اسنے جابر سے اسی
یت کیا لیکن اسمین ہے کہ آپنے فرمایا اے سلیک اٹہہ اور دو رکعتین پڑہ اور مختصر پڑہ ایسا ہی اعمش کے شاگردون
ے حافظون نے اسکو اعمش سے روایت کیا ہے اور موافقت کی ہی اعمش کی ولید بن ابی بشر نے سفیان سے ابو داؤد
یمی کے پاس اور منصور بن ابی الاسود نے اعمش سے اسی اسناد کے ساتہہ ایک غریب بات حکایت کی اور کہا کہ نعمان
ن آیا اور ساری حدیث بیان کی اسکو طبرانی نے نکالا کہا ابو حاتم رازی نے آنیوالی کے نام لینے مین منصور نے
ی ہے اور طحاوی نے حفص بن غیاث کے طریق سے اسنے اعمش سے روایت کی ہے کہا مینے ابو صالح سے سنا
یک کی حدیث بیان کرتا تہا پہر مینے ابو سفیان سے سنا کہ وہ سلیک غطفانی کی حدیث جابر سے بیان کرتا تہا اب
ہو گیا کہ یہ قصہ سلیک غطفانی ہی کے ساتہہ واقع ہوا ہے اور طبرانی نے بہی ابو صالح کے طریق سے اسنے ابو ذر
یت کیا کہ ابو ذر حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا اور آپ خطبہ پڑہ رہے تہے تو آپنے ابو ذر کو فرمایا تو نے
دو رکعتین کہا نہین آخر حدیث تک لیکن اسکی اسناد مین ابن لہیعہ ضعیف ہے اور ضعیف ہونے کی وجہ یہ بہی ہے
ہ ابو ذر حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خطبہ پڑہنے کی حالت مین آیا حالانکہ مشہور حدیث ابو ذر سے یون ہے
حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس اور آپ مسجد مین تشریف فرما تہے اسکو ابن حبان وغیرہ نے نکالا اور
جو انس سے روایت کیا ہے کہ قیس کے قبیلے کا ایک مرد مسجد مین آیا اور اسنے سلیک کے قصہ کیطرح بیان کیا
و کے سلیک ہونے کے مخالف نہین ہے سلیک کہ غطفان کا ایک شاخ ہے قیس کی جیسے گندا اگرچہ ہمارے بعض
ان دونو قصون مین مغایرت ٹہیرائی ہے اور کہا ہے ہو سکتا ہے کہ یہ واقع کئی بار ہوا ہو لیکن اسکی کوئی
ظاہر نہین ہوئی اور نادر باتون مین سے وہ بات بہی ہے جسکو ابن بشکوال نے مبہمات مین بیان کیا ہے کہ داخل
یہ کہا جاتا تہا تو یہ اگر محفوظ ہے تو شاید سلیک کی کنیت ہو اور اسحدیث سے دلیل لی گئی ہے کہ خطبہ
یۃ المسجد کی نماز پڑہنے سے نہین روکتا اور اسپر اعتراض ہوا ہی کہ یہ ایک خاص واقعہ تہا جسکا کوئی عموم نہین ہی ہو سکتا ہی کہ

دو رکعتون کا پڑہنا سلیک ہی کے ساتھہ خاص ہو اور اسپر دلالت کرتی ہے ابو سعید کی حدیث جسمین
نکالا کہ ایک مرد آیا اور حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خطبہ پڑہ رہے تہے اور اس مرد کی پراگندہ صورت دیکھی
تونے دو رکعتین پڑہین کہا نہین فرمایا پڑہ دو رکعتین اور لوگون کو خیرات کرنیکی رغبت دلائی آخر حدیث
اسکو اسواسطے نماز پڑہنے کا امر کیا تاکہ لوگ اسکو دیکہہ کر اسپر خیرات کرین اور اسکی تائید کرتی ہے یہ بات کہ
امام احمد کے پاس کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یہ مرد آیا مسجد مین پریشان حالت مین تو مینے
رکعتین پڑہنے کا اس خیال سے کہ اسکو کوئی شخص دیکہکر خیرات کرے اور اس روایت سے معلوم ہوا رد اس شخص کے
مین طعن کرتا ہے اور کہتا ہے کہ اگر ایسا ہوتا تو انکو فرمایا ہوتا جب تم پراگندہ صورت آدمی دیکھا کرو تو اسپر
اور جب کوئی پریشان صورت آوے تو وہ اٹہہ کر نماز پڑہا کرے تاکہ لوگ اسکو دیکہہ کر خیرات کیا کرین اور جو ظاہر ہوا
یہہ ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایسی حالت مین اجمال سے کام لیتے تہے تفصیل کے سوا جیسے آپکا عتاب
قاعدہ تہا اور خطبہ کیحالت مین تحیۃ المسجد کے جائز ہونے پر حدیث سے دلیل لینے کے ضعیف ہونے کی وجہ
ہے کہ وہ کہتے ہین تحیۃ المسجد بیٹہنے سے فوت ہو جاتا ہے اور حدیث کے آخر مین حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا
یہ فرمانا کہ پہر ایسا نکرنا اسکے سلیک کے ساتھہ خاص ہونیکو دلالت کرتا ہے جو شخص اس قصہ کے ساتھہ تحیۃ المسجد کے
دلیل لینے مین طعن کرتا ہے اسنے جو دلیل نہ لینے کی وجہین بیان کین وہ ختم ہوئین حافظ نے کہا اور یہ سب وجہین مر
اصل عدم خصوصیت ہے اور یہ علت کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسپر خیرات کرانے کے واسطے اسکو کہڑا کیا
کے جائز ہونیسے منع نہین کرتی کیونکہ تحیۃ المسجد سنت کرنیوالی خیرات کی نیت سے نفل نماز پڑہنے کو جائز نہین
زین بن منیر نے بخاری کے حاشیہ مین کہا اگر خیرات کی نیت سے خطبہ کیحالت مین تحیۃ المسجد کا پڑہنا جائز ہوتا تو سو
وقت اور تمام مکروہ وقتون مین نفل نماز کا پڑہنا خیرات کی نیت سے جائز ہونا چاہیے تہا اور اسکا کوئی قائل نہین ہے
امر کی دلیل کہ آپکا اس شخص کو نماز پڑہنے کا حکم خیرات کی نیت مین منحصر نہین ہے یہ ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ
نے اس شخص کو پہر دوسرے جمعہ مین نماز پڑہنے کا ارشاد فرمایا اور اسکو پہلے جمعہ مین دو کپڑے مل چکے تہے اور
کو پہنکر دوسرے جمعہ مین آیا تو اسنے ان مین کا ایک دوسرے جمعہ مین خیرات کیا اور حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اس سے رد کا نکالا اسکو نسائی نے اور ابن خزیمہ نے ابو سعید کی حدیث سے اور امام احمد اور ابن حبان نے
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسکو نماز پڑہنے کا حکم تین جمعون مین دیا تو اس سے معلوم ہوا کہ
علت کی خبر وہی پوری علت نہی اور نہ اس شخص کا اطلاق جو مطلقاً کہتا ہے کہ تحیۃ المسجد

...روی نے مسلم کی شرح مین متحقین سے حکایت کیا کہ تحیۃ المسجد کا جلوس کے ساتھہ فوت ہونا اس شخص کے حق مین ہے جو
...سکو جانتا ہو اور پھر دیدہ دانستہ بیٹھہ جاوے رہا وہ واقف یا بھول جانیوالا تو اسکے لیے یہ حکم نہین ہے اور جو لوگ اس سے منع کرتے
...اور کہتے ہین کہ خاموش ہوکر بیٹھہ جاوے وہ خیال کرتے ہین کہ اسحدیث کا ظاہر معارض ہے ان حدیثون کے جن مین
...پ کرنے اور خطبہ کے لیے کان لگانے کا ارشاد ہے کہا ابن العربی نے سلیک کا قصہ اسکے ساتھہ معارض ہے جو اس سے بہت
...ی ہے اور وہ اللہ تعالی کا قول ہے واذا قرئ القران فاستمعوا له وانصتوا اور حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قول کہ جب
...اپنے ساتھی کو کہے چپ اور امام خطبہ پڑھتا ہو تو تو نے بیہودہ حرکت کی اور یہ حدیث بخاری مسلم مین موجود ہے کہتے ہین
...ے معروف اسحالت مین روکا گیا ہے اور وہ بیجا حرکت کرنیوالے کو چپ کرنیکا حکم کرنا ہے جو ایک تھوڑی سی وقت
...ین ہوسکتا ہے تو تحیۃ المسجد کی نماز کے ساتھہ مشغول ہونا جسمین بہ نسبت امر معروف کے زیادہ وقت صرف ہوگا ضرور
...منع ہونا چاہیے اور انہون نے باب کیحدیث کا اسحدیث کے بھی معارضہ ثابت کیا ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
...اس شخص کو فرمایا جو آپکے خطبہ پڑھنے کی حالت مین لوگونکی گردنین پھاندتا آیا بیٹھہ جا تو نے لوگون کو تکلیف دی اور
...روایت کیا طبرانی نے ابن عمر کیحدیث سے مرفوعا کہ جب ایک تم مین کا آوے اور امام منبر پر ہو تو نہ نماز پڑھے اور نہ باتین کرے
...امام کے فارغ ہونے تک تو جواب ان سب کا یہ ہے کہ معارضے کے وقت ایک دلیل کو دو دلیلون مین سے اسی وقت ساقط
...کیا جاتا ہے جب جمع ممکن نہ ہو اور یہان حدیثون کے درمیان جمع ہوسکتی ہے آیت کے ساتھہ تو اسطور سے جمع ہوسکتی
...کہ سارا خطبہ قرآن نہین ہوتا اور جو اسمین سے قرآن ہوتا ہے تو اسکا عموم جابر کیحدیث سے مخصوص ہے اور ان حدیثون کا عموم بھی جابر
...کیحدیث سے مخصوص ہے اور عموم کی تخصیص خبر واحد کے ساتھہ جائز ہے دوسری یہ بات کہ تحیۃ المسجد کے نماز پڑھنے والے پر
...چپ رہنے والے کا اطلاق کرسکتے ہین باب افتتاح الصلوۃ مین ابوہریرہ سے گذر چکا کہ اسنے عرض کیا آپ تکبیر (تحریمہ) اور
...قرات کے درمیان جو چپ رہتے ہین تو اسمین آپ کیا پڑھتے ہین تو ابوہریرہ رضہ نے آہستہ پڑھنے کا اطلاق کیا
...اور رہی عبداللہ بن بشر کیحدیث کہ حضرت نے اس گردن پھاندنے والے کو فرمایا بیٹھہ جا تو نے لوگون کو تکلیف دی تو یہ
...ایک خاص واقعہ ہے جسکا کوئی عموم نہین ہے اور ہوسکتا ہے کہ آپ نے اسکو تحیۃ المسجد کا امر نہ کیا ہو تحیۃ المسجد کے مشروع
...ہونے سے پہلے اور عبداللہ بن بشر کیحدیث اور سلیک کیحدیث کے درمیان یون جمع ممکن ہے کہ قول جلوس کے یہ معنے ہون
...کہ لوگون کی گردنین پھاندنا آپ نے اسکو تحیۃ المسجد کا بیان جواز کے لیے امر نہ کیا ہو اسلیے کہ تحیۃ المسجد کچھہ واجب
...نہین ہے یا اسلیے کہ تحیۃ المسجد کا اسکو حکم نہ کیا کہ وہ ایسے وقت مین آیا جسمین تحیۃ المسجد ادا نہ ہوسکتی تھی اور ایسی
...کے استثنا پر انکا اتفاق ہے اور ہوسکتا ہے کہ اسنے تحیۃ المسجد مسجد کے ایک کنارے مین پڑھ لی ہو پھر گیا

ہوا خطبے سننے کے لیے سوائے گردنین پھاندنا وقوع مین آیا تو آپ نے اسپر انکار فرمایا اور ان سے کہا کہ
کہ خطبے کے وقت نہ نماز ہے نہ کلام اسکا جواب یہ ہے کہ یہ حدیث ضعیف ہے ابوب بن ہنیک منکر الحدیث احادیث
راوی ہے کہا یہ ابوزرعہ اور ابو حاتم نے اور ایسی حدیثین صحیح حدیثون کا مقابلہ نہین کر سکتین اور کہا ترمذی نے کہ
باب مین سلیک کیحدیث زیادہ صحیح اور زیادہ قوی ہے اور خطبہ کیحالت مین تحیۃ المسجد سے روکنے والون نے اسکے
کے اور کئی جواب دیے ہین ان جوابون کے علاوہ جو گذر چکے جن مین سے ہمکو دس جواب ملے اور انکو ہمنے جواب الجوا
سمیت ملخصًا بیان کیا استفادہ کے لیے جواب اول کہتے ہین جب حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سلیک کو خطاب فرما
تو اتنی دیر تک خاموش ہو رہی اور خطبہ موقوف کہا جتنک سلیک نے دو رکعتین پڑہین اس صورت مین سلیک نے خطبہ بھی
سن لیا اور تحیۃ المسجد بھی پڑہ لی تو اسمین اس شخص کی کوئی دلیل نہین ہے جو امام کے خطبہ پڑہنے کیحالت مین تحیۃ المسجد
جائز کہتا ہے جواب الجواب دارقطنی یعنے جنسے اس حدیث کو اس سے روایت کیا اسنے اسکو ضعیف کہا اور کہا ٹھیک بات یہ ہے
کہ یہ روایت مرسل ہے اور یہ طرفہ یہ ہے کہ انکے اس جواب پر ابن منیر نے حاشیہ مین اعتراض کیا ہے اور کہا ہے کہ اگر یہ حدیث
ثابت بھی ہو جاوے تو انکے قاعدے کے مطابق یہ کام جائز نہ ہوگا کیونکہ اس سے لازم آتا ہے آنیوالے کے سبب سے
خطبہ کا قطع کرنا اور کام کو شروع کر کے قطع کرنا انکے نزدیک جائز نہین ہے خاص کر کے جب کام واجب ہو مترجم عفا اللہ
عنہ کہتا ہے قطع نظر اسکے آپ نے ابوذر اور نعمان بن مقرن کو بھی ایسا ہی حکم دیا جیسے طبرانی نے نکالا اور اس مین نہین ہے
کہ آپ نے خطبہ اسوقت تک موقوف رکھا اور یہ امر ممکن بھی نہین ہے کہ امام ہر ایک آنیوالے کے لیے خطبہ موقوف رکھے ورنہ وقت
گذر جاوے گا اور خطبہ تمام نہ ہووے گا اور صحیح مسلم کیحدیث سے اسکا پڑہنا ضرور نکلتا ہے پس لامحالہ خطبہ کے وقت تحیۃ
المسجد کا پڑہنا جائز ہوگا دوسرا جواب جب حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سلیک کی مخاطبت کے ساتھ مشغول ہوئے تو اسم
سے خطبہ سننے کی فرضیت جاتی رہی کیونکہ اسوقت خطبہ ہی نہ رہا اسکی مخاطبت کے لیے کہا یہ ابن العربی نے اور اسنے دعوے
کیا کہ یہ بہت زبردست جواب ہے جواب الجواب یہ بڑا کمزور جواب ہے اسلیے کہ مخاطبت جب پوری ہو چکی تو حضرت
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پھر خطبہ شروع کیا اور سلیک اس کام کے ادا کرنے مین لگا جسکا کہ حکم ہوا تو ثابت ہو گیا کہ اسنے
خطبہ کیحالت مین تحیۃ المسجد پڑہی تیسرا جواب سلیک خطبہ شروع کرنے سے پہلے آیا تھا اور دلالت کرتا ہے اسپر راوی کا قول
لیث کی روایت مین مسلم کے پاس اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر بیٹھے تھے جواب الجواب منبر پر بیٹھنا کیہ
ابتدا ہی سے خاص نہین ہے بلکہ ہو سکتا ہے کہ آپ دو خطبون کے درمیان بیٹھے ہون اور اسحالت مین آپ نے
اس سے کلام کی جب وہ نماز پڑہنے کے لیے اٹھا تو آپ دوسرے خطبہ کے واسطے اٹھے کیونکہ دو خطبون کے درمیان

...ن سے آنے خطاب کیا اور وہ معمل نماز سے فراغت پانیکے بعد
... جب ہم اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہرے تو ہمارے طرف اپنا چہرہ مبارک کیا
... سے فارغ ہوئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قول "اللہ تو خود سلام ہے"
... سلام ہے کا انکار فرمایا اور بیان فرمایا کہ جسطرح کہنا لائق ہے یا اسکے الٹا ہے کیونکہ ہر
... اسی کے لیے ہے اور اسی کی طرف سے ہے اور وہی اسکا مالک ہے اور اسکا بانٹنے والا تو لپتی نے کہا
... جسنے اسی کا وصف نوشتہ ہیں وہ سوال جنکی تعبیر سے قلم عاجز ہے تو اسکے واسطے کیونکر دعا کیجاوے
... الات میں یہ کہا جاتا ہے اور خطابی نے کہا مراد یہ ہے کہ اللہ سلامتی والا ہے وہی سلامتی کا مبدا ہے
... نووی نے کہا مراد یہ ہے کہ سلام اللہ سبحانہ وتعالی کے اسماء میں سے ایک اسم ہے اور معنے یہ ہیں کہ وہ
... اور بعض نے کہا سلام کے معنے یہ ہیں کہ وہ اپنے اولیاء کو سلامت رکھتا ہے اور بعض نے کہا انپر سلام
... نووی نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انکو ارشاد فرمایا کہ یہ دعا مخلوقات کے واسطے کریں جو اس دعا کے
... ان قولوں سے بے نیاز ہے ف جب ایک تمہارا نماز پڑھے تو کہے ف حفص نے اپنی روایت مذکور
... التحیات کے پڑھنے کا محل اور لفظ اسکے یہ ہیں جب ایک تمہارا نماز میں بیٹھے اور حصین کی روایت مذکور
... نماز میں قعدہ کرے اور نسائی نے ابو الاحوص کے طریق سے اسنے عبد اللہ سے روایت کیا کہ انہوں
... نے کہ ہم ہر دو رکعتوں میں کیا کہیں اور یہ تو محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی نے بھلائی کے ابتدا
... نے فرمایا کہ جب تم دو رکعتوں کے (بعد) قعدہ کرو تو کہو اور نسائی نے اسود کے طریق سے روایت کیا
... ہم مجلسہ میں اور ابن خزیمہ نے دوسرے طریق سے اسود سے نکالا اسنے عبد اللہ سے کہ رسول اللہ
... سکھایا نماز کے وسط میں اور اسکے آخر میں اور طحاوی نے اسی طریق سے اسکے اول
... رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دہن مبارک سے اور مجھے آپنے تشہد کا کلیہ کلمہ
... نکالا ابو عمر کے طریق سے اسنے ابن مسعود سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
... دونوں ہتھیلیوں کے درمیان بتایا جیسے مجھے قرآن مجید کی سورت سکھایا کرتے تھے
... پر دلیل لی گئی ہے بخلاف ان لوگوں کے جو اسکے وجوب کے قائل نہیں ہیں جیسے
... استدلال یہ جواب دیا ہے کہ تشہد رکوع اور سجود میں مستحب ہے حالانکہ اسکے
... سلام کرنے میں حال ہے تشہد کا اور کرمانی نے جواب دیا کہ امر کی حقیقت تو وجوب

نہیں ہوتا ہے بلکہ ٹھیک بات یہ ہے کہ پہلی کی مسامحت ہے کیونکہ صحیح روایتین متفق ہین کہ وہ آیا آپ
خطبہ پڑھ رہے تھے چوتھا جواب سلیک کا قصہ کلام کے نماز مین حرام ہونیسے پہلے کا ہے جواب الجواب سلیک بہت پیچھے مسلمان ہوا
اور ہمارے مین کلام بہت پہلے حرام ہوئی جیسے آخر الصلوۃ مین انشاء اللہ تعالی آویگا تو کیسے متاخر کا منسوخ ہونا متقدم کے
ساتھ مانا جاوے باوجود ان حسبات کے کہ نسخ احتمال کے ساتھ ثابت نہیں ہوتا پانچوان جواب لوگون کا اتفاق ہے کہ اوقات مکروہہ
مین جو نماز منع ہے تو اسمین مسجد مین آنیوالا اور خارج دونو مساوی ہین اور اسپر بھی اتفاق ہے کہ داخل مسجد کو نفلون کا
منع ہے خطبہ کیحالت مین تو باہر سے آنیوالے کے لیے بھی خطبہ کیحالت مین تحیۃ المسجد پڑہنا منع ہوگا قالہ الطحاوی جواب
الجواب یہ قیاس ہے مقابلہ مین نص کے اور یہ فاسد ہے چھٹا جواب لوگون نے اتفاق کیا کہ مسجد مین آنے والے کی تحیۃ المسجد ساقط
ہو جاتا ہے جب امام جماعت کر رہا ہو اور اسمین شک نہیں ہے کہ خطبہ نماز ہے تو امام کے خطبہ پڑہنے کے وقت بھی
مسجد مین داخل ہونیوالے سے تحیۃ المسجد ساقط ہو جاویگا جواب الجواب خطبہ کسی طرح نماز نہیں ہے اور خطبہ اور نماز مین بڑا فرق
ہے اور جو شخص خطبہ کیحالت مین مسجد مین آتا ہے اسکو حکم کیا گیا ہے کہ بیٹھنے سے پہلے نماز مین مشغول ہووے بخلاف اس شخص کے
جو امام کے جماعت کرانیکی حالت مین آتا ہے اسلیے کہ اسکا اس نماز کو ادا کرنا جو امام پڑہ رہا ہے مقصود پورا کر دیتا ہے اور شارع
علیہ السلام نے ان دونون مین تفریق کی اور فرمایا جب فرض نماز کہڑی ہو تو اس نماز کے سوا کوئی نماز نہیں ہے اور خطبہ کیحالت
مین نہیں فرمایا بلکہ اسمین نماز کا ارشاد فرمایا ساتوان جواب لوگون کا اتفاق ہے تحیۃ المسجد کے ساقط ہونے پر امام سے جب وہ منبر
پر بیٹھے باوجود اسبات کے کہ وہ خطبہ مین کلام کر سکتا ہے مقتدیون کے سوا پس مقتدیون کو تحیۃ المسجد کا ترک کرنا زیادہ مناسب
ہوا جواب الجواب یہ قیاس ہے مقابلہ مین نص کے اور قیاس نص کے مقابلے مین فاسد ہے دوسرا نماز پڑہنے کا حکم عین خطبہ
کیحالت مین واقع ہوا ہے تو یہ حکم خطیب کو شامل نہیں ہے کہا زین بن منیر نے بات کرنا اس شخص کو منع ہے جو خطبہ مین
حاضر ہو نہ خطیب کو اسیطرح چپ رہنے کا حکم اور خطبہ سننے کیلیے کان رکھنے کا حکم مقتدیون کے واسطے ہے آٹھوان جواب
ہم تسلیم نہیں کرتے کہ مراد ان دو رکعتون سے جنکا سلیک کو حکم کیا گیا تحیۃ المسجد کی دو رکعتین ہین بلکہ ہو سکتا ہے کہ اسکی
کوئی نماز فوت ہوئی ہو جیسے صبح کی سنت قالہ بعض الحنفیۃ اور ابن منیر نے اسکو قوت دی ہے اور کہا ہے شاید
حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کشف سے معلوم ہو گیا ہو اور آپنے اس سے پوچھا خطاب مین نرمی کرنے کیلیے کہا اور
اگر مراد ان دو رکعتون سے تحیۃ المسجد کی دو رکعتین ہوتین تو استفہام کی کچھ حاجت نہ تھی کیونکہ آپنے اسکو دیکھا جب
وہ مسجد مین آیا اور ابن حبان نے اپنے صحیح مین اسکا ذکر کیا ہے اور کہا اگر مراد ان دو رکعتون سے تحیۃ المسجد کی دو رکعتین نہ ہوتین
تو آپکو ان دو رکعتون مین اسکے پڑہنے کا حکم نہ فرماتے اور اسی قبیل سے انکا یہ قول کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسکو

Marfat.com

جمعہ کی سنتون کے پڑھنے کا حکم دیا جو جمعہ کی نماز سے پہلے ادا کیجاتین ہین اور یہی دلیل ان کا فرمانا ہے سلیک کے قصے مین ابن ماجہ کے پاس کیا تو نے نماز پڑھی آنے سے پہلے کہ تو کھڑا ہو پہلے اس لیے اور اعمی نے کہا ہے اگر گھر مین نماز پڑھ کر آوے تو مسجد مین آکر نہ پڑھے جواب الجواب یہ شخص سے روکتا ہے وہ تو خطبہ کیحالت مین نفل ادا کرنے کو مطلقاً جائز نہین کہتا اور ہو سکتا ہے کہ ابن ماجہ کیجہ ہون اس سے پہلے کہ تو اسجگہ مین آوے جسمین اب تو ہے اور استفہام کا فائدہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اسکو مؤخر مسجد مین پھر خطبہ سننے کے لیے آگے بڑھا جیسے گردنین پھاندنے والے کے قصے مین گذرا اور اسکی تاکید کرتا ہے جو مسلم کی روایت مین وہ دو رکعتین پڑھین اور الف لام الرکعتین مین عہد کے لیے ہے اور یہان کوئی عہد بہت قریب تحیۃ المسجد سے نہین جمعے کی سنتین تو اس باری مین کوئی شے ثابت نہین ہوئی جیسے کہ یہ اپنے باب مین انشاء اللہ تعالیٰ آئیگا تو ان جواب ہم نہین کہ جس خطبے کا ذکر سلیک کیحدیث مین آیا پڑھ جمعہ کا خطبہ تہا اور دلالت کرتا ہے اسپر حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قول اسکے واسطے کیا تو نے نماز پڑھی کیونکہ نماز کا وقت ابہی نہین ہوا تہا جواب الجواب یہ جواب مبنی ہے اسپر کہ یہ استفہام نماز سے واقع ہوا ہو اور یہ دلیل کا محتاج ہے اور باب کیحدیث المسجد حدیث مین جو اسکے پیچھے واقع ہوا ہے کہ یہ جمعہ کا تو معلوم ہوا کہ یہ خطبہ جمعہ کی نماز کا خطبہ تہا وسوان جواب کہا ایک جماعت نے جنمین سے مین قرطبی ہین بردست اس مسئلہ مین مالکیہ کی جسپر انکا اعتماد ہے اہل مدینہ کا عمل ہے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین سے امام مالک رضی اللہ کے زمانے تک کہ نفل نماز خطبہ کیحالت مین مطلقاً ممنوع ہے جواب الجواب اہل مدینہ کا اسپر اتفاق نہین ہے تو ثابت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے تحیۃ المسجد کا ادا کرنا (خطبہ کیحالت مین) اور حالانکہ ابو سعید فضلا صحابہ مین سے مدینے والون مین اور لیا اس فعل کو اُنسے انکے اصحاب نے جو مدینے والے ہین ترمذی اور ابن خزیمہ نے روایت کیا اور صحیح کیا عیاض ابی سرح سے کہ ابو سعید خدری آئے اور مروان خطبہ پڑھ رہا تہا تو انہون نے نماز پڑھی اور کہا مین نے دیکھا ہے جو کیدارون نے اسکو روکا تو سہی پر وہ نہ رکے یہانتک کہ انکو پڑھ لیا پھر فرمایا مین نہین تہا کہ جو تم نے مجھ کو اس کے پیچھے کہ مینے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو انکا حکم کرتے سنا انتے اور کسی صحابی سے صریحاً اسکے خلاف نہین ہوا اور رہا وہ جو نقل کیا ہے ابن بطال نے عمر اور عثمان اور بہت سے صحابہ سے کہ خطبہ کیحالت مین نماز ہے تو ابن بطال کا اعتماد اس مسئلہ مین انہین روایات پر ہے جنمین احتمال ہے جیسے ثعلبہ بن ابی مالک کی عمر اور عثمان کو اور تہا امام جب نکلتا چھوڑ دیتے ہم نماز کو اور احتمال کی وجہ یہ ہے ہو سکتا ہے کہ جو لوگ خاص مسجد مین ہوتے وہ نماز نہ پڑھتے ہمارے استاد حافظ ابو الفضل

[illegible] ہمارے بیان سے روایت کیا گیا ہے وہان لوگونپر محمول ہے جو مسجد مین ہون کیونکہ کسی صحابی سے
[illegible] ہونیکی تصریح اس حدیث مین ہوئی اور اسمین سلیک کیحدیث بھی وارد ہوئی ہے جو اسکو اس عموم سے خاص
[illegible] ہے کہ تحیۃ المسجد احتمال سے نہ چھوڑا جاوے گا سنتے اور مین نہین واقف ہوا صریحًا اس منع پر جو منقول
[illegible] صحابی سے اور جو طحاوی نے روایت کیا ہی عبداللہ بن صفوان سے کہ وہ مسجد مین آیا اور ابن زبیر خطبہ پڑہ رہا تہا
[illegible] حجر اسود کو بوسہ دیا اور عبداللہ بن زبیر پر سلام کہا اور بیٹہ گیا اور تحیۃ المسجد نہین پڑہی اور عبداللہ بن صفوان اور ابن
[illegible] دونو صغیر صحابی ہین امر دلیل لایا ہے اس سے طحاوی نے اور کہا کہ جب ابن زبیر نے ابن صفوان پر انکار نہین کیا اور
[illegible] صحابہ نے انکار کیا جو اسوقت موجود تہے تحیۃ المسجد کے ترک پر تو یہ دلیل ہوئی ہماری قول کی صحیح ہونے پر اور اسپر اعتراض
[illegible] ہے کہ انکا انکار نہ کرنا تحیۃ المسجد کے حرام ہونے پر دلالت نہین کرتا بلکہ عدم وجوب پر دلالت کرتا ہے اور اسحدیث پر
[illegible] کلام مین اس امر پر گفتگو کیجاوے گی انشاء اللہ کہ آیا تحیۃ المسجد کی نماز ہر ایک مسجد کو شامل ہے یا مسجد حرام اس سے مستثنی
[illegible] ہے کیونکہ اسکا تحیۃ طواف کی دو رکعتین ہین اور ان تاویلون کو جڑ سے اکہاڑ دیتا ہے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قول
[illegible] عموم ابو قتادہ رض کیحدیث مین کہ جب ایک تمہارا مسجد مین آوے تو نہ بیٹہے یہانتک کہ پڑہے دو رکعتین روایت کیا اسکو
[illegible] بخاری اور مسلم نے اور اسحدیث پر کلام گذر چکی اور جابر بن عبداللہ کیحدیث خاص کرکے جمہور کی تاویلون کو رد کرتی
[illegible] ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا حالانکہ آپ خطبہ پڑہ رہے تہے جب آوے ایک تمہارا اور امام خطبہ پڑہتا
[illegible] ہو یا (گہر سے) نکل چکا ہو تو پڑہے دو رکعتین اسکو بھی بخاری اور مسلم نے روایت کیا اور مسلم کی ایک روایت مین
[illegible] ہے کہ یہ آپ نے سلیک کی قصہ مین فرمایا اور اسکے لفظ یہ ہین کہ دو رکعتین پڑہ اور ہلکا کر انکو پہر فرمایا جب ایک
[illegible] تمہارا جمعہ کے دن آوے اور امام خطبہ پڑہتا ہو تو وہ دو رکعتین پڑہے اور انکو ہلکا کرے کہا امام نووی نے یہ حدیث
[illegible] اس مسئلہ مین نص ہے جسمین تاویل کی گنجایش نہین ہے اور مین نہین گمان کرتا کسی عالم کو کہ اسکی مخالفت کرے اس واسطے
[illegible] کہ اسکو پیچہے پھینک کے پیچہے اور کہا ابو محمد بن ابی جمرہ نے کہ یہ حدیث جسکو امام مسلم نے نکالا اس مسئلہ مین نص ہے اسمین کسی تاویل کا
[illegible] احتمال نہین ہے اور ابن دقیق العید نے حکایت کیا کہ بعض حنفیہ نے باب کیحدیث کے عموم کی بہت بری تاویل
[illegible] کی ہے گویا نسخ کے دعوی یا تخصیص کے دعوے کیطرف اشارہ کیا ہے اور بعض حنفیہ نے شافعیہ کا یون معارضہ کیا
[illegible] ہے کہ سلیک کے قصہ مین کوئی دلیل نہین ہے کیونکہ تحیۃ المسجد انکے نزدیک بیٹہنے کے
[illegible] ساقط ہوجاتا ہے اور اسکا جواب گذر چکا اور بعض حنفیہ نے شافعیہ کا ابو سعید خدری کی مرفوع حدیث کے ساتہہ معارضہ
[illegible] کیا ہے حالانکہ امام خطبہ پڑہتا ہو اور اسپر اعتراض ہوا ہے کہ یہ ثابت نہین ہے اور اسکی ثابت ہونے

کی صورت مین اسحدیث کا عموم تحیۃ المسجد کے امر کے ساتھہ خاص کیا جاویگا اور بعض نے جو ان معاند سے کیا
نے حضرت عثمان کو تحیۃ المسجد کا امر نہین کیا آپنے اُسپر صرف وضو ہی اقتصار کیا انکا جواب یون دیگیا ہے
کہ آپنے تحیۃ المسجد کی دونو رکعتین پڑہ لی ہون مترجم عفا اللہ عنہ کہتا ہے کہ یہ احتمال درست نہین ہے اور اصل
اُنکا اُنکو تحیۃ المسجد کے پڑہنے کا حکم نہ دینا تحیۃ المسجد کے حرام ہونے پر دلالت نہین کرتا خطبہ کیحالت مین آ
کچھہ دلیل ہے تو عدم وجوب کی دلیل ہے واللہ اعلم بالصواب پھر کہا حافظ نے کہ اسحدیث مین اور بھی بہت سے فوائد
فائدون کے سوا جو گذرے تحیۃ المسجد کی نماز کا اوقات مکروہہ مین جائز ہونا اسلیے کہ جب تحیۃ المسجد کا پڑہنا خطبہ ہونے
مین جائز ہے جسکے سننے کا ارشاد ہوا ہے تو اوقات مکروہہ مین بطریق اولیٰ جائز ہوگا اور تحیۃ المسجد بیٹھنے سے فوت
لیکن بعض نے قید لگائی ہے کہ ناسی اور جاہل یعنے بہولکر بیٹھنے والے اور نادانی سے بیٹھنے والے کی فوت نہین ہوتی جیسے گذرا
کو خطبہ مین امر معروف اور بری بات سے روکنا جائز ہے اور امام اُن حکمون کو بیان کرسکتا ہے جنکی ضرورت پیش آوے اور
سے وہ ترتیب جو خطبہ مین شرط ہے فوت نہین ہوتی بلکہ کہنے والا کہہ سکتا ہے کہ یہ سب کلام خطبہ مین داخل ہے
اس سے دلیل لی گئی ہے کہ جمعہ کے لیے مسجد کا ہونا شرط ہے اسلیے کہ تحیۃ المسجد ہی مین مشروع ہے اور اسمین نظر ہے اور اس سے معلوم
مین سلام کا جواب دینا اور چھینکنے کا جواب دینا ہی جائز ہے کیونکہ یہ ہلکے کام ہین اور تھوڑے سے وقت مین ادا ہو
خاص کر کے سلام کا جواب دینا وہ تو واجب ہے اور مین بابون کے پیچھے اس مین گفتگو آوے گی انشاء اللہ تعالیٰ
کی مسجد کا یہی حکم ہے لیکن جو باہر سے آوے وہ پہلے طواف کرے پھر نفل پڑہے انتہی مافی فتح الباری ملخصاً باقی
مَنْ جَاءَ وَالْإِمَامُ يَخْطُبُ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ جو شخص (مسجد مین) آوے اور امام خطبہ پڑہ رہا ہو تو وہ ہلکی
رکعتین پڑہ لیوے ف حافظ نے کہا کہا اسمعیلی نے جو حدیث کو بخاری علیہ الرحمۃ نے بیان کیا ہے اسمین دو رکعت
ہلکے ہونیکی قید نہین ہے مین کہتا ہون امر ویسا ہی ہے جیسے اسمعیلی نے کہا مگر مصنف علیہ الرحمۃ نے اپنی
موافق حدیث کی اُسطریق کیطرف اشارہ کیا ہے جسمین یہ قید موجود ہے نکالا اسکو ابو نعیم نے مستخرج مین مثنیٰ
انہون نے ابو سفیان سے انہون نے جابر سے اس لفظ کے ساتھہ اُٹھہ پھر پڑہ دو رکعتین ہلکی کہا زین بن منیر نے کہ امام اگر خطبہ
اور کسی کو باہر سے آتے دیکھے تو اسکو تحیۃ المسجد کے ادا کرنیکا حکم کرے بشرطیکہ پہلے اس سے دریافت کرلیوے کہ
المسجد پڑہی ہے یا نہین اور یہ حکم امام کے ساتھہ خاص ہے اور اسکے دیکھنے پر موقوف ہے اگر وہ دیکھے
یہ حکم کرنا کچھہ ضرور نہین اور جو شخص باہر سے آوے اسکے واسطے کوئی قید نہین ہے بلکہ اسکو تحیۃ المسجد
ترجمہ نے ان سب باتون کیطرف اس ترجمہ کے ساتھہ اشارہ کیا پہلا ترجمہ مقرر کرکے باب

حدیث ایک ہی بیان کی **حدثنا** علی بن عبد اللہ قال حدثنا سفیان عن عمرو سمع جابرا قال دخل
ن یوم الجمعۃ والنبی صلی اللہ علیہ وسلم یخطب فقال اصلیت قال لا قال قم فصل رکعتین جابر
ہے کہ ایک مرد جمعہ کے دن آیا اور حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خطبہ پڑھ رہے تھے تو آپ نے فرمایا تو نے نماز پڑھی ہے کہا
فرمایا اٹھ اور دو رکعتیں پڑھ **باب** رفع الیدین فی الخطبۃ خطبہ میں دعا کے لیے ہاتھوں کا اٹھانا **ف**
علیہ الرحمۃ نے بیان کیا اس ترجمہ میں ایک ٹکڑا انس رضی کی حدیث کا استسقاء کے قصہ میں اور بیان کیا اس حدیث کو تمام
ت نبوت میں اسی اسناد کے ساتھ اور یہ حدیث ترجمہ باب کے مطابق ہے اور اسمیں اشارہ ہے کہ عمارہ بن رویبہ کی حدیث جسکو
نے نکالا اسکا انکار پر وہ اپنے اطلاق پر نہیں ہے لیکن امام مالک نے خطبہ میں ہاتھوں کا اٹھانے کے جائز ہونے کو مقید کیا ہے
عا کی دعا کے ساتھ جیسے اس حدیث میں ہے **حدثنا** مسدد قال حدثنا حماد بن زید عن عبد العزیز
انس **ح** وعن یونس عن ثابت عن انس قال بینما النبی صلی اللہ علیہ وسلم یخطب یوم الجمعۃ اذ قام
جل فقال یا رسول اللہ هلک الکراع هلک الشاء فادع اللہ ان یسقینا فمد یدیہ ودعا انس رضی سے روایت
ایک بار جمعہ کے دن حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خطبہ پڑھ رہے تھے کہ ایک مرد نے کھڑے ہو کر عرض کی اور کہا یا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گھوڑے ہلاک ہو گئے بکریاں مر گئیں (بارش نہ ہونیکے سبب سے) آپ دعا کریں اللہ سے کہ ہم پر مینہ
بساوے تو حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہاتھ پھیلائے اور دعا کی **ف** اس سے پیچھے کی حدیث میں ہے پھر آپ
نے ہاتھ اٹھائے اور دعا کی ترجمہ کے لفظ کیطرح اور مراد یہ ہے کہ رفع یدین سے مراد دوسری حدیث میں ہاتھوں کا
پھیلانا ہے نماز کا صرف اٹھانا جیسے نماز میں اور کتاب الدعوات میں دعا میں ہاتھوں کے اٹھانے کی کیفیت مذکور
ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ کیونکہ ہاتھوں کے اٹھانے میں استسقاء کی دعا میں ایک قسم کی زیادت ہے انکے اٹھانے پر استسقاء کے
سوا اور مواضع میں اور یہی پر چل کیا دیگی انس رضی کی حدیث کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نہیں اٹھاتے تھے اپنے دونوں ہاتھ
سی دعا میں مگر استسقاء کی دعا میں اور یہ کہ انس رضی نے دعا کی اسی کیفیت کا ارادہ کیا ہے جو استسقاء سے خاص ہے اور
کتاب الاستسقاء میں کچھ گفتگو انشاء اللہ تعالیٰ آوے گی **باب** الاستسقاء فی الخطبۃ یوم الجمعۃ جمعہ کے
دن خطبہ میں استسقاء کی دعا مانگنا جائز ہے **ف** بیان کی ہے مصنف علیہ الرحمۃ نے اسباب میں وہی حدیث
جو اس سے پہلے باب میں بیان کی مطلقاً دوسری اسناد کے ساتھ انس رضی سے اور یہ حدیث بھی ترجمہ باب کے مطابق
ہے اور اس سے معلوم ہوا کہ جمعہ کا خطبہ اور جمعہ کی نماز استسقاء کی نماز کے قائم مقام ہو جاتی ہے اور اسپر پوری
کتاب الاستسقاء میں انشاء اللہ تعالیٰ آویگی اور اس سے معلوم ہوا کہ خطبے میں مقتدی کو امام کے ساتھ بات کرنا

جائز ہے جیسے یہ مسئلہ اسباب بین آوے گا جو اسکے صحیح ہے [illegible]

قال حدثنا الولید بن مسلم قال حدثنا ابو عمرو قال حدثنی اسحاق بن عبد [illegible]
ابن مالک قال اصابت الناس سنۃ علی عہد النبی صلی اللہ علیہ وسلم بینما النبی [illegible]
یخطب فی یوم جمعۃ قام اعرابی فقال یا رسول اللہ ہلک المال وجاع العیال فادع اللہ لنا فرفع یدیہ [illegible]
نری فی السماء قزعۃ فوالذی نفسی بیدہ ما وضعہا حتی ثار السحاب امثال الجبال ثم لم ینزل عن [illegible]
منبرہ حتی رایت المطر یتحادر علی لحیتہ فمطرنا یومنا ذلک ومن الغد ومن بعد الغد والذی [illegible]
حتی الجمعۃ الاخری فقام ذلک الاعرابی او قال غیرہ فقال یا رسول اللہ تہدم البناء وغرق المال [illegible]
اللہ لنا فرفع یدیہ فقال اللہم حوالینا ولا علینا فما یشیر بیدہ الی ناحیۃ من السحاب الا انفرجت [illegible]
وصارت المدینۃ مثل الجوبۃ وسال الوادی قناۃ شہرا ولم یجئ احد من ناحیۃ الا حدث [illegible]

انس بن مالک رضؓ سے روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے مین قحط پڑا ایک بار حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جمعہ کے دن خطبہ پڑھ رہے تھے کہ ایک گنوار نے کھڑے ہوکر کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مال ہلاک ہوگئے اور بچے بھوکے آپ اللہ سے دعا کیجے ہمارے لیے تب آپنے دونو ہاتھ اٹھائے اور نہین کہتے تھے (اس وقت) آسمان مین بادل تو قسم اسکی جسکے ہاتھ مین میری جان ہے آپنے ابھی دعا سے ہاتھ نہ رکھے کہ بادل پہاڑون کیطرح اٹھے نہ اترے آپ اپنے منبر سے کہ مینے دیکھا بارش کا پانی ٹپکتا تھا آپکی مبارک ڈاڑھی پر پھر ہمنے ہفتہ بھر ہمیشہ دوسرے دن اور تیسرے دن اور ہمیشہ بھی جو تیسرے دن کے پیچھے ہے یہانتک کہ دوسرے جمعہ تک لگاتار پانی برسا پھر دوسرے جمعہ مین آپ خطبہ ہی پڑھ رہے تھے کہ وہی گنوار اٹھا یا اور کوئی اور بولا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عمارتین (بسبب کثرت پانی پڑنیکے) گر گئین اور مال ڈوب گئے آپ اللہ سے دعا کیجے ہمارے دونو ہاتھ اٹھائے اور فرمایا الٰہی ہمارے آس پاس مینہ برسے ہم پر برسے تو آپنے کسی طرف اشارہ نہ کرتے مگر (اسطرف سے) بادل کھل جاتا (تو مدینہ کیطرح ہوگیا اور مدینہ کے نالون مین ایک قناۃ مہینہ بھر بہتا رہا اور کسی طرف سے کوئی آیا تو کہا قسطلانی نے نکالا اس حدیث کو مولف نے استسقاء مین اور استیذان مین

باب الانصات یوم الجمعۃ والامام یخطب

جب کہ ف مولف علیہ الرحمۃ نے سہو کے ساتھ [illegible]

Marfat.com

کا علم زیادہ ہے جیسے امام ابو حنیفہ وغیرہ کیونکہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قول باب کی حدیث میں اور
ہر خطبہ جاتے ہے خطبہ سے پہلے بات کرنے کو امام کے خطبہ شروع کرنے تک خاموش چپ رہنا
حضرت باب فضل الغسل یوم الجمعہ میں گذر چکی اور امام کا دو خطبوں کے درمیان بیٹھنے کا زمانہ تو اسمیں
علماء کے دو قول حکایت کیے ہیں اس بنا پر کہ امام اتنے وقت میں خطبہ نہیں پڑھتا اور اس بنا پر کہ اسکے سکوت
ہوتا ہے تو اسکا چپ کرنا سانس لینے کے لیے ہے اور غرض صرف ہے کہ چپ کرنے کا
وقت ہے جب امام خطبہ پڑھتا ہو لیکن بعض فقہاء نے لکھا ہے کہ امام ابو حنیفہ علیہ الرحمۃ خطبہ سے پہلے بات کرنیکی حرمت
میں بات کرنا مکروہ جانتے ہیں واللہ اعلم بالصواب وَاِذَا قَالَ لِصَاحِبِهٖ اَنْصِتْ فَقَدْ لَغَا اور جب کوئی
پاس والے کو کہے چپ کر تو اسنے بیجا حرکت کی وَقَالَ سَلْمَانُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنْصِتُ
الْاِمَامُ اور سلمان نے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے کہ امام جب خطبہ پڑھے تو مقتدی چپ رہیں
یہ اس حدیث کا ٹکڑا ہے جو باب الدہن للجمعہ میں گذر چکی ابن خزیمہ نے کہا حدیث میں انصات سے مراد لوگوں
کا بات کرنے سے چپ کرنا ہے نہ اللہ کی یاد سے چپ رہنا اور اسپر اعتراض ہوا ہے کہ اس سے لازم آتا ہے قرأت
میں بات کرنے سے چپ کرنا ہے نہ اللہ کی یاد سے چپ رہنا اور اسپر اعتراض ہوا ہے کہ اس سے لازم آتا ہے قرأت
کا جائز ہونا خطبہ کے وقت تو ظاہر یہ ہے کہ سکوت سے مطلق سکوت مراد ہے اور جسنے فرق کیا وہ دلیل کا محتاج
تحیۃ المسجد کے جائز ہونے سے ایک خاص دلیل کے ساتھ مطلق ذکر کا جائز ہونا لازم نہیں آتا **حَدَّثَنَا** يَحْيٰى بْنُ
قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ ابْنُ الْمُسَيَّبِ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ اَخْبَرَهٗ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ اِذَا قُلْتَ لِصَاحِبِكَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اَنْصِتْ وَالْاِمَامُ يَخْطُبُ فَقَدْ
ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب تو نے کہا اپنے ساتھی کو جمعہ کے دن چپ
امام خطبہ پڑھ رہا تھا تو تو نے بیجا حرکت کی **ف** کہا حافظ نے خفش نے کہا لغو وہ جھوٹی بات ہے جسکا
قائل ہو اور ابن عرفہ نے کہا لغو وہ گرا ہوا قول ہے اور بعض نے کہا لغو ٹھیک بات سے جھک جانا ہے اور بعض
نے کہا لغو وہ گناہ کا کام ہے جیسے اللہ نے فرمایا وَاِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا کہا زین بن منیر نے مفہوم ان
اقوال میں یہ ہے کہ لغو وہ بات ہے جو اچھی نہ ہو اور ابو عبید ہروی نے اپنی کتاب غریب میں ایک عجیب بات
کہی ہے لغو کے مطلق کلام معنے کیے اور بہتر یہ ہے کہ کلام کو لغو کے معنے میں مقید کیا جاوے اور کہا
لغو کے ثبوت من الاجر میں تین قول ہیں تواب سے محروم اور کہا بعض نے ضائع ہوئی فضیلت جمعہ
اور کہا حافظ نے میں کہتا ہوں لغت والوں کے قول لغو کے معنے میں ترتیب

ہین اور اخیر قول کی وہ حدیث شاہد ہے جسکو ابو داؤد اور ابن خزیمہ نے نکالا عبد البر بن عبد
پہانڈی لوگون کی گردنین تو ہوا وہ جمعہ اسکے واسطے ظہر کہا ابن وہب نے جو حدیث کا ایک راوی ہے اسکے
کہ نماز ہو جاویگی لیکن جمعہ کی فضیلت سے محروم رہے گا اور امام احمد نے حضرت علی علیہ السلام سے مرفوعاً نکالا
(یعنے چپ کر) تو اسنے بات کی اور جسنے بات کی تو اسکا جمعہ نہین ہے اور ابو داؤد نے اسی کی مثل روایت
احمد اور بزار نے ابن عباس سے مرفوعاً نکالا جسنے جمعہ کے دن کلام کی اور امام خطبہ پڑہتا تہا تو وہ گدہے کی
رہا ہے اور جسنے کہا اسکو چپ کر تو اسکا جمعہ نہین ہے اور اسکا ایک زبردست شاہد ہے حماد بن سلمہ کے
ابن عمر سے موقوفاً اور اسحدیث سے دلیل لیگئی ہے کہ سب قسم کی باتین خطبہ کے وقت منع ہین اور یہی جمہور کا قول
شخص کے حق مین جو خطبہ سنتا ہو اور یہی حکم ہے اس شخص کے حق مین جو خطبہ نہین سنتا اکثر علماء کے نزدیک
اور جب امر معروف کا ارادہ کرے تو اشارہ سے امر معروف کرے اور ابن عبد البر نے اجماع نقل کیا چپ کرنیکے وجو
شخص کے لیے جو خطبہ سنے مگر تو دور سے یا بعیدون سے اور اسکے لفظ یہ ہین مین شہرون کے فقیہون کے درمیان کو
نہین جانتا چپ کرنیکے وجوب مین خطبہ کے واسطے اس شخص پر جو خطبہ سنتا ہو اور نادانون مین سے اگر کوئی بات
امام کے خطبہ پڑہنے کی حالت مین تو جائز نہین ہے کہ اسکو کہے چپ کر اور انہون نے باب کیحدیث سے اسکو استنباط کیا
وغیرہ سے روایت کیا کہ وہ خطبہ مین باتین کرتے تہے مگر جسوقت امام خاص کر قرآن مجید پڑہتا کہا ابن عبد البر نے
یہ فعل مردود ہے اہل علم کے نزدیک اور لائق یہ ہے کہ کہا جاوے انکو باب کیحدیث نہین پہونچی حافظ نے
کہتا ہون اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے اس مسئلہ مین دو قول ہین ایک مین حرام ہے اور دوسرے مین مکر
وہ یہ بھی کہتے ہین کہ اگر خطبہ سنے تو کلام کرنی حرام ہے اور اگر نہ سن سکے تو حرام نہین اور بعض شافعیہ نے یہ
کیا ہے کہ جس علاقہ پر جمعہ کی صحت موقوف ہے انکو بات کرنا حرام ہے باقی کو کلام کرنا حرام نہین ہے اور
یہ ہے کہ جسنے چپ کرنے کے وجوب کی نفی ہے اسکی مراد یہ ہے کہ یہ سکوت جمعہ کی صحیح ہونیکے لیے شرط نہین
اسکے غیر کے اور دلالت کرتی ہے سکوت کے وجوب پر سننے والے کے حق مین حضرت علی کی وہ حدیث جسکی
اشارہ کیا گیا کہ جو شخص امام کے قریب ہوا اور اسنے چپ نہ کی تو اسپر دو بوجھ ہین گناہ کے اسلیے کہ جو شخص سنا
کرتا ہے اسپر گناہ مترتب نہین ہوتا اگرچہ وہ کام مکروہ تنزیہی ہو اور رہا وہ شخص جسنے بات کرنیکے مطلق جائز
دلیل لی ہے استسقاء کے سائل سے تو اسمین نظر ہے اسلیے کہ یہ خاص کے ساتھہ عام پر دلیل نہین ہو سکتا ہے کہ
خاص کیا جاوے ایسے واقعہ کے ساتھہ اور بعض نے اس عموم کو خاص کیا ہے سلام کے جواب دینے کے ساتھ

ب دینا واجب ہے اور صاحب مغنی نے نقل کیا اتفاق اسپر کہ وہ کلام جو نماز مین جائز ہے خطبہ مین بھی جائز ہے
ہر کو کومین مین گرنے سے ڈرانا اور امام شافعی کی عبارت یہ ہی کہ جب کسی پر ڈر ہو ہلاکت کا تو مین نہین سمجھتا
کرنے مین کچھ مضائقہ ہو جب وہ اشارہ سے سمجھے **باب** السَّاعَةِ الَّتِي فِي يَوْمِ الْجُمُعَةِ جمعہ کے دن جس
مین دعا قبول ہوتی ہے اسکا بیان **حدثنا** عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ
هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم ذكر يوم الجمعة فقال فيه ساعة لا يوافقها عبد مسلم وهو
يصلي يسأل الله شيئا إلا أعطاه إياه وأشار بيده يقللها ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے جمعہ کے دن کا ذکر کیا تو فرمایا کہ جمعہ کے دن مین ایک گھڑی ایسی ہی کہ اگر کوئی مسلمان اسکو پالیوے نماز
مین کھڑا ہوا اور اللہ سے کوئی چیز مانگے تو اللہ جل جلالہ اسکو عنایت فرماویگا اور اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا کہ یہ ساعت تھوڑی
ہے (یعنے زمانہ اسکا قلیل ہے) **ف** کہا حافظ نے اسی طرح اس روایت مین یہ ساعت مبہم ہے اور دوسری حدیثون
مین اسکی تعیین وارد ہوئی ہے اور اس ساعت کی تعیین جو صحیح حدیثون مین وارد ہوئی اسمین اشکال ہے ایک حدیث
مین ہی کہ وہ امام کے منبر پر بیٹھنے سے فراغت نماز تک ہے اور دوسری حدیث مین ہے کہ اخیر دن مین ہے اور ابو بردہ
نے عبد اللہ بن سلام پر اعتراض کیا جب اسنے کہا کہ ساعت جمعہ اخیر دن مین ہے کہ وہ نماز کا وقت نہین ہے اور نماز مین
ہونے پر حدیث مین نص ہے تو انہون نے ابو ہریرہ رضہ کو دوسری حدیث کے ساتھ جواب دیا کہ نماز کی انتظاری کرنیوالا نماز ہی
کے حکم مین ہی تو اگر حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قول قائما ابو ہریرہ رضہ کے نزدیک حقیقت پر محمول ہوتا تو پھر اسپر اعتراض
کرتے پر ابو ہریرہ رضہ نے انکی جواب کو مان لیا اور پسند کیا اور اسکے پیچھے اسی پر فتوے دیتے رہے اور پہلی حدیث پر اشکال
ہوتا ہے کہ اس ساعت کا زمانہ شامل ہے ساری خطبہ کے وقت کو اور خطبہ کچھ حقیقت مین نماز نہین ہے اور اس اشکال
کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ صلوۃ حدیث مین دعا پر محمول ہے یا انتظار صلوۃ پر اور قیام محمول ہے ملازمت اور مواظبت پر
اسکی تائید کرتا ہے یہ کہ قیام کی حالت نماز مین سجود اور رکوع اور تشہد کیحالت کے مغایر ہے باوجود اسکے سجود دعا
کی غایت کا محل ہے تو اگر قیام سے مراد حقیقی قیام ہوتا تو سجود وغیرہ اس سے نکل جاتی تو معلوم ہوا کہ قیام سے
مجازی قیام مراد ہے اور وہ مواظبت اور ملازمت ہے اور اسی محاورہ سے ہی اللہ تعالے کا قول إِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ
قائما اور اس صورت مین مصلی کو قائم کے ساتھ تعبیر کرنا کل کو جزو کے ساتھ تعبیر کرنیکے باب سے ہوگا اور نکتہ اسمین
ہے کہ قیام نماز کا بڑا رکن ہے مسلمہ بن علقمہ کی روایت مین ہی محمد بن سیرین سے انہون نے ابو ہریرہ رضہ سے مصنف کے پاس
ہے اور مسلم مین ہے محمد بن زیاد کی روایت سے انہون نے ابو ہریرہ رضہ سے اسکی مثل اور

ابو لبابہ کیحدیث مین ہے ابن ماجہ کے پاس جسمین تک حرام چیز کا سوال کرے
کے پاس جسمین تک سوال کرے گناہ کی چیز کا یا قطع رحمی کا اور قطع رحمی بھی
کے عام پر عطف کے باب سے ہے اور مسلم کی روایت مین ہے محمد بن زیاد کی روایت سے انکے ابو ہریرہ سے
ہے کہا دین بن منیر نے اشارہ اسکی چھوٹا ہونے کیطرف واسطے ہے کہ لوگ اس مین رغبت کرین
اسکے کی اور زیادہ فضیلت اسکی کی غرض اس ساعت کی تعیین مین بہت اختلاف ہے یہانتک کہ
ہم کل کو یا بعض کو حافظ صاحب کی فتح سے نقل کرینگے انشاء اللہ تعالیٰ اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے اور اس مین
صحابہ تابعین تبع تابعین کا کہ اب یہ ساعت باقی ہے یا اٹھ گئی اور آیا ہر جمعہ مین ہے یا سال
مین اور ساعت کے باقی رہنے کی صورت مین آیا اسکا دن مین مقرر وقت ہی یا مبہم ہے اور تعیین کی
ساری معین وقت کو شامل ہے یا اسمین مبہم ہے اور ابہام کیصورت مین اسکا ابتدا کیا ہے اور انتہا کیا ہے
صورتون مین آیا ہمیشہ ایک وقت مین رہتی ہے یا بدلتی رہتی ہے اور بدلنے کی صورت مین ساری دنکو سمیٹ
یا بعض کو اور یہ تو اب مین بیان کرتا ہون ان اقوال کو مع دلیلون کے جو مجھکو پہونچے ہین انکے
کیطرف عود کرونگا اور ان اقوال مین ایک قول کو ترجیح دونگا انشاء اللہ تعالیٰ پہلا قول یہ ساعت
عبد البر نے ایک قوم سے حکایت کیا اور اسکا کہوٹ بیان کیا قاضی عیاض نے کہا تو کیا سلف
کو اسکے قائل پر عبد الرزاق نے روایت کیا ابن جریج سے کہا مجھے خبر دی داؤد بن عاصم نے
معاویہ کے غلام آزاد سے کہا مینے ابو ہریرہ رضہ کو کہا لوگ کہتے ہین کہ جمعہ مین جو ساعت ہے
تو انہون نے فرمایا جسنے کہا کہ ساعت اجابت اٹھ گئی اسنے غلطی کی مینے کہا کیا وہ ساعت ہر جمعہ
ہان اسکا اسناد قوی ہے کہا علامہ شمس الدین ابن القیم نے اگر اس قول کے قائل کی یہ غرض ہے
معلوم تھی لیکن اسکا علم اب سے اٹھا یا گیا تو یہ احتمال ہے اور اگر اسکی غرض یہ ہے کہ حقیقت
تو یہ قول اسکے قائل پر مردود ہے دوسرا قول ساعت اجابت ہی تو ہی لیکن حال ہر
اسکو کعب احبار نے ابو ہریرہ کے لیے تو ابو ہریرہ نے اسکا رد کیا پھر کعب احبار نے ابو ہریرہ
کیا روایت کیا اسکو امام مالک نے موطا مین اور سنن والون نے
معین نہین ہے اور وہ ساری دن مین پوشیدہ رکھی گئی ہے
ابن خزیمہ اور حاکم نے روایت کیا سعید بن

[illegible] فرمایا مین نے پوچھا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جمعہ کی ساعت کو تو آپنے فرمایا مین اسکو جنوایا
[illegible] بہلایا گیا جیسے قدر کی رات کو مین بہلایا گیا اور عبدالرزاق نے معمر سے روایت کیا کہ اُنسے سوال کیا زہری
[illegible] زہری نے کہا مینے اس مسئلہ مین کوئی حدیث نہین سُنی مگر یہ کہ کعب کہا کرتا تہا کہ آدمی ایک جمعہ مین چاشت کے وقت
[illegible] پہر دوسرے جمعہ مین چاشت سے لیکر دوپہر تک دعا کرے پہر تیسرے جمعہ مین دوپہر سے ظہر تک پہر جو پہلی جمعہ مین
[illegible] سے آخر دن تک کہ اسمین وہ گہڑی آجاویگی ابن منذر نے کہا اور یہہ کعب کعب احبار ہے اور ابن عمر رضہ سے مروی
[illegible] جمعہ کے سارے دن مین دعا کرے تاکہ اسوقت پر بھی گذرے جو اجابت دعا کا وقت ہے ابن منذر نے کہا ابن عمر رضہ کے
[illegible] وہ شخص عمل کر سکتا ہے جو اسکی قوت اور طاقت رکہے ورنہ وہ جو کعب نے کہا وہ ہر ایک پر آسان ہے اور حاصل یہ ہے کہ
[illegible] دونو کے نزدیک ساعت اجابت جمعہ کے دن مین معین نہین ہے اور امام رافعی اور صاحب مغنی وغیرہما کی کلام
[illegible] یہی ہے انہون نے کہا جمعہ کے دن بہت دعا کرنا مستحب ہے امید ہے کہ اجابت کی ساعت کو پالیوے اور اس قول پر دلیل ہے
[illegible] وقت اجابت کا مشابہ ہونا قدر کی رات کے ساتھ اور اسم اعظم کے ساتھ ہمارے حُسنے مین اور حکمت اس مین یہ ہے کہ لوگ اسکی طلب
[illegible] سارا دن عبادت مین مصروف رہین بخلاف اسکے کہ اگر اسکا ہونا وقت معین مین معلوم ہوجاوے تو اسی پر اقتصار
[illegible] اور باقی وقت کو مہمل چہوڑ دینگے چوتہا قول ساعت اجابت کا وقت بدلتا رہتا ہے جمعہ کے دن مین اور وہ کوئی
[illegible] گہڑی نہین ہے امام ابو حامد غزالی نے کہا یہ بہت عمدہ قول ہے اور ذکر کیا اسکو اثرم نے احتمال کی صورت مین اور
[illegible] عساکر وغیرہ نے اسکے ساتھ جزم کیا اور کہا محب طبری نے یہ قول بہت ظاہر ہے پانچوان قول ساعت اجابت
[illegible] کی اذان کے وقت ہوتی ہے اسکو ذکر کیا ہمارے استاد حافظ ابو الفضل نے ترمذی کی شرح مین اور ہمارے استاد سراج
[illegible] بن ملقن نے بخاری کی شرح مین اور کہا ان دونون نے کہ اسکو ابن ابی شیبہ نے حضرت عائشہ سے نکالا اور اسکو
[illegible] کیا ہے روایتی نے اپنے مسند مین حضرت ام المؤمنین عائشہ صدیقہ سے اور نماز کو مطلق رکہا ہے اور صبح کے ساتھ
[illegible] نہین کیا اور روایت کیا اسکو ابن منذر نے تو اُسنے جمعہ کی نماز کے ساتھ مقید کیا واللہ اعلم چھٹا قول یہ ہے
[illegible] سے سورج نکلنے تک ہے روایت کیا اسکو ابن عساکر نے ابو جعفر رازی کے طریق سے اسنے لیث بن ابی سلیم سے اسنے
[illegible] سے اُسنے ابو ہریرہ سے اور اسکو حکایت کیا قاضی ابو الطیب طبری اور ابو نصر صباغ اور عیاض اور قرطبی وغیرہم
[illegible] قول اسی کے مثل ہے لیکن نماز زیادہ کیا کہ اسکا وقت عصر سے لیکر سورج ڈوبنے تک بھی ہے اسکو سعید بن منصور نے روایت
[illegible] عن لیث بن ابی سلیم سے اسنے مجاہد سے اسنے ابو ہریرہ سے اور متابعت کی خلف بن خلیفہ کی
[illegible] عیاض نے لیث سے روایت کرنے مین ابن منذر کے پاس اور لیث ضعیف ہے اور اسوجہ سے اس پر اختلاف ہوا

ہے آٹھوان قول اسی کی مثل ہے لیکن اتنا زیادہ کیا کہ اسکا وقت امام کے منبر پر بیٹھنے سے
ہے روایت کیا اسکو حمید بن زنجویہ نے اپنی کتاب ترغیب مین عطا بن قرہ کے طریق سے انہی عبداللہ بن
ہریرہ رضہ سے کہ ڈھونڈو جمعہ کے دن ساعت اجابت کو ان تین وقتون مین اور ان تینون کو بیان کیا ان
اجابت آفتاب نکلنے کے بعد پہلی گھڑی ہے حکایت کیا اسکو چلبی نے تنبیہ کی شرح مین اور تابع ہوا اسکے
کی شرح مین دسوان قول آفتاب چڑھنے کے وقت ہی اسکو امام ابو حامد غزالی نے حکایت کیا احیاء العلوم مین اور
سے زین بن منیر نے احیاء العلوم کی شرح مین اپنے اس قول کے ساتھہ کہ ساعت اجابت آفتاب کے ایک بالشت بلند
لیکر ایک ہاتھہ بلند ہونے تک ہے اور منسوب کیا اس قول کو ابو ذر کیطرف گیارھوان قول کہ ساعت اجابت دنکی
ساعت مین ہی حکایت کیا اسکو صاحب مغنی نے روایت کیا امام احمد نے اپنے مسند مین علی بن ابی طلحہ کیطریق سے انہی
سے مرفوعاً جمعہ کے دن آدم علیہ السلام کی مٹی بنائی گئی اور جمعہ کے دن کی تین گھڑیون کے بعد ایک گھڑی
شخص آمین اللہ کو پکاری اللہ تعالے اسکی دعا قبول کرلیتا ہے اسکی اسناد مین فرج بن فضالہ ضعیف ہے اور علی بن ابی طلحہ
سنا ابو ہریرہ سے بارھوان قول ساعت اجابت زوال کے بعد آدھہ ہاتھہ پایہ ہونے تک ہے حکایت کیا اسکو محب طبری
قبول کیا اسکو زکی الدین منذری نے تیرھوان قول اسی کی مثل ہے لیکن کہا کہ ایک ہاتھہ سایہ ہونے تک ہے حکا
اسکو قاضی عیاض اور قرطبی اور نووی نے چودھوان قول زوال کے بعد ایک بالشت سے ایک ہاتھہ سایہ ہونے تک
کیا اسکو ابن منذر نے اور روایت کیا ابن عبدالبر نے قوی اسناد کے ساتھہ حارث بن یزید حضرمی تک انہی عبدالرحمن
سے انہی ابو ذر سے کہ اسکی بی بی نے انہی پوچھا ساعت اجابت کی بابت تو ابو ذر نے جواب دیا کہ وہ زوال کے بعد
سے ایک ہاتھہ سایہ ہونے تک ہے پندرھوان قول ساعت اجابت اسوقت ہی جب سورج ڈھلے حکایت کیا اسکو
نے ابو العالیہ سے اور عبدالرزاق نے حسن کے طریق سے روایت کیا کہ وہ ڈھونڈتے تھے ساعت اجابت
ڈھلے اور روایت کیا ابن عساکر نے سعید بن ابی عروبہ کے طریق سے انہی قتادہ سے کہا تھے صحابہ خیال کرتے
اجابت اسوقت ہی جب سورج ڈھلے اور گویا ان کی دلیل اس قول پر یہ ہے کہ زوال کا وقت ملائکہ کے جمع ہونیکا
اور جمعہ کے وقت کا ابتدا ہے اور اذان کا ابتدا ہے سولھوان قول جب مؤذن جمعہ کی نماز کے لیے
وہ ساعت اجابت ہی روایت کیا اسکو ابن منذر نے ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضہ سے کہ انہون نے فرمایا جمعہ
کے دن کیطرح ہے کھولے جاتے ہین آسمان کے دروازے اور ہر ساعت ایک گھڑی ہے
تعالی سے اسمین بندہ کوئی چیز مگر اللہ تعالی اسکو دیدیتا ہے کسی نے کہا یا رسول اللہ کونسی گھڑی ہے

زوال کے وقت خطبہ کے واسطے اذان دیوے اور یہ قول پہلے قول کے مغایر ہے اسلیے کہ اذان کبھی زوال کے بعد دیجاتی ہے کہا زمین نے اور یہ اذان محمول ہے اس اذان پر جو خطیب کے سامنے دیجاتی ہے ستر ہوان قول زوال سے لیکر آدمی کی نماز میں ہونے تک ہے ذکر کیا اسکو ابن منذر نے ابو السوار عدوی سے اور حکایت کیا اسکو ابن الصباغ نے اس لفظ کے ساتھ کہ امام نماز میں داخل ہوا ٹھہاروان قول زوال سے امام کے نکلنے تک ہے حکایت کیا اسکو قاضی ابو الطیب طبری نے وقت زوال سے سورج کے ڈوبنے تک ہے حکایت کیا اسکو ابو العباس احمد بن علی بن کشاسب زیاری نے اور یہ زیاری عمرو بن صلاح کا ہمزمان ہے بیسوان قول امام کے نکلنے سے نماز کے قائم ہونے تک ہے روایت کیا اسکو ابن منذر نے سے اور روایت کیا ابو بکر مروزی نے کتاب الجمعہ میں صحیح سند کے ساتھ شعبی تک انہی عوف بن حضیر سے اسی کی اور عوف بن حضیر ایک شام کا رہنے والا آدمی ہے اکیسوان قول ساعت اجابت امام کے نکلنے کے وقت ہے روایت اسکو حمید بن زنجویہ نے کتاب الترغیب میں حسن بصری سے بائیسوان قول امام کے نکلنے اور نماز کے پورا ہونے کے درمیان روایت کیا اسکو ابن جریر نے اسمعیل بن سالم کے طریق سے اسنے شعبی سے تئیسوان قول بیع کے حرام ہونے سے حلال ہونے تک ساعت اجابت کا وقت ہے چوبیسوان قول اذان اور نماز کے پورا ہونیکے درمیان ساعت اجابت کا وقت ہے روایت کیا اسکو حمید بن زنجویہ نے ابن عباس رضہ سے اور حکایت کیا اسکو بغوی نے شرح سنہ میں ابن عباس رضہ سے پچیسوان قول ساعت اجابت امام کے منبر پر بیٹھنے سے نماز کے پورا ہونے تک ہے روایت کیا اسکو مسلم اور ابو داؤد نے مخرمہ بن بکیر کے طریق سے اپنے باپ سے اسنے ابو بردہ بن ابی موسے سے کہ عبد اللہ بن نے ابو ہریرہ سے پوچھا کہ تو نے ساعت جمعہ میں اپنے باپ سے کچھ سنا ہے تو وہ بولا سنا میں نے اپنے باپ سے فرماتے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پھر یہی قول ذکر کیا چھبیسوان قول اذان کے وقت ہے امام کی تذکیر کے وقت اور اقامت کے وقت روایت کیا اسکو حمید بن زنجویہ نے سلیم بن عامر سے اسنے عوف بن مالک اشجعی کے طریق سے ستائیسوان قول اسی کی مثل ہے پر اتنا اور کہا کہ جب اذان دیوے امام پر چڑھے اور جب تکبیر ہو روایت کیا اسکو ابن ابی شیبہ اور ابن منذر نے ابو امامہ صحابی سے اٹھائیسوان ساعت اجابت امام کے خطبہ شروع کرنے سے خطبہ سے فارغ ہونے تک ہے روایت کیا اسکو ابن عبد البر نے محمد بن رحمان کے طریق سے اسنے اپنے باپ سے اسنے ابن عمر سے مرفوعاً اور اسکا اسناد ضعیف ہے انتیسوان قول جب خطیب منبر پر بیٹھے اور خطبہ شروع کرے حکایت کیا اسکو امام غزالی نے احیاء العلوم میں تیسوان قول دو خطبوں کے درمیان کا وقت ساعت اجابت ہے حکایت کیا اسکو طیبی نے مصابیح کے بعض شارحین سے اکتیسوان قول ساعت اجابت

امام کے منبر سے اترنے کے وقت ہی روایت کیا اسکو ابن ابی شیبہ نے اور حمید بن زنجویہ اور ابن جریر اور ابن
ساتھہ ابو اسحق تک اسنے ابو بردہ سے قول ابو بردہ کا بتیسوان قول جسوقت نماز کی تکبیر ہو یہانتک کہ امام نماز سے
حکایت کیا اسکو ابن منذر نے حسن بصری سے بھی اور روایت کیا طبرانی نے میمونہ سعد کی مٹی کی حدیث
کی مثل ضعیف سند کے ساتھہ تینتیسوان قول نماز کے کھڑا ہونیسے نماز کے پورا ہونے تک ہے روایت کیا اسکو
ابن ماجہ نے کثیر بن عبداللہ بن عمرو بن عوف کے طریق سے اسنے اپنے باپ سے اسنے اپنے دادا سے مرفوع
ہے صحابہ نے عرض کیا ساعت اجابت کونسی گھڑی ہے یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمایا جسوقت نماز
نماز کے پورا ہونے تک اور بہت لوگون نے کثیر کی روایت کو ضعیف کہا ہی اور روایت کیا اسحدیث کو امام بیہقی
الایمان مین اسی اسناد سے اس لفظ کے ساتھہ ساعت اجابت امام کے منبر سے اترنے اور نماز کے پورا ہونے
ہے اور روایت کیا اسکو ابن ابی شیبہ نے مغیرہ کے طریق سے اسنے واصل احدب سے اسنے ابو بردہ سے قول ابو بردہ کا
ابی شیبہ کا ابو بردہ تک اسناد قوی ہی اور اسحدیث مین ہی کہ ابن عمر نے ابو بردہ کی یہ حدیث سنکر اسکی تحسین کی اور برکت
دعا کی اسپر اور اسکے سر پر ہاتھہ پھیرا اور روایت کیا ابن جریر نے اور سعید بن منصور نے ابن سیرین سے اسی کی مثل
قول ساعت اجابت وہ ساعت ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جمعہ کی نماز پڑہا کرتے تہے روایت کیا اسکو ابن
صحیح سند کے ساتھہ ابن سیرین سے اور یہ قول پہلے قول کے مغایر ہے اس حیثیت سے کہ وہ مطلق ہے اور یہ مقید ہے اور
سیرین نے لیا ہے اس قول کو اس سے کہ جمعہ کی نماز جمعہ کے دن کی نمازون سے بہتر نماز ہے اور جسوقت مین آنحضرت
اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جمعہ کی نماز ادا کیا کرتے وہ اسدن کے وقتون مین بہتر وقت ہی اور اذان اور خطبہ اور
جتنے افعال جمعہ کے دن ادا کیے جاتی ہین وہ وسیلہ ہین اور مقصود بالذات وہ جمعہ ہی کی نماز ہے اور اسکی تاکید کرنا
ہونا امر کا قرآن مجید مین اللہ کے بہت یاد کرنیکے ساتھہ حالت نماز مین جیسی وارد ہوا ہے امر اللہ کے یاد کرنیکے
کے وقت اور یہ امر اللہ سبحانہ وتعالی کے اس قول مین ہے اذا لقیتم فئۃ فاثبتوا واذکروا اللہ کثیرا لعلکم تفلحون
ایمان والو جب بھڑو تم کسی فوج سے تو ثابت رہو اور اللہ کو بہت یاد کرو شاید تم مراد پاؤ اور حالت نماز مین
بہت یاد کرنیکا امر اس آیت کریمہ مین ہے اذا نودی للصلوۃ من یوم الجمعۃ فاسعوا الی ذکر اللہ وذروا البیع
ان کنتم تعلمون فاذا قضیت الصلوۃ فانتشروا فی الارض وابتغوا من فضل اللہ واذکروا اللہ کثیرا لعلکم
ایمان والو جب اذان ہو نماز کی جمعہ کے دن تو دوڑو اللہ کی یاد کو اور چھوڑو بیچنا پھر جب
پھر جب ہو چکے نماز تو پھیل پڑو زمین مین اور ڈہونڈہو فضل اللہ کا اور یاد کرو اللہ کو

ہے مذکور ہین یہ مراد نہین ہے کہ اللہ کی یاد انتشار کے بعد واقع ہو اگرچہ کثرت ذکر کا عطف انتشار پر ڈالا گیا ہے
ہان تم اس ذکر کی کثرت مراد ہے جسکی طرف اول آیت مین اشارہ کیا گیا ہے واللہ علم پینتیسوان قول ساعت اجابت عصر
ز سے سورج کے ڈوبنے تک ہے روایت کیا اسکو ابن جریر نے سعید بن جبیر کے طریق سے اسنے ابن عباس سے موقوفاً
سلمان بن سلیم کے طریق سے اسنے ابو سلمہ سے اسنے ابو سعید سے مرفوعاً اس لفظ کے ساتھہ کہ ڈھونڈو ساعت اجابت
صر کے بعد اور ذکر کیا ابن عبد البر نے کہ جملہ فالتمسوہا بعد العصر حدیث مین مدرج ہے ابو سلمہ کے قول سے اور روایت
اسکو ابن مندہ نے اسی طریق سے اور زیادہ کیا جسوقت لوگ بہت غفلت مین ہوتے ہین اور روایت کیا اسکو ابو نعیم
ہ علیہ مین شیبانی کے طریق سے اسنے عون بن عبد اللہ بن عتبہ سے اسنے اپنے بھائی عبید اللہ سے ابن عباس کے قول
طرح اور روایت کیا اسکو ترمذی نے موسی بن وردان کے طریق سے اسنے انس سے مرفوعاً اس لفظ کے ساتھہ کہ ڈھونڈو
اعت اجابت کو عصر کے بعد سورج کے ڈوبنے تک اور سند اسکی ضعیف ہے چھتیسوان قول ساعت اجابت جمعہ کے
ن عصر کی نماز مین ہے روایت کیا اسکو عبد الرزاق نے عمرو بن دینار سے اسنے یحیی بن ابی اسحاق سے اسنے حضرت
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مرسلاً سینتیسوان قول ساعت اجابت عصر کے بعد عصر کے مختار وقت تک ہے حکایت کیا
اسکو امام غزالی نے احیاء العلوم مین اٹھتیسوان قول مطلقاً عصر کے بعد ساعت اجابت ہے اور روایت کیا اسکو ابن عساکر نے
عمرو بن سلمہ انصاری کے طریق سے اسنے ابو سلمہ سے اسنے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ابو سعید سے مرفوعاً اس لفظ کے ساتھہ کہ ساعت اجابت
عصر کے بعد ہے اور روایت کیا اسکو ابن منذر نے مجاہد سے اسی کے مثل اور روایت کیا ابن جریج نے ابراہیم بن میسرہ
کے طریق سے ابو ہریرہ تک پہنچ کر اسی کی مثل اور روایت کیا ابو بکر مروزی نے ثوری اور شعبہ دونو کے طریق
سے ان دونو نے یونس بن خباب سے ثوری نے کہا کہ یونس نے عطاء سے روایت کیا اور شعبہ نے کہا کہ یونس نے
اپنے باپ سے روایت کیا ان دونو نے ابو ہریرہ سے روایت کیا اسی کی مثل اور عبد الرزاق نے طاؤس سے روایت
کیا کہ وہ ساعت اجابت ڈھونڈتے تھے عصر کے بعد اور بعض اہل علم نے ابن عباس سے اسی کی مثل روایت کیا
ہے اور کہا ہے کہ کسی نے ابن عباس سے پوچھا عصر کی نماز کے بعد تو کوئی نماز نہین ہے تو انہون نے فرمایا بیشک
جو شخص اپنے نماز پڑھنے کی جگہہ مین بیٹھا رہے تو وہ نماز ہی مین ہے انتالیسوان قول ساعت اجابت وسط نہار سے
کر نہار کے قریب تک ہے چالیسوان قول ساعت اجابت سورج کے زرد ہونے سے اسکے غروب ہونے تک ہے روایت
کیا عبد الرزاق نے ابن جریج سے اسنے اسمعیل بن کیسان سے اسنے طاؤس سے قول طاؤس کا اکتالیسوان قول
ساعت اجابت عصر کے بعد پچھلی گھڑی ہے روایت کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی اور حاکم نے حسن اسناد کے ساتھہ ابو سلمہ

سے انہی جابر سے مرفوعاً اور اسحدیث کی ابتدا میں ہے کہ انکی بارہ گھڑیاں ہیں بیشک الیوم قبل ساعت ا
جب سورجکی آدھی ٹکی ڈوب جاوی یا جب سورج ڈوبنے کے لیے جھکے یہانتک کہ پوری طرح ڈوب جاوی اور ابن
طبرانی نے اوسط میں اور دارقطنی نے علل میں اور بیہقی نے شعب الایمان اور فضائل الاوقات میں زید بن علی بن
بن علی کی طریق سے کہا حدیث کی مجھسے مرجانہ نے جو ام المومنین فاطمہ بنت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی غلام آزاد تھی
حدیث کی مجھسے فاطمہ علیہا السلام نے اپنے والد ماجد حضرت محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پھر حدیث بیان کی ا
ہے کہ میںنے عرض کی وہ کونسی ساعت ہے تو آپنے فرمایا جب آدھا سورج ڈوب جاوی تو انہیں حضرت فاطمہ علیہا السلام
جمعہ کا دن ہوتا بھیجتیں اپنا غلام جسکا نام زید تھا وہ آپکے واسطے سورج تاکتا رہتا جب وہ کہتا کہ اب آفتاب ڈوبنے کو
ہے تو حضرت فاطمہ علیہا السلام دعا کیطرف متوجہ ہوجاتیں اور اسکے ڈوبنے تک دعا کرتی رہتیں اسکی اسناد میں
بن علی پر اختلاف ہے اور اسکے بعض راوی مجہول ہیں اور نکالا اسحق بن راہویہ نے اپنے مسند میں سعید بن راشد کیطریق سے
اسنے زید بن علی سے اسنے حضرت فاطمہ علیہا السلام سے اور مرجانہ کا ذکر نہیں کیا اور اسمیں ہے کہ آپ فرماتیں
غلام کو جسکا نام ارید تھا چڑھ جا پہاڑ پر جب سورج ڈوبنے لگے تو مجھے بتلا دینا اور باقی حدیث اسکی مثل ہے اور اسکے
آخر میں ہے پھر مغرب کی نماز پڑھتیں پس یہ وہ سب قول ہیں جو مجھے ساعت جمعہ میں میسر ہوئے مع انکی دلیلوں
اور بیان کرنے انکے احوال کے صحت اور ضعف اور رفع اور وقف کے ساتھ اور بعض کے ماخذ کیطرف اشارہ کرنیکے ساتھ
اور یہ سب قول آپس میں متغایر نہیں ہیں بلکہ بہت قول آپسمیں متحد ہوسکتے ہیں پھر میںنے فتح پائی اس تقریر کے بلکہ
بعد ایک زائد قول پر جسکو میںنے نقل نہیں کیا اور اسکو استنباط کیا ہے ہمارے صاحب علامہ شمس الدین جزری سے اور انہوں
مجھکو اسکی روایت کرنے کی اجازت دی اپنے سے اپنی کتاب حصن حصین میں جو انہوں نے دعاؤں کے لیے جمع کی ہے پھر
کیا علامہ نے اختلاف ساعت جمعہ میں اور صرف آٹھ قول ہی بیان کیے ان اقوال میں سے جنکو ہم بیان کیا
کہا جسکا مطلب یہ ہے اور جسکا میں اعتقاد کرتا ہوں وہ یہ ہے کہ ساعت اجابت امام کے فاتحہ الکتاب پڑھنے کی
ہے جمعہ کی نماز میں یہانتک کہ کہے امام آمین جمعاً بین الاحادیث التی صحت اور اسمیں اعتراض ہوتا ہے اسطرح کہ امام
فاتحہ الکتاب پڑھتے وقت دعا کرنے والے سے فوت ہوجاتا ہے چپ کرنا وقت امام کے لیے اور آمین تک نہیں
کہ اقوال مذکورہ میں سے جس قول کو ترجیح ہے وہ ابو موسی اشعری کیحدیث ہے اور عبد اللہ بن سلام کیحدیث کہا بعض نے
ساعت جمعہ میں صحیح حدیث ابو موسی اشعری کیحدیث ہے اور بہت مشہور قول ساعت جمعہ میں عبد اللہ بن
ہے انتہے اور جتنے قول انکے سوا ہیں یا ان دونوں کے موافق ہیں یا ان میں سے ایک کے موافق

ں کے معارض نہیں ہیں تو وہ ضعیف الاسناد ہیں یا موقوف ہیں اور ابو سعید خدری کی حدیث کہ حضرت صلی اللہ
ر آلہ وسلم بٹھائے گئے ساعت اجابت کو جنوائے جانے کے بعد ابو موسی اور عبداللہ بن سلام کی حدیثوں کے معارض نہیں
ے احتمال ہے کہ ان دونوں نے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایکہی بھولنے کے پہلے سنا ہو اسکی طرف امام بیہقی
نے اشارہ کیا اب سلف کا اسمیں اختلاف ہے کہ ان دو حدیثوں سے کس حدیث کو ترجیح ہے تو بیہقی نے ابو
فضل احمد بن سلمہ نیشاپوری کے طریق سے روایت کیا کہ امام مسلم نے کہا ابو موسی کی حدیث اس مسئلہ میں بہت عمدہ
ہے اور بہت صحیح دلیل ہے اور اسی کے قائل ہیں امام بیہقی اور ابن العربی اور ایک جماعت اور کہا قرطبی نے یہ نص ہے
شافعی کے مقام میں تو اسکے سوا کسی دوسرے قول کیطرف التفات نہ کیا جاوے اور کہا امام نووی نے یہی صحیح ہے
اور درست ہے اور جزم کیا روضہ میں کہ یہی ٹھیک ہے اور سلیمی بھی اسکو ترجیح ہے کہ یہ حدیث صراحت کے ساتھ مرفوع ہے
(خلاف عبداللہ بن سلام کے قول کے) اور اسکے راجح ہونے کی یہ بھی ایک وجہ ہے کہ یہ حدیث صحیحین میں سے ایک صحیح
میں موجود ہے اور دوسرے لوگوں نے عبداللہ بن سلام کے قول کو ترجیح دی ہے تو ترمذی نے امام احمد سے حکایت
کیا ہے کہ بہت حدیثیں اسی پر ہیں اور کہا ابن عبدالبر نے یہ حدیث اس مسئلہ میں بہت ثابت ہے اور روایت کیا سعید
بن منصور نے صحیح سند کے ساتھ ابو سلمہ بن عبدالرحمان تک کہ کچھ لوگ صحابہ میں سے جمع ہوئے اور انہوں نے جمعہ کی ساعت
کا ذکر کیا پھر وہ جدا ہوئے اور انہوں نے اتفاق کیا کہ وہ جمعہ کے دن کی پچھلی گھڑی ہے اور بہت اماموں نے جیسے
امام احمد اور اسحق اسکو صحیح کہا ہے اور ترجیح دی ہے مالکیہ میں سے اسکو طرطوسی نے اور حکایت کیا علائی نے کہ اسکا استاد زملکانی
اپنے وقت میں شافعیہ کا شیخ تھا اسی قول کو پسند کرتا تھا اور حکایت کرتا تھا اسکو امام شافعی کی نص سے اور جواب
دیا ہے انہوں نے عبداللہ بن سلام کی حدیث کے صحیحین میں سے ایک میں نہ ہونی کا یہ کہ ترجیح اس حدیث کو جو صحیحین میں
سے یا صحیحین میں سے ایک میں ہے جب اسمیں حافظوں نے علت نہ نکالی ہو بخلاف ابو موسی کی حدیث کے کہ اسمیں
علت نکالی گئی ہے انقطاع اور اضطراب کے ساتھ انقطاع کی علت تو اسطرح کہ مخرمہ بن بکیر جو اس حدیث کو اپنے باپ سے
روایت کرتا ہے اسنے باپ سے نہیں سنا کہا یہ امام احمد نے حماد بن خالد سے روایت کر کے اسنے خود مخرمہ سے اور ایسا ہی کہا
سعید بن ابی مریم نے موسی بن سلمہ سے اور زیادہ کیا کہ مخرمہ نے کہا وہ تو ہماری پاس کتابیں تھیں اور
کہا علی بن مدینی نے مدینہ والوں میں سے کسی سے نہیں سنا کہ وہ کہتا ہو مخرمہ سے روایت کرنے میں
کہ مخرمہ نے کہا ہو مجھے سنا اپنے باپ سے اور یہ نہ کہا جاوے کہ امام مسلم روایت معنعن میں معاصرت کے ساتھ ملاقات
کا امکان کو کافی سمجھتے تھے اور امر یوں ہی ہے یہاں کیونکہ ہم کہتے ہیں مخرمہ کی صراحت اس امر میں کہ

کہ میں نے اپنے باپ سے نہیں سنا انقطاع کے دعوی میں کافی ہے [illegible]
اور معاویہ بن قرہ وغیرہم نے ابو بردہ رضہ سے قول ابو بردہ کا اور یہ لوگ [illegible]
لوگ ابو بردہ کی حدیث کو خوب جاننے والے ہیں بکیر سے جو مدینہ کا رہنے والا ہے اور یہ لوگ ایک جماعت
کے کہ وہ ایک آدمی ہے تو یہ حدیث ابو موسی کے نزدیک اگر مرفوع ہوتی تو وہ اپنی رائے کو ساتھ کیسے
دیتے بخلاف مرفوع کے اور اسپر قطعی جزم کیا ہے دارقطنی نے کہ اسحدیث کا موقوف ہونا ثواب ہے اور علماء
ایک اور طریق اختیار کیا ہے وہ یہ کہ ساعت اجابت ان دونو وقتوں میں بند ہے جو مذکور ہوئے اور ان دونو
ایک حدیث دوسری حدیث کے معارض نہیں ہے ہو سکتا ہے کہ آپنے ایک وقت میں ایک وقت پر اطلاع دی اور دوسرے وقت
وقت پر اور یہ ابن عبد البر کے اس قول کی طرح ہے لائق ہے کوشش کرنا دعا میں ان دونوں وقتوں میں جنکا
اور عبد اللہ بن سلام کی حدیثوں میں مذکور ہوا ہے اور اسی کی مثل کی طرف سبقت کی ہے امام احمد نے اور یہی طریق
جمع کے باری میں کہا ابن منیر نے حاشیہ میں جب معلوم ہو چکا کہ اس ساعت کے ابہام اور لیلۃ القدر کے ابہام کا فائدہ
ہے کہ دعا کرنیوالے کو لبھارا جاوے کثرت نماز اور کثرت دعا پر اور اگر ان دونو کی تعیین معلوم ہوتی تو لوگ انہیں وقت
بہر و سا کر بیٹھتے اور انکے علاوہ اور وقتوں میں عبادت میں کوشش کرنا چھوڑ دیتے تو اس کے پیچھے اس شخص سے تعجب نہ
ساعت اجابت کے وقت کی محدود کرنے کی کوشش کرتا ہے اور حدیث میں اور بہت فائدے ہیں جمعہ کے دن کی
اسلیے کہ ساعت اجابت جمعہ کے دن کے ساتھہ خاص ہے صحیح مسلم میں ہے جمعہ کا دن بہت بہتر دن ہے جسمیں
نکلا اور اسحدیث سے معلوم ہوا کہ دعا ایک افضل عبادت ہے اور بکثرت دعا کرنا مستحب ہے اور اس سے معلوم
کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد بھی جمال باقی ہے اور اسپر اعتراض ہوا ہے کہ احکام شرعیہ میں اجمال
باقی رہنے میں اختلاف ہے نہ امور وجودیہ میں جیسے ساعت اجابت کا وقت تو امور وجودیہ کے اجمال میں تکلیف
نہیں ہے اور جو حکم شرعی ساعت جمعہ اور شب برات کے ساتھہ متعلق ہے اور وہ فضیلت کا حاصل کرنا ہے اسکے
پہونچنا اور اسکے مقتضاء کے ساتھہ عمل کرنا ممکن ہے ساری جمعہ کے دن میں عبادت کرنیکے ساتھہ یا سارا
میں عبادت کرنیکے ساتھہ ثواب شرعی حکم میں اجمال نہ رہا واللہ اعلم اگر سوال ہو کہ ظاہر حدیث کی معلوم
شرط گذشتہ کے ساتھہ ہر ایک دعا کرنے والے کی دعا قبول ہے باوجود اسکے کہ وقت مختلف ہوتا ہے
کے ساتھہ اور نمازیوں کے نماز کے وقتوں کے اختلاف کے ساتھہ تو بعض کی دعا [illegible]
اجابت وقت کے ساتھہ متعلق ہے تو ساعت اجابت کا کیسے اختلاف کے ساتھہ [illegible]

Marfat.com

تعالیٰ کے ساتھ اجابت ہر نماز پر فضل کے ساتھ متعلق ہے جیسا کہ ساعت کراہت مین جو اسکی نظیر ہے کہا گیا ہے
لم بحقیقۃ الحال منتقے مین کہا بیان جمعہ کی فضیلت کا اور ساعت اجابت کی ذکر کا اور جمعہ کے دن مین حضرت صلی
یہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنے کا ابو ہریرہ رضی سے روایت ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بہتر دن جسمین
ب نکلا جمعہ کا دن ہے اسمین آدم علیہ السلام پیدا ہوئے اور اسی دن مین بہشت مین داخل کیے گئے اور اسی دن مین
ش سے باہر نکالے گئے اور نہ قائم ہوگی قیامت مگر جمعہ کے دن روایت کیا اسحدیث کو امام مسلم اور ترمذی نے اور
کہا اسکو ترمذی نے اور ابو لبابہ بدری سے مروی ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا دنون کا سردار جمعہ
ن ہی اور سب دنون مین سی بزرگی والا اللہ کے پاس اور وہ بزرگ ہے اللہ کی پاس فطر کے دن اور بقر عید کے دن
ے اور بدن کی پانچ خصلتین مین پیدا کیا اللہ عزوجل نے اسمین آدم علیہ السلام کو اور اتارا اللہ تعالیٰ نے اسمین آدم
یہ السلام کو زمین کیطرف اور مارا اسمین آدم علیہ السلام کو اور بدن مین ایک ساعت ہی کہ نہین مانگتا بندہ اس
ساعت مین (اللہ سے) کچھ مگر وہ چیز اللہ اسکو دیدیتا ہے جب تک نہ سوال کرے حرام کا اور اسمین قیامت کھڑی
ہوگی نہین ہے کوئی فرشتہ مقرب نہ آسمان اور نہ زمین اور نہ ہوائین اور نہ پہاڑ اور نہ دریا مگر یہ سب کے سب خوف کرتے
ین جمعہ کے دن ہی روایت کیا اسکو امام احمد اور ابن ماجہ نے اور ابو ہریرہ رضی سے مروی ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ
سلم نے فرمایا جمعہ مین ایک ساعت ہی نہین پاتا اسکو کوئی مسلمان اور وہ کھڑا نماز پڑھ رہا ہو مانگتا ہو اللہ عزوجل
سے کوئی مگر وہ چیز اسکو اللہ تعالیٰ دیدیتا ہے اور اپنے ہاتھ کے ساتھ اس ساعت کے تھوڑا ہونیکی طرف اشارہ کیا
روایت کیا اسحدیث کو جماعت نے مگر ترمذی اور ابو داؤد نے نہین ذکر کیا قیام کا اور نہ ساعت اجابت کی قلت کا
امام ہمام علامہ محمد بن علی شوکانی نے پہلی حدیث کو نسائی اور ابو داؤد نے بھی نکالا اور رہی دوسری حدیث
کہا عراقی نے اسکا اسناد حسن ہے اور تیسری حدیث مین ترمذی اور ابو داؤد نے اتنا زیادہ کیا کہ ابو ہریرہ نے کہا
پھر مین ملا عبد اللہ بن سلام کو اور مینے اس سے یہ حدیث بیان کی تو وہ بولا مین ساعت اجابت کو خوب جانتا ہون
مینے کہا آپ مجھے بتلا دیدو کونسی ساعت ہے تو کہا عبد اللہ نے وہ جمعہ کے دن کی پچھلی گھڑی ہے اسیطرح ہے
داؤد کے پاس اور ترمذی کے پاس ہے کہ ساعت اجابت عصر کے بعد ہے سو برابر ڈوبنے تک اور پہلی حدیث
دلیل لی گئی ہے کہ جمعہ کا دن سب دنون سے فضیلت والا دن ہے اور اسی کے ساتھ ابن العربی نے جزم
شکل ہے اس صورت پر وہ جسکو روایت کیا ابن حبان نے اپنی صحیح مین عبد اللہ بن قرط کی حدیث سی کہ رسول
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا افضل دن اللہ کے نزدیک بقر عید کا دن ہی اور یہ حدیث ابواب الضحایا کے آخر

مین اوپر کی آیت کی تطبیق وہان درمیان اسحدیث کے اور اسحدیث کے جسکو ابن [illegible]
جابر رضہ سے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کوئی ان اللہ تعالی کے نزدیک عرفہ کے دن سے [illegible]
انشاء اللہ تعالی اور تحقیق جمع کیا ہے عراقی نے درمیان حدیثون کے اور کہا ہے کہ جمعہ باعتبار ہفتہ کے دنون
ہے اور عرفہ کا دن باعتبار سال کے دنون کے افضل ہے اور عراقی نے تصریح کی ہے کہ جس
جمعہ کی افضلیت ہونیکا بیان ہے وہ حدیث بہت صحیح ہے کہا صاحب مفہم نے خیر اور شر کا وزن اسم استعمال کیا جاتا
کے لیے اور غیر تفضیل کے لیے جبکہ دونو صیغے تفضیل کے لیے ہون تو انکا اصل خیر اور شر ہوتا ہے افعل کے وزن
جب تفضیل کے لیے مستعمل نہ ہون تو یہ دونو من جملہ اسماء کے ہین جسپر اللہ تعالی نے فرمایا ان ترک خیرا اور فرمایا
فیہ خیر کثیر کہا صاحب مفہم نے اور بابا کہ حدیث مین خیر افعل کے معنے مین مستعمل ہے اور معنے اسکے حدیث مین
کہ جمعہ کا دن ہر اسدن سے افضل ہے جسمین آفتاب نکلے اور ظاہر حدیث کا یہ ہے کہ جمعہ کا دن جنت کے دنون مین بہتر ہو
اور ممکن ہے کہ باعتبار کا اعتبار نکیا جاوے اور جمعہ کا دن جنت کے دنون مین بھی ایسا ہی بہتر ہو جیسے دنیا کے دنون
مین بہتر ہے اسلیے کہ وارد ہوا ہے کہ بہشت والے اسدن مین اللہ تعالی کی زیارت کرینگے اور جواب دیا گیا ہے
نہین جانتے کہ اسدن کا نام بہشت مین بھی جمعہ کا دن کہا جاویگا اور جو وارد ہوا ہے کہ مسلمان اپنے رب کی زیارت
کیا کرینگے جمعہ گذرنیکے پیچھے جیسے ابو ہریرہ کی حدیث مین ہے ترمذی اور ابن ماجہ کے پاس کہا مجھے خبر دی رسول اللہ
اللہ علیہ وسلم نے کہ بہشت والے جب بہشت مین جاوینگے تو اسمین اترینگے اپنے عملون کے موافق تو اجازت دیگئی
انکے لیے جمعہ کے دن کی اندازے مین دنیا کے دنون سے پہر وہ زیارت کرینگے آخر حدیث تک اور اسحدیث مین
ہے کہ آدم علیہ السلام بہشت مین پیدا نہین ہوئے بلکہ بہشت سے باہر پیدا کر کے بہشت مین داخل کیے گئے اور ساعت
مین حافظ صاحب کی وہی ساری تقریر نقل کی جو فتح سے مذکور ہوئی اور ابو موسی رضہ سے روایت ہے کہ [illegible]
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرماتے تھے جمعہ کی ساعت مین وہ امام کے منبر پر بیٹھنے کے وقت سے لیکر نماز تک [illegible]
پورا کرے روایت کیا اسکو امام مسلم اور ابو داؤد نے اور عمرو بن عوف مزنی رضہ سے روایت ہے کہ حضرت [illegible]
وسلم نے فرمایا جمعہ کے دن مین ایک ساعت ہے نہین مانگتا اللہ تعالی سے اس ساعت مین بندہ کچھ مگر [illegible]
اسکو وہ چیز لوگون نے عرض کیا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ کونسی ساعت ہے فرمایا جب نماز کے
ہونے تک روایت کیا اسکو ابن ماجہ اور ترمذی نے علامہ شوکانی نے ابو موسی کی حدیث مین [illegible]
علت بیان کی جو حافظ صاحب کی فتح سے مذکور ہوئی کہا امام ہمام علامہ [illegible]

Marfat.com

...ہون نے ادہر اُدہر دیکھا تو وہ کیا دیکھتے ہین کہ حبیب حرم
...ب پر یہ کلمہ کہتے ہوئے السلام علیک ایہا النبی متوجہ ہوئے انتہی اور ابن مسعود کی
...یہ حدیث وارد ہوئی ہے جس سے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے اور آپ کے بعد کے
...علوم ہوتی ہے اسی بخاری کی کتاب الاستیذان مین ابو معمر کے طریق سے ہی انہی مین مسعود سے
...م علیک ایہا النبی اور آپ ہمارے درمیان موجود تھے جب آپ فوت ہو گئے تو ہم کہنے لگے السلام
...شرح مسلم مین اسی روایت کو صرف ابو عوانہ سے ذکر کر کے کہا اگر یہ بات صحابہ سے ثابت ہو جاوے
...کہا جاویگا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد آپکے سلام مین خطاب واجب نہین اور یون
...السلام علی النبی حافظ ابن حجر کہتے ہین مین کہتا ہون یہ روایت بلاشبہ صحیح ہے اور اسکا ایک متابع قوی بھی موجود
...ان نے اپنی اسناد کی ساتھ عطاء سے نکالا کہ صحابہ کہا کرتے تھے حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
...السلام علیک ایہا النبی تو جب آپ نے وفات پائی کہنے لگے السلام علی النبی اور یہ اسناد صحیح ہے اور سعید بن
...ابو عبیدہ کے طریق سے اپنے باپ عبداللہ سے نکالا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمکو
...تشہد پڑہا تو عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنہما نے فرمایا ہم تو کہا کرتے تھے خطاب کے ساتھ جب آپ
...بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہمکو آپ نے اسی طرح سکہایا اور اسی طرح ہم جانتے ہین تو ظاہر یہ ہے
...ان سے سماعت کیا لیکن انہون نے نہین مانا اور ابو معمر کی روایت بہت صحیح ہے کیونکہ ابو عبیدہ
...بن مسعود سے نہین سنا اور بعد تک سنا و ابو عبیدہ تک بھی ضعیف ہے اگر کہا جاوے رسالت
...کی وصف کیطرف کیون عدول کیا باوجود اسکے رسالت کی وصف نبوت کی وصف سے افضل ہے
...بعض نے اسکا یہ جواب دیا ہے کہ حکمت اسمین ہے کہ آپکی دونو صفتین ظاہر ہو جاوین کیونکہ تشہد
...رسالت کا ہی بیان ہے اگرچہ بشر کے رسول ہونیکو نبوت لازم ہے لیکن دونون صفتون کی
...سے اور نبوت کی وصف کے مقدم کرنے مین یہ حکمت ہے کہ خارج مین ہی وصف نبوت کا وجود
...علق پہلے نازل ہوئی ہے اور مدثر پیچھے واللہ اعلم **ت** اور اللہ کی رحمت اور
ف اس سے دلیل لی ہے کہ دعا مین اپنے نفس سے ابتدا کرنا مستحب ہے اور ترمذی نے
...کو صحیح ہی کہا کہ رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کسی کو یاد کرتے اور اسکے واسطے
...تے اور کہا جاتا ہے مسلم مین ہے اور اسی قبیل سے ہین نوح اور ابراہیم علیہما السلام

روی نے مسلم کی شرح مین اپنے اس قول کے ساتھہ کہ یہ جبکا استدراک کیا ہے دارقطنی نے مبنی ہی اسکے مشہور قاعدے
اکثر محدثین کے قاعدے پر کہ جب حدیث کی روایت مین وقف اور رفع یا ارسال اور اتصال کا تعارض ہو تو فیصلہ کرتے ہین
کے ساتھہ یا ارسال کے ساتھہ اور یہ قاعدہ ضعیف ہے کہا اور بہت درست وہ طریقہ اصولیون اور فقہا اور بخاری اور مسلم
اکثر محدثین کا ہے کہ فیصلہ کیا جاتا ہے ایسے تعارض کے وقت رفع یا اتصال کے ساتھہ کیونکہ وہ ثقہ کی زیادت ہی انتہے
دوسری حدیث جو باب مین مذکور ہے اسکو ترمذی نے حسن کہا ہے اور اسکی اسناد مین کثیر بن عبداللہ بن عمرو بن عوف
جسکے ضعف پر جرح اور تعدیل کے اماموں کا اتفاق ہے اور ترمذی نے حسن کی تعریف مین شرط لگائی ہے کہ
حدیث کی سند مین کوئی شخص جھوٹ کے ساتھہ متہم نہ ہو اور یہ کثیر جو اسحدیث کا راوی ہے کہا امام شافعی نے کہ یہ رکن
ہے کذب کے رکنون سے اور ترمذی نے اسکے چند حدیثون کو حسن قرار دیا ہے اور اسکی حدیث الصلح جائز بین المسلمین کو
صحیح بتایا ہے کہا امام ذہبی نے میزان الاعتدال مین اسی لیے نہین اعتماد کرتے علما ترمذی کی تصحیح پر کہا عراقی نے
ذہبی کا یہ طعن امام ترمذی کے حق مین مقبول نہین ہے اور امام ترمذی کو اس شخص نے جاہل قرار دیا ہے جو اسکو نہین پہچانتا
جیسے ابن حزم علیہ الرحمۃ ورنہ امام ترمذی امام معتمد علیہ ہے اور بعض آدمیون کے حق مین امام ترمذی کے اجتہاد کا اسکے
غیر کے اجتہاد کے مخالف ہونا کچھہ ضرر نہین ہے اور گویا اختیار کیا امام ترمذی نے اسکے حق مین اسکو جسکو اختیار کیا امام
بخاری نے پس روایت کیا امام ترمذی نے امام بخاری سے کہ کہا امام بخاری نے کثیر بن عبداللہ بن عمرو بن عوف عن ابیہ عن جدہ کہ حدیث عیدین کی تکبیر وغیرہ کے یہ حدیث
حسن ہے اور شاید امام ترمذی علیہ الرحمۃ نے حکم لگایا ہے کثیر کی حدیث پر حسن ہونیکے ساتھہ باعتبار شواہد کے کیونکہ کثیر
کی یہ حدیث ابوموسی کی حدیث کے معنے مین ہی جو باب مین مذکور ہوئی اور باب کی دونو حدیثین دلالت کرتی ہین کہ ساعت
اجابت وہ جمعہ کی نماز کے وقت ہی امام کے منبر پر بیٹھنے کے وقت یا اقامت کے وقت سے لیکر نماز سے فارغ ہونے تک اور
حافظ صاحب کی تقریر مین گذر چکا کہ جن حدیثون مین اس امر کی تصریح ہے کہ ساعت اجابت عصر کے بعد ہے ان حدیثون کو دوسری
حدیثون پر ترجیح ہے اور ان حدیثون کا بیان آتا ہے انشاء اللہ تعالی عبداللہ بن سلام سے مروی ہی کہا مینے کہا اور رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وآلہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے ہم پاتے ہین اللہ تعالی کی کتاب مین کہ جمعہ کے دن مین ایک ساعت ہی نہین پاتا اسکو
کوئی بندہ مسلمان حالانکہ نماز پڑہتا ہو مانگتا ہو اللہ عزوجل سے اس ساعت مین کوئی چیز مگر اللہ تعالی اسکی حاجت پوری
کیا ہے تو میرے یا طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اشارہ کیا اور فرمایا (ساعت ہی) یا بعض ساعت مینے عرض
کیا ہم نے فرمایا (ساعت ہی) یا بعض ساعت مینے عرض کیا وہ کونسی ساعت ہے فرمایا وہ دن کی گھڑیون مین سے
گھڑی ہے مینے عرض کیا وہ تو نماز کی گھڑی نہین ہے فرمایا بیشک وہ نماز کی گھڑی نہین ہے بندہ مسلمان

جب نماز پڑہتا ہے پھر بیٹھا رہتا ہے نہیں بیٹھتا اسکو مگر نماز تو وہ نماز ہی میں ہے روایت کیا اسکو ابن ما
ابو سعید اور ابو ہریرہ رضہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جمعہ (کے دن) میں ایک گھڑی
نہیں پاتا اسکو کوئی مسلمان بندہ مانگتا ہوا اللہ عزوجل سے اس ساعت میں بھلائی مگر دیتا ہے اسکو وہ بھلائی اور
عصر کے بعد ہے روایت اسکو امام احمد نے اور جابر رضہ سے مروی ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جمعہ کی
ساعتیں ہیں انمیں سے ایک ساعت ہے نہیں پاتا اسکو کوئی بندہ مسلمان مانگتا ہوا اللہ سے کوئی چیز مگر اللہ تعالی دیتا ہے
چیز اور ڈھونڈو اس ساعت کو پچھلی ساعت میں عصر کے بعد روایت کیا اسکو نسائی اور ابو داؤد نے اور ابو سلمہ بن ع
سے مروی ہے کہ کچھ لوگ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ میں سے جمع ہوئے اور انہوں نے جمعہ کے دن کی ساعت اجا
آپسمیں ذکر کیا پھر وہ جدا ہوئے اور انہوں نے اختلاف نہیں کیا اسمیں کہ وہ جمعہ کے دن کی پچھلی گھڑی ہے روایت
اسکو سعید بن منصور نے اپنے سنن میں اور کہا امام احمد بن حنبل نے بہت حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ ساعت اجابت جمعہ کی
جسمیں دعا مقبول ہوتی ہے عصر کی نماز کے بعد ہے اور سورج ڈھلنے کے بعد بھی امید کیجاتی ہے کہا امام ہمام علامہ محمد بن ع
شوکانی نے پہلی حدیث کو ابن ماجہ نے مرفوع بیان کیا جیسے مصنف نے مرفوع بیان کیا اور وہ ابو النضر کے طریق
اسنے ابو سلمہ سے اسنے عبد اللہ بن سلام سے کہا میں نے کیا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے آخر حدیث تک
کیا اسکو امام مالک اور سنن والوں اور ابن خزیمہ اور ابن حبان نے محمد بن ابراہیم کے طریق سے اسنے ابو سلمہ سے اسنے
سے اسنے عبد اللہ بن سلام سے عبد اللہ بن سلام کا قول اور دوسری حدیث کو روایت کیا بزار نے ابو ہریرہ رضہ سے اور
عبد اللہ بن سلام سے اسکی اسناد کے ساتھ جسکو عراقی نے صحیح کہا اور کہا ہیثمی نے مجمع زوائد میں اور ان دونوں کے راوی
راوی ہیں اور تیسری حدیث کو نکالا حاکم نے مستدرک میں اور کہا صحیح ہے مسلم کی شرط پر اور حافظ نے فتح میں اسکی اسناد
کہا اور وہ اثر جسکو ابو سلمہ بن عبد الرحمن نے صحابہ کی جماعت سے روایت کیا کہا حافظ نے فتح میں اسکا اسناد حسن ہے اور
مروی ہے انس رضہ سے ترمذی کے پاس حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ ڈھونڈو ساعت اجابت کو جمعہ کے دن
بعد سورج ڈوبنے تک اور اسکی اسناد میں محمد بن ابی حمید ضعیف ہے اور متابعت کی ہے محمد بن ابی حمید کی ابن لہ
جیسے روایت کیا اسکو طبرانی نے اوسط میں اور مروی ہے اسباب میں فاطمہ علیہا السلام سے اور وہ عد
کے ابتدا میں گذری اور مروی ہے ابو ذر سے ابن عبد البر کے پاس تمہید میں اور ابن بشکوال کے پاس ا
ہے سلمان سے اشارہ کیا اسکی طرف ترمذی نے اور وہ حدیثیں جو باب میں مذکور ہوئیں دلالت کرتی ا
ساعت اجابت جسکی تعیین میں اختلاف گذرا وہ جمعہ کے دن کی پچھلی ساعت ہے اور خلاف میں

ور گذر چکا بیان جمہ کا درمیان بعض حدیثون کے اور گذر چکی ترجیح بعض حدیثون کی بعض پر اور گذر چکی
ت کہ ساعت اجابت دنکی پچھلی ساعت ہی اور اس قول کو سب قولون مین ترجیح ہے اور گئی ہین جمہور صحابہ اور
ی اور اکثر امام اسی طرف اور وہ حدیثین جنمین ساعت اجابت کی مطلقاً عصر کے بعد ہونیکا بیان ہی اور آخر ساعت
ین تعیین نہین ہی وہ اس قول کے معارض نہین ہین سلیے کہ یہ حدیثین ان حدیثون پر محمول ہین جنمین ساعت اجابت
کے بعد آخر ساعت ہونیکا بیان ہے اور مطلق کا مقید پر حمل کرنا متعین ہے جیسی اصول مین ثابت ہو چکا ہے
ی وہ حدیثین جنمین اسبات کی صراحت ہے کہ ساعت اجابت نماز کے وقت مین ہے تو تو پہچان چکا کہ یہ حدیثین
ہین اور باقی رہی کلام ابو سعید کی حدیث مین جسکو نکالا امام اور ابن خزیمہ اور حاکم نے اس لفظ کے ساتھہ کہ مینے
ت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ساعت اجابت کی بابت پوچھا تو آپنے فرمایا مین اسکو جانتا تھا پھر مین اسکو بھلایا گیا
ے بقدر کو بھلایا گیا کہا عراقی نے اور اسحدیث کے راوی صحیح کے راوی ہین اور اسکا یہ جواب دیا گیا ہے کہ حضرت صلی اللہ
آلہ وسلم کا ساعت اجابت کو بھول جانا ان حدیثون مین قادح نہین ہے جنمین تعیین کا بیان ہے ہو سکتا ہی کہ جنمی
ین کو روایت کیا ہی اسی حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تعیین آپکے بھول جانے سے پہلے سنی ہو جیسی بیہقی نے کہا
حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمکو ساعت اجابت کی تعیین بلاشبہ پہونچادی اب آپکا اسکی تعیین کو بھول جانا آپ کی
ین تبلای ہوئی کا ناسخ نہین ہے اور یوس بن ادس سے روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تمہارے دنون مین بہتر دن
کا دن ہے اسی مین آدم علیہ السلام پیدا ہوئے اور اسی مین فوت ہوئے اور اسی مین پہلا نفخہ ہوگا اور اسی مین صعقہ ہوگا
پس اس دن مین بہت درود بھیجا کرو اسلیے کہ تمہارا درود مجھپر پیش ہوتا ہے صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم اور کسطرح ہمارا درود آپ پر پیش کیا جاویگا اور آپ بوسیدہ ہو جاوینگے تو آپنے فرمایا اللہ عزوجل نے حرام
کیا ہے زمین پر پیغمبرون کے جسمون کا کہانا روایت کیا اسکو پانچون اماسون نے مگر ترمذی نے اور ابو الدرداء
رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بہت درود بھیجو مجھپر جمعہ کے دن اسلیے
کہ اس دن مین فرشتے حاضر ہوتے ہین اور کوئی شخص مجھپر درود نہین بھیجتا مگر مجھپر اسکا درود پیش کیا جاتا ہے یہان
تک وہ شخص درود سے فارغ ہو روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور خالد بن معدان رضہ سے روایت ہی کہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مجھپر ہر جمعہ کے دن بہت درود بھیجا کرو اسلیے کہ میری امت کا درود پیش کیا جاتا
ہر جمعہ کے دن روایت کیا اسکو سعید بن منصور نے اپنے سنن مین اور صفوان بن سلیم رضہ سے روایت ہی کہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب جمعہ کا دن ہو اور اسکی رات تو مجھپر بہت درود بھیجا کرو روایت کیا امام شافعی نے

اور یہ حدیث اور اس سے پہلی حدیث دونو مرسل ہین کہا شوکانی نے نیل الاوطار
صحیح مین بھی نکالا اور حاکم نے مستدرک مین اور کہا صحیح ہے بخاری کی شرط پر لیکن بخاری اور مسلم نے
نکالا اور ذکر کیا اسکو ابن ابی حاتم نے علل مین اور ابن ابی حاتم نے اپنے باپ سے حکایت کیا کہ یہ حدیث
اسحدیث کی اسناد مین عبدالرحمن بن یزید بن جابر ہے اور وہ منکر الحدیث ہے اور بخاری سے اپنی تاریخ
کہ یہ شخص عبدالرحمن بن یزید بن تمیم ہے اور کہا ابن العربی نے کہ یہ حدیث ثابت نہین ہوئی اور دوسری
کی بابت عراقی نے ترمذی کی شرح مین کہا کہ اسحدیث کے راوی پکے ہین مگر اسکی اسناد مین انقطاع ہے اسواسطے
اسناد مین زید بن ایمن عبادہ بن نسی سے روایت کرتا ہے اور عبادہ ابوالدرداء سے روایت کرتا ہے
بخاری علیہ الرحمۃ نے زید بن ایمن کی روایت عبادہ بن نسی سے مرسل ہے اور تیسری چوتھی حدیثین مرسل
مصنف نے کہا کیونکہ خالد بن معدان جو تیسری حدیث کا راوی ہے اور صفوان بن سلیم جو پہلی حدیث کا
ہے ان دونون نے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نہین پایا اور اس باب مین روایت ہے شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے ابن ماجہ
کے پاس کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تمہارے دنون مین بہتر دن جمعہ کا دن ہے اوس بن اوس کی حدیث
کیطرح اور ابومسعود انصاری سے روایت ہے بیہقی کے پاس اسکی کتاب حیوۃ الانبیا مین کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
فرمایا مجھپر بہت درود بھیجا کرو جمعہ کے دن کیونکہ کوئی شخص مجھپر جمعہ کے دن درود نہین بھیجتا مگر اسکا درود مجھپر
کیا جاتا ہے کہا بیہقی نے کہا ابوعبداللہ حاکم نے ابورافع جو اسحدیث کی سند مین مذکور ہے وہ اسمعیل بن رافع
عراقی نے ثقہ کہا اسکو بخاری نے اور ضعیف کیا اسکو نسائی نے اور روایت کیا اسحدیث کو بیہقی نے
مین اور ابن ابی عاصم نے اس طریق سے اور بیہقی نے سنن مین ایک اور حدیث بھی نکالی اس لفظ کے ساتھ
کے دن اور اسکی رات مین بہت درود بھیجا کرو جو شخص مجھپر ایک بار درود بھیجتا ہے اللہ تعالی اسپر دس رحمتین
کہا شوکانی نے ان حدیثون سے معلوم ہوا کہ جمعہ کے دن حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بہت درود بھیجنا
اور یہ کہ درود پیش کیا جاتا ہے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور یہ کہ آپ زندہ ہین اپنی قبر مین اور ابن ماجہ
کے ساتھ نکالا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ابوالدرداء کو اللہ عزوجل نے حرام کیا ہے زمین پر
جسمو نکا کھانا اور طبرانی کی روایت مین ہے کوئی بندہ مجھپر درود نہین بھیجتا مگر مجھتک اسکا درود پہنچ جاتا ہے
اور آپکی وفات کے بعد بھی) فرمایا اور میری وفات کے بعد بھی اللہ عزوجل نے حرام کر دیا ہے
کا کھانا اور کہی ہے محققین کی ایک جماعت نے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

...ے ہین اپنی امت کے فرمانبردارون کے ساتھہ اور یہ کہ سب پیغمبر (اپنی قبرون مین) بودے نہین ہوتے باوجود ...ن اور اک جیسے جاتا اور ستا ثابت ہے سب مردون کے واسطے اور ثابت ہوا ہے ابن عباس رض سے مرفوعاً کہ کوئی شخص ...مون کی قبر پر نہین گزرتا جسکو یہ دنیا مین پہچانتا تہا پہر اسپر سلام کرتا ہے مگر وہ اسکو پہچان لیتا ہے اور ...لام کا جواب دیتا ہے اور ابن ابی الدنیا نے روایت کیا کہ جب آدمی کسی قبر پر سے گذرتا ہے جسکو یہ ...تا (دنیا مین) اور اسپر سلام کرتا ہے تو وہ اسکے سلام کا جواب دیتا ہے اور اسکو پہچان لیتا ہے اور جب ...س کی قبر پر گذرتا ہے جسکو یہ (دنیا مین) نہین پہچانتا تہا تو وہ صرف اسکے سلام کا جواب دیتا ہے اور ثابت ...ے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نکلا کرتے بقیع کیطرف مردونکی زیارت کے لیے اور سلام کرتے انپر اور اللہ کی ...ین بعض وارد ہوا ہے شہدا کے بارے مین کہ وہ زندہ ہین روزی دیے جاتی ہین اپنے رب کے پاس اور حیات انمین جسم کے ...متعلق ہے تو پہر انبیا اور مرسلین کا شان تو انسے بالاتر و اعلے تر ہے ؎

چہ نسبت خاک را با عالم پاک

...ث مین ثابت ہوا ہے کہ پیغمبر اپنے قبرون مین زندہ ہین روایت کیا اسکو منذری نے اور صحیح کہا اسکو بیہقی ...صحیح مسلم مین ہے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ فرمایا مین گذرا معراج کی رات موسی علیہ السلام کی قبر پر خ...کے پاس تو آپ کہڑے نماز پڑھ رہے تہے ؎

فیارب صل وسلم دائما ابدا علی نبیک خیر الخلق کلهم

...ب کہ حدیث کو مسلم اور نسائی نے کتاب الجمعہ مین **باب** اِذَا نَفَرَ النَّاسُ عَنِ الْاِمَامِ فِی صَلٰوۃِ الْجُمُعَۃِ وَصَلٰوۃِ الْاِمَامِ وَمَنْ بَقِیَ جَازَتْ ۔ اگر جمعہ کی نماز مین لوگ امام کو چھوڑ کر چلے جاوین تو امام اور باقی مقتدیون کی ...ہ ہو جاتی ہے اور انکے چلے جانے سے باقی لوگون کی نماز مین کسی طرح کا نقصان نہین آتا **ف** ...نے کہا ترجمہ باب سے ظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ جتنے لوگون کے ساتھہ جمعہ قائم کرنا صحیح ہوتا ہے اول لوگون ...کے ساتھہ اول سے آخر تک رہنا جمعہ کی نماز صحیح ہونے مین شرط نہین ہے صرف تکبیر تحریمہ مین ان ...موجود ہونا شرط ہے اب اگر مقتدی اپنے پیچہے سے نماز کو توڑ کر چلے جاوین تو باقی لوگون کی نماز ...خلل نہین آتا اور جتنے لوگون کے ساتھہ جمعہ قائم ہوتا ہے انکی تعداد کو امام بخاری نے اسلیے بیان ...نہین کیا کہ جو حدیث مین تعداد مذکور ہے وہ حدیث امام بخاری علیہ الرحمۃ کی شرط پر نہین ہے اور عالمون کے ...درمیان کہ جمعہ کی نماز قائم کرنے مین کتنے آدمیون کا ہونا شرط ہے پندرہ قول مین پہلا

قول فقط ایک آدمی کے ساتھہ نماز جمعہ کی صحیح ہو جاتی ہے نقل کیا ہے اسکو ابن حزم نے اور
آدمیوں کے ساتھہ صحیح ہوتی ہے اور یہی قول ہے نخعی اور ظاہریہ اور حسن بن حی کا تیسرا قول امام سے
ہون اور یہ قول امام ابو یوسف اور امام محمد علیہما الرحمۃ کا ہے چوتھا قول امام کے سوا تین آدمی اور ہون یہ
علیہ الرحمۃ کا ہے پانچوان قول یہ ہے کہ سات آدمی ہون اور یہ عکرمہ کا قول ہے چھٹا قول یہ ہے کہ نو آدمی
ربیعہ کا قول ہے ساتوان قول یہ ہے کہ بارہ آدمی ہون اور یہ بھی ربیعہ کا ایک قول ہے آٹھوان قول یہ ہے کہ
بارہ آدمی ہون اور یہ اسحاق کا قول ہے نوان قول یہ ہے کہ بیس آدمی ہون اور یہ امام مالک کا قول ہے ابن حبیب
ہین دسوان قول یہ ہے کہ تیس آدمی ہون گیارہوان قول یہ ہے کہ امام سمیت چالیس آدمی ہون اور یہ امام شا
ہے بارہوان قول یہ ہے کہ سوا امام کے چالیس آدمی ہون اور یہ بھی امام شافعی کا ایک قول ہے اور یہی عمر بن عبد
اور ایک جماعت کا قول ہے تیرہوان قول یہ ہے کہ پچاس آدمی ہون یہ قول مروی ہے امام احمد سے ایک روا
اور یہ قول عمر بن عبد العزیز سے بھی حکایت کیا گیا ہے چودہوان قول یہ ہے کہ انہی آدمی ہون حکایت کیا اسکو
نے پندرہوان قول یہ ہے کہ بہت لوگ ہون سوا کسی قید کے اور باعتبار دلیل کے یہ آخر کا قول راجح معلوم ہوتا
انتہے ما فی الفتح **حدثنا** معاویۃ بن عمرو قال حدثنا زائدۃ عن حصین عن سالم بن ابی الجعد قال
جابر بن عبد اللہ قال بینما نحن نصلی مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذ اقبلت عیر تحمل طعاما
الیہا حتی ما بقی مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم الا اثنا عشر رجلا فنزلت ہذہ الایۃ واذا رأوا تجارۃ
او لہوا انفضوا الیہا وترکوک قائما جابر بن عبد اللہ رضہ سے روایت ہے کہ ایک بار ہم حضرت صلی اللہ
سلم کے ساتھہ نماز پڑھہ رہے تھے **ف** خالد کی روایت مین ہے جو ابو نعیم کے پاس اسکی مستخرج مین مذکور ہے کہ
صلے اللہ علیہ وآلہ کے ساتھہ نماز مین تھے اور ہشیم کی روایت مین ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے تھے
اپنی صحیح مین اور ترمذی اور دار قطنی نے ابو عوانہ کے طریق سے زیادہ کیا آپ خطبہ پڑھہ رہے تھے اور اسی طرح
کے پاس عباد بن عوام کے طریق سے اور عبد بن حمید کے پاس سلیمان بن کثیر کے طریق سے ان دونون سے
اور ایسے واقع ہوا ہے قیس بن ربیع اور اسرائیل کی روایت مین اور اسی کی مثل ہے ابن عباس کی حدیث مین
اور ابو ہریرہ کی حدیث مین طبرانی کے پاس اسکے اوسط مین اور قتادہ کی مرسل مین طبرانی کے پاس
جابر بن عبد اللہ کے قول مینا نحن نصلی کے معنے یہ ہونگے کہ ہم نماز کے منتظر تھے اور اسکے قول فی
الخطبہ مراد ہوگا اور یہ شے کو قریب چیز کے ساتھہ نام کہنے کے قبیل سے ہے اور اسکے ساتھہ دونون

ہے اور تائید کرتا ہے اس جمعہ کی عبداللہ بن مسعود کا استدلال خطبہ مین کھڑے ہونے پر آیت مذکورہ کے ساتھ جسکو
نے صحیح اسناد کے نکالا اور اسیطرح دلیل لی اس سے کعب بن عجرہ نے صحیح مسلم مین الی آخر ما قال فی الفتح ف کہ ایک قافلہ
ہ لاتے ہوئے ف حافظ نے کہا نقل کیا عبدالحق کے بیٹے نے اپنے جمع بین الصحیحین مین کہ بخاری نے جابر بن عبداللہ
قول اذا اقبلت عیر کو نہین نکالا اور یہ عبدالحق کے بیٹے کی غفلت ہے ہان یہ جملہ ساقط ہے بخاری کی کتاب التفسیر مین اور ثابت
ہے یہ جملہ بیان اور بیوع کے ابتدا مین اور اسمین زیادہ کیا کہ وہ قافلہ شام سے آیا اور طبری کے نزدیک واقع ہوا ہے
بعض غلا لایا تہا وہ دحیہ بن خلیفہ کلبی تہا اور اسکی مثل ہے ابن عباس کی حدیث مین بزار کے پاس اور ابن مردویہ کے لیے
ل کے طریق سے انہی ابن عباس رض سے کہ عبدالرحمان بن عوف کا قافلہ آیا اور ان دونو روایتون مین یون تطبیق دی گئی ہے کہ
جارت عبدالرحمن بن عوف رض کی تہی اور دحیہ بن خلیفہ کلبی اس تجارت مین سفیر تہے یا دحیہ نے عبدالرحمن سے روپیہ مضاربت کے
ور پر لیا تہا اور واقع ہوا ہے ابن وہب کی روایت مین لیث سے کہ وہ تجارت دبرہ کلبی کی تہی اور اسکے درمیان یون جمع
یان کی گئی ہے کہ دبرہ دحیہ کا رفیق تہا ت تو لوگ (نماز چہوڑکر) اسکی طرف چلے گئے ف ابن فضیل کی روایت
ین ہے کتاب البیوع مین ما نفض الناس یعنے لوگ کہنڈ گئے اور یہ روایت قرآن کے لفظ کے مطابق ہے اور دلالت کرتی
ہے کہ التفات سے باب کی حدیث مین جانا مراد ہے اور اسمین دہے اس شخص پر جسنے التفات کو اپنے ظاہر پر حمل کیا اور کہا کہ اس سے
ین سمجہا جاتا کہ وہ نماز کو چہوڑکر چلے گئے اور اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ انہون نے اپنے منہ یا اپنے دل اسطرف کیے
ہر ہی نماز کی ہیئت تو وہ باقی رہی دوسری خرابی یہ ہے کہ التفات کو اپنے ظاہر معنے پر حمل کرنے سے معلوم ہوتا ہے
واقع نماز مین وقوع مین آیا اور ہم ثابت کر چکے کہ لوگون کا کہنڈنا خطبہ مین واقع ہوا اگر بات ویسی ہی ہوتی
ے ابن جوزی نے کہا تو اسقدر سخت انکار واقع نہ ہوتا کیونکہ نماز مین ادہر ادہر دیکہنا سننے کے منافی نہین ہے
خالف ہوا ہے اسکا قائل حدیث کے باقی لفظون سے ت یہانتک کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ
ہ آدمیون کے سوا کوئی شخص باقی نہ رہا اسوقت یہ آیت نازل ہوئی وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوًا انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَ
تَرَكُوْكَ قَآئِمًا یعنے اور جب دیکہین سودا بکتا یا کچہ تماشا کہنڈ جاوین اسکی طرف اور تجہکو چہوڑ جاوین کہڑا ف
نے کہا طبری اور ابن ابی حاتم کی تفسیر مین صحیح سند کے ساتھ ابو قتادہ تک واقع ہوا ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ و
نے انکو فرمایا تم کتنے لوگ ہو تو انہون نے اپنے آپ کو شمار کیا تو وہ بارہ آدمی تہے اور ایک عورت اور اسمعیل
ی یا دشامی کی تفسیر مین واقع ہوا ہے کہ اور دو عورتین تہین اور ابن مردویہ کے پاس ابن عباس کی حدیث مین
